Posted on Kitab Nagri




کتاب نگری

www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہو ادنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

samiyach02@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Page/Social Media Digest

Fb/Pg/Kitab Nagri

samiyach02@gmail.com

Posted on Kitab Nagri

# کھٹے میٹھے رشتے

## از قلم۔۔علیشاء۔ناز

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کہاں سے آرہی ہو؟؟۔ازانے زوہا کی آنکھوں میں چمک دیکھتے ہوئے حیرت سے پوچھا۔۔۔۔۔یہ ہیں ازاء معصوم اور شریف سی لڑکی آنکھوں پر گلاسز لگائے۔۔۔لمبے بال۔۔اور گالوں پر پڑتا ڈمپل انہیں مزید پیارا بناتا ہے۔۔۔

دیکھو اگر میں نے تمہیں بتا بھی دیا تو تمہیں یقین نہیں آئیگا۔۔اسلئے سو جاؤ۔۔۔۔۔۔یہ ہیں زوہا ازا کی جڑواں بہن۔۔انتہائی قسم کی ڈھیٹ،ضدی،،اور شرارتی۔۔۔۔

نہیں مجھے بتاؤ پکا میں یقین کرلوں گی۔۔۔ازانے معصومیت سے کہا۔۔

Posted on Kitab Nagri

ٹھیک ہے پھر سنو۔۔۔وہ جو سامنے والے گھر میں آنٹی رہتی ہیں نہ انکا جو بیٹا ہے نہ شفیق اُسکے ساتھ بھاگنے کا پلین بنا کے آرہی ہُوں۔۔۔زوہا بے تاثر بولی۔۔۔۔اور بیڈ پر سونے کے لئے لیٹ گئی۔۔۔۔

کیا زوہا۔۔۔؟؟؟تم پاگل ہو گئی ہو۔۔۔؟؟دادی جان کو پتا لگ گیا تو قیامت آجائے گی اور تایا جان ابو۔۔چچا جان۔۔۔افف تم نے سوچ بھی کیسے لیا کے تم شفیق۔۔۔۔ازا ابھی بول ہی رہی تھی کے اچانک رکی۔۔۔۔

افف دادی کی چیچی رک کیوں گئیں۔۔؟بولو۔۔۔۔

ایک سیکنڈ سامنے والی آنٹی کی تو صرف ایک ہی بیٹی ہے انکا تو بیٹا ہے ہی نہیں افف۔۔زوہا۔تم۔۔۔ازا نے اپنے سر پر ہاتھ مارا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہاہاہا۔۔۔تم کتنی بیوقوف ہو یار میری جڑواں بہن۔۔۔۔زوہا نے اِزا کی عقل پر ہنستے ہوئے کہا۔۔۔۔

زوہا تمہارا کچھ نہیں ہو سکتا۔۔۔ہونہہ سو جاؤ اور مجھے بھی سونے دو۔۔۔ازا نے کمرے کی لائٹس آف کیں اور لیٹ گئی۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ابھی تو صرف چار ہی بجے ہیں۔۔ سو جاؤ فائز۔۔ فائز نے ایک نگاہ گھڑی پر ڈالی اور واپس سو گیا۔۔

فائز۔۔۔فائز۔۔۔ کہاں ہو؟؟ کہا بھی تھا آج اتنی امورٹنٹ میٹنگ ہے مجال

ہے جلدی اٹھ جاؤ۔۔۔ یہ ہیں طلال یوسف صاحب جو کے بہت ہی سنجیدہ قسم کے انسان ہیں جن سے آپ کسی قسم کے مذاق کی اُمید نہیں کر سکتے۔۔ پورے گھر میں دادی کے بعد انہیں کا رعب ہے۔۔۔

جہ۔۔۔جی۔۔ بھائی۔۔؟؟ آنکھیں میچتے ہوئے ہوئے فائز نے ایک خوف بھری نگاہ طلال پر ڈالی۔۔۔

یہ ہیں فائز صاحب یہ بھی انتہائی قسم کے ڈھیٹ۔۔ شرارتی۔۔ لیکن طلال کو دیکھتے ہی گرگٹ کی طرح رنگ بدل لیتا ہے۔۔۔

تمہیں کہا بھی تھا کل جلدی اٹھ جانا بہت امورٹنت میٹنگ ہے۔۔لائف کو کبھی تو سیریس لو بچے نہیں ہو اب۔۔۔ طلال نے غصے سے بولا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

سوری بھائی پتا نہیں کیا ہوا الارم تو لگایا تھا۔۔۔فائز نے ایک نگاہ گھڑی کی طرف ڈالی جو بند پڑی تھی جس میں صبح کے چار بج رہے تھے۔۔۔۔۔

ٹھیک ھے اب جلدی آؤ نیچے ناشتہ کا ٹائم نہیں ہے آفس میں کر لینا۔۔۔طلال سختی سے بولتا ہوا نیچے کی جانب بڑھ گیا۔۔

افف۔۔۔یار کیا مُصیبت ہے۔۔لیکن یہ گھڑی کل تو بلکل ٹھیک تھی۔۔۔اچانک کیا ہوا۔۔

فائز نے اپنا موبائل دیکھا تو وہ آف پڑا تھا۔۔جس میں اسنے صبح سات بجے کا الارم لگایا تھا۔۔۔

ہیں۔۔؟؟میں تو اپنا موبائل کبھی آف نہیں رکھتا۔۔آخر کس کی حرکت ہے یہ۔۔۔فائز نے سوچتے ہوئے موبائل آن کیا تو اسپر ٹیکسٹ آیا ہوا تھا۔۔۔

Bad morning faaiz---☺☺

آ۔اا۔۔اا۔۔زوہا۔۔۔۔چھوڑوں گا نہیں تمہیں۔۔۔فائز نے اتنا ہی کہا کے اسوقت ایک اور میسیج وصول ہو۔۔۔

Mujhe baad main pakrna pehle tayyar ho jao warna phir nhi kehna ke bataya nhi talal bhai gusse main hain---☺

Posted on Kitab Nagri

فائز فوراًواشروم کی طرف بھاگا۔۔۔اور فریش ہو کے نیچے گیا۔۔

یہ تھے ہمارے زوہااور فائز جن کی صبح ایک دوسرے کو تنگ کرے بنا نہیں ہوتی تھی)۔۔۔

ارے فائز بھائی آپ نے دیر کر دی طلال بھائی تو چلے گئے اب آپ خود ہی چلے جائیں آفس۔۔

۔یہ ہیں منان اس گھر کے سب سے چھوٹے بیٹے۔۔ تھوڑا شرارتی تھوڑا معصوم۔۔ لیکن اگر ان صاحب سے کوئی سوال پوچھ لیا جائے تو جواب کے بدلے بے شمار سوالات کرنے لگ جاتے ہیں۔۔

اچھا۔۔فائز نے برا سا منہ بنایا اور زوہا کو گھورتا ہوا تیزی سے باہر بھا

گا۔۔۔

اب پتہ چلے گا بیٹا زوہا بیگ سے پنگا نوٹ چنگا۔۔۔زوہا ہنستی ہوئی ناشتا کرنے لگی۔۔۔

---

---

بلقیس بیگم اور فیروز بیگ۔۔۔مرحوم۔۔۔کے تین بیٹے اور ایک بیٹی ہیں۔۔

Posted on Kitab Nagri

پورے گھر میں صرف انکی دادی بلقیس کا حکم چلتا تھا۔۔۔

سب سے بڑے بیٹے یوسف بیگ اور انکی بیگم نعیمہ جن کے دو صاحب زادے ہیں طلال اور فائز۔۔

درمیانے بیٹے حیدر بیگ اور انکی بیگم سائرہ جنہیں اللہ پاک نے جڑواں بیٹیوں سے نوازا۔ازا اور زوہا۔۔۔

سب سے چھوٹے بیٹے ہمدان بیگ اور انکی بیگم نائلہ جنہیں اللہ نے ایک ہی بیٹا دیا منان بیگ۔۔۔

سب سے چھوٹی بیٹی شہناز جنکی شادی فرید صاحب سے ہوئی تھی وہ لاہور میں رہا کرتی ہیں اللہ نے انہیں ایک بیٹی سے نوازا جسکا نام

منہار کھا گیا۔۔۔

---

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

شام کا حسین موسم اس پر اسلام آباد کا خوبصورت منظر کتنا اچھا لگ رہا ہے نا۔۔ایک کپ چائے ہو جاتی تو مزہ آجاتا کیوں ازا بیٹا۔۔۔یوسف صاحب نے ازا کو دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔اُنہیں ازا کے ہاتھ کی چائے بے حد پسند تھی۔۔اور اُنہیں کیا پورے گھر کو ازا کی ہاتھ کی چائے بہت پسند تھی۔۔

Posted on Kitab Nagri

جی تایا ابا ابھی بنا کے لاتی ہُوں آپ سب بیٹھیں۔۔۔ازا تابعداری سے چائے بنائے گئی۔۔۔

باقی تمام لوگ بیٹھ کے باتیں کرنے لگے۔۔۔

روز شام کی چائے گھر کے تمام افراد ایک ساتھ بیٹھ کے پیا کرتے۔۔۔

تمام بھائیوں میں بہت اتفاق تھا۔۔۔

یہ لیں چائے۔۔۔ازا نے چائے کا کپ سب کو دیا پھر طلال کی طرف بڑھی۔۔۔

یہ لیں چائے۔۔۔طلال نے ازا کے ہاتھ کو گھور کے دیکھا جن پر مہندی لگی تھی۔۔۔ازا کو بچپن سے ہی مہندی کا اتنا شوق تھا کے ہر وقت ہاتھ پر مہندی لگی ہوتی۔۔۔اور طلال کو مہندی سے سخت چڑ تھی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کہیں شادی میں جا رہی ہو۔۔؟؟طلال نے ازا سے کہا۔۔

نہیں نہیں تو۔۔۔اتنے میں فائز بول پڑا۔۔

ویسے واقعی ازا چائے تو بہت اعلیٰ بنائی ہے۔۔۔فائز نے مسکراتے ہوئے ازا کو دیکھتے ہوئے کہا۔۔

شکریہ۔۔فائز۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ٹن ٹرا۔۔۔یہ لیجیئے چائے کے ساتھ سموسے۔۔زوہا تیزی سے لان میں پہنچی۔۔۔

ارے زوہا طبیعت تو ٹھیک ہے تمہاری۔۔۔۔۔سائرہ بیگم نے مسکراتے ہوئے زوہا کو طنز سے نوازا۔۔۔

مما۔۔آپکو کیا لگتا ہے ایک سموسے بھی نہیں بنا سکتی کیا میں۔۔۔زوہا نے منہ بسورتے ہوئے کہا۔۔۔

کوئی میری گڑیا کو کچھ نہیں کہے گا ایک تو اتنے پیار سے بنائے ہیں اسنے۔۔۔۔دادی نے ہمیشہ طرح زوہا کی سائڈ لی۔۔۔دادی کو سارے ہی بچے بہت عزیز تھے لیکن ازا اور زوہا اُنہیں زیادہ ہی پیاری تھیں۔۔۔

زوہا نے سموسہ فائز کی طرف بڑھایا۔۔۔

نہیں بہت شکریہ آپکا۔۔پتا نہیں کیا ملایا ہو گا۔۔۔کہیں مجھے مارنے پلاننگ تو نہیں ہے۔۔۔؟؟؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مرضی ہے مت کھاؤ میں کونسا تمہارے ہاتھ پیر جوڑ رہی ہوں۔۔۔ہونہہ۔۔۔زوہا نے کندھے اچکائے۔۔۔

زوہا مجھے بھی دو۔۔منان نے سموسوں کو طرف اشارہ کیا۔۔۔

یہ والا نہیں یہ لو۔۔۔

لیکن وہ والا سموسہ کیوں نہیں؟؟؟

کیوں کے میں کہہ رہی ہوں۔۔۔زوہا نے دانت پیسے۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

لیکن تم کیوں کہہ رہی ہو؟؟؟منان نے مزید سوال کیا۔۔۔

آاء۔۔۔۔منان۔۔۔۔۔چپ کر کے کھاؤ سموسے سے مطلب رکھو۔۔۔بس۔۔۔

فائز بیچارہ اپنے پسندیدہ سموسے بھی نہ کھا سکا۔۔۔

ارے طلال بھائی آپ کہاں چلے گئے تھے۔۔؟؟ازا نے طلال کو دیکھتے ہوئے پوچھا جو فون ہاتھ میں لیے آرہا تھا۔۔۔

وہ ایک امورٹنٹ کال تھی۔۔۔خیر لاؤ ازا سموسے کھلاؤ ہمیں بھی۔۔۔

آپ لیٹ ہو گئے۔۔سموسے تو ختم۔۔۔زوہا نے طلال کو کہا۔۔۔

زوہا ایک ہے تو وہی دے دو۔۔۔ازا نے سموسے کی طرف اشارہ کیا جو فائز کے لیے بنایا گیا تھا۔۔۔

لیکن۔۔وہ۔۔۔زوہا کچھ بولتی اس سے پہلے وہ طلال نے اٹھایا۔۔۔

اللہ جی بچا لینا۔۔۔پلیز۔۔زوہا آنکھیں بند کر کے دعائیں کرنی لگی۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

آ۔اہ۔۔پانی۔۔۔پانی۔۔۔یہ کیا بنایا ہے ازا۔۔طلال نے سموسہ کھایا تو اُسکی چیخیں نکل گئیں اور وہ فوراً کچن طرف بھاگا۔۔ازا بھی پیچھے گئی۔۔

ہاہاہاہا۔۔میں تو بچ گیا۔۔لیکن چڑیل کزن اب تم گئیں۔۔۔فائز نے زوہا کو دانت دکھائے۔۔۔

افف یہ کیا ہو گیا۔۔۔

زوہا۔۔۔بیٹا۔۔حیدر بیگ نے زوہا کو گھوری سے نوازا۔۔۔

اور پھر سارے لوگوں کا قہقہہ بلند ہوا۔۔سب گھر والے اچھے سے جانتے تھے کہ فائز اور زوہا کبھی ایک دوسرے کو تنگ کیے بنا نہیں رہ سکتے۔۔

زوہا اور فائز کچن کی طرف بڑھے۔۔۔

ازا نے جلدی جلدی گلاس میں پانی نکالا اور طلال کو دیا۔۔

افف۔۔شکر۔۔پانی پیتے ہی طلال نے سکون سانس لیا۔۔۔

سموسوں میں اتنی مرچیں کون ڈالتا ہے۔۔؟؟؟بیوقوف۔۔۔دماغ ہے بھی یا نہیں۔۔؟؟طلال ازا پر بھڑک رہا تھا تبھی فائز اور زوہا وہاں آ گئے۔۔۔

ازا بیچاری طلال کا غصّہ برداشت نہیں کر پائی اور وہاں سے چلی گئی۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

اوہ۔۔۔بھائی یہ کیا کیا آپنے؟؟کیوں ازا پر غصّہ کر رہے تھے۔۔۔سموسے تو چوڑیل نے بنائے تھے۔۔۔۔فائز کا اتنا بولنا تھا کہ زوہا ٹرین کی سپیڈ سے بھاگی۔۔۔

ٹھک۔۔ٹھک۔۔۔آجاؤں۔۔؟؟طلال ازا اور زوہا کے کمرے میں گیا۔۔

جی آجائیں۔۔۔۔

وہ آئی ایم سوری ازا۔۔۔میں نے تمہیں ڈانٹ دیا۔۔۔طلال سید ھا مدے پر آیا۔۔۔

نہیں میں آپ سے ناراض ہُوں۔۔۔ہر بار ایسا ہی ہوتا ہے غلطی زوہا کرتی ہے مجھے ڈانٹ پڑ جاتی ہیں۔۔۔

دیکھو سچ میں مجھے نہیں پتا تھا۔۔۔طلال کے چہرہ پر ندامت تھی۔۔۔

ٹھیک ہے پھر آپ مجھے آئس کریم لا کے دیں۔۔۔پھر میں ناراض نہیں ہونگی۔۔۔

کیا۔۔؟؟میں۔۔؟؟یہ ازا کو کیا ہو گیا ہے یہ تو کبھی ضد نہیں کرتی۔۔۔طلال نے دل میں سوچا۔۔۔

اچھا ٹھیک ہے۔۔۔طلال وہاں سے چلا گیا۔۔۔

کچھ دیر بعد طلال آئس کریم لے کے ازا کے کمرے میں گیا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ازا۔۔۔طلال نے آواز دی۔۔۔

جی طلال بھائی۔۔۔؟؟

یہلو آئس کریم اور پلیز ناراض نہیں ہونا۔۔۔میں غصے میں تھا۔۔۔

لیکن میں تو آپ سے ناراض نہیں ہوں۔۔مجھے پتا تھا کے آپکو غلط فہمی ہوئی ہے۔۔۔

کیا۔۔؟؟پھر مجھ سے اتنی دور سے آئس کریم کیوں منگوائی۔۔۔؟؟طلال نے حیرت سے پوچھا۔۔۔

میں نے۔۔؟؟کب۔۔؟؟ازا نے اپنا چشمہ ٹھیک کرتے ہوئے کہا۔۔۔

ابھی تھوڑی دیر پہلے ہی تو۔۔۔

ایک سیکنڈ۔۔دونوں نے ایک دوسرے دیکھا۔۔اور ساتھ بولے۔۔زوہا۔۔۔۔

افف۔۔۔یار آج تو میں چاچی سے شکایت کرونگا۔۔۔بہت ڈھیل دے رکھی ہے اُسے۔۔۔اتنا وقت برباد کردیا میرا۔۔۔طلال بیچارہ سائرہ بیگم پاس گیا۔۔۔۔

ارے واہ۔۔آگئی آئس کریم۔۔۔زوہا نے آئس کریم کو دیکھ کر جھپٹا مارا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

زوہا۔۔۔کیوں کرتی ہوں ایسی حرکتیں۔۔۔سدھار جاؤ تم۔۔۔ازانے زوہا کو انگلی دیکھا کر وارن کیا۔۔۔

نہیں۔۔کبھی نہیں سدھرنا میں نے۔۔۔زوہانے ڈھٹائی سے جواب دیا۔۔۔اور آئس کریم کھانے لگی۔۔۔

---

---

منان۔۔۔منان۔۔اٹھو۔۔رات میں جب سب سو گئے تو فائز منان کمرے میں گیا۔۔۔

کیا ہوا بھائی کیوں اٹھا رہے ہو۔۔؟؟سونے دو۔۔۔۔

نہیں ابھی اٹھو۔۔فائز نے اُسکا بلنکیٹ کھینچا۔۔۔۔

افف۔۔بولیں کیا ہوا۔۔؟؟منان نے آنکھیں مچتے ہوئے پوچھا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تمہارے پاس پینٹنگ کلرز ہیں نہ۔۔؟؟

ہاں۔۔لیکن آپ رات کے اس وقت پینٹنگ کرنا چاہتے ہیں۔۔۔؟؟منان نے اپنا پہلا سوال پوچھا۔۔۔

ہاں جلدی سے نکالو کہاں ہے کلرز؟؟فائز نے کہا۔۔

منان نے پینٹنگ کلر نکالے۔۔۔لیکن آپ اسکا کیا کرینگے۔۔؟؟

Posted on Kitab Nagri

تم سو جاؤ باقی سوالات صبح پوچھ لینا۔۔۔فائز نے منان کا گال تھپتھپایا۔۔

لیکن صبح کیوں۔۔؟؟

افف ما ییییییییییییییییییی۔۔۔۔سو جاؤ۔۔

فائز چپ چاپ زوہا کے کمرے میں گیا اور اپنا کام کرنا شروع کیا۔۔۔۔

اب آئیگا مزہ زوہا حیدر بیگ۔☺۔۔فائز نے دل میں کہا۔۔۔

---

منان ادھر آؤ۔۔۔فائز صبح جلدی اٹھ گیا اور منان کے پاس گیا۔۔۔۔

بولیں کیا ہوا۔۔؟؟

دیکھو میرا ایک کام کرو اوپر جاؤ زوہا کے پاس اور اس سے کہنا

کے سائرہ چاچی بہت غصے میں ہیں اُنہیں بولا رہی ہیں۔۔۔ٹھیک ہے۔۔؟؟فائز نے پورے اطمینان سے کہا۔۔۔

لیکن کیوں۔۔؟؟

کیوں کے میں نے کہا ہے۔۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

لیکن میں جھوٹ کیوں بولوں۔۔۔آپ لوگ مجھے اتنا بیوقوف کیوں سمجھتے ہیں۔۔۔۔منان نے معصومیت سے کہا۔۔۔

افف۔۔وہ تو تم ہو۔۔۔فائز نے آہستہ سے کہا۔۔۔

دیکھو اگر تم نے میری بات نہیں مانی تو ابھی تک کالج سے تمہاری جتنی شکایتیں آئیں ہیں سب دادی جان اور چچا جان کو بتا دونگا۔۔۔۔

فائز نے دھمکی دی۔۔۔

نہیں۔۔۔جاتا ہوں۔۔منان منہ بناتے ہوئے چلا گیا۔....

فائز دادی جان کے کمرے میں گیا۔۔۔

السلام وعلیکم دادی جان۔۔۔فائز نے سب سے پہلے سلام لیا۔

وعلیکم السلام۔۔۔میرا بچہ۔۔۔طبیعت ٹھیک ہے۔۔؟؟؟دادی نے سیدھا طنز کیا۔۔۔

کیا مطلب میں تو بلکل ٹھیک ہوں۔۔۔۔۔۔

نہیں تو جے پہلے بتاؤ آج اتنی صبح اٹھ گئے کیا کارنامہ کیا ہے۔۔؟؟

Posted on Kitab Nagri

دادی آپ مجھ پر شک کر رہی ہیں۔۔؟؟مجھے معصوم پر۔؟؟؟فائز نے اپنے اوپر انگلی رکھتے ہوئی بے حد معصومیت سے کہا۔۔۔

-----------------------------

کیا ہے منان۔۔؟؟کیوں اٹھا رہے ہو اتنی صبح۔۔؟؟زوہا جو کہ گہری نیند میں تھی منان نے اُسے اٹھا دیا تھا۔۔۔

ارے جلدی نیچے آؤ دیکھو سائرہ تائی بہت غصے میں ہیں آپ کو بلایا ہے۔۔۔

ہیں۔۔؟؟کیا۔۔؟کہیں میری شکایت تو نہیں لگا دی طلال بھائی نے۔۔۔

زوہا جلدی سے بیڈ سے اتری۔۔۔

اچھا میں آتی ہوں۔۔۔

افف۔۔۔یار کیا ہو گا ان دونوں کا۔۔منان نے اپنا سر پیٹا

Posted on Kitab Nagri

ازا یار ایک کپ چائے دے دو۔۔۔میں امی کے پاس سے آتی ہوں۔۔۔زوہا پہلے کچن میں گئی صبح اٹھتے ہی چائے جو چاہیے ہوتی تھی جناب کو۔۔۔

تمہاری طبیعت تو ٹھیک ہے نہ۔۔؟؟ یا کہیں انٹرٹینمنٹ شو میں جانے کی تیاری ہے۔ہاں۔؟؟ ازا نے ہنستے ہوئے غور سے زوہا کو دیکھا۔۔

اف ایک تو تمہاری باتیں مجھے سمجھ نہیں آتیں۔۔۔میں جا رہی ہوں امی کے پاس۔۔۔

السلام وعلیکم امی۔۔۔بلایا آپنے۔۔۔زوہا سائرہ بیگم کے پاس گئی تو وہ دادی کے کمرے میں تھیں پوری فیملی وہیں وہیں بیٹھی تھی۔۔۔

وعلیکم السلام۔۔۔آج کیا بات ہے اتنی جلدی اٹھ گئے سب۔۔۔دادی نے حیرت سے زوہا اور فائز کو دیکھا۔۔۔پھر ایک بار دوبارہ غور سے زوہا کو دیکھا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

آپ نے ہی تو بلایا تھا۔۔ کیا ہوا امی؟؟ آپ سب مجھے گھور کیوں رہے ہیں۔۔۔؟؟؟زوہا نے حیرت سے سب کو دیکھا جو اسے غور سے دیکھ رہے تھے۔۔۔

ہا۔۔ہا۔۔ زوہا پیلو چہرہ دیکھو اپنا۔۔۔ ازا نے زوہا کو آئینہ تھمایا۔۔۔

آ۔۔اا۔۔۔۔یہ۔۔ کیا ہے۔۔؟؟میں پاگل ہُوں۔۔۔۔۔

یہاں سب جانتے ہیں یہ بات۔۔۔ طلال جو کے موبائل میں مصروف تھا نے زوہا کی طرف دیکھے بنا کہا۔۔۔

افف۔۔۔فائززززز۔۔۔۔۔۔۔۔ آئینہ دیکھتے ہی زوہا کی چیخیں نکل گئی۔۔۔ اُسکے ماتھے پر بڑا بڑا میں پاگل ہُوں لکھا ہوا تھا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یار زوہا اتنا اچھا لگ رہا ہے۔۔۔ اپنا واٹس ایپ چیک کرو۔۔۔۔فائز نے ہنستے ہوئے اُسے اپنا موبائل دکھایا جس پر زوہا کی پک اپلوڈ ہوئی تھی۔۔۔

فائز آج تو گئے تم۔۔۔ رکو ذرا۔۔۔۔ زوہا نے فائز کے موبائل پر جھپٹا مارنے کے لئے اٹھی۔۔۔

انسٹا بھی چیک کر لینا۔۔ فائز ہنستا ہوا وہاں سے بھاگا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

یہ لوگ کبھی بھی نہیں سدھریں گے۔۔۔ازامیں لیٹ ہو رہا ہے ہُوں ناشتا لگادو میرا۔۔طلال ہمیشہ کی طرح نظر انداز کرتے ہوئے چلا گیا۔۔۔

جی۔۔۔ابھی لگاتی ہُوں۔۔۔ازانے اپنی ہنسی ضبط کی اور کچن کی جانب بڑھی۔۔۔

بیٹا زوہا اسے بعد میں دیکھنا پہلے منہ دھو لو۔۔۔ ہمدان صاحب نے ہنستے ہوئے زوہا سے کہا۔۔

جی چچا۔۔۔زوہا منہ لٹکائے فائز کو کھا جانے والی نظروں سے دیکھتے ہوئے بھاگی۔۔

---

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

السلام وعلیکم۔۔۔۔ عبیرہ نے گھر میں آنے کے بعد سلام کیا

وعلیکم السلام۔۔۔۔ عبیرہ بیٹا تم کب آئیں۔۔۔؟؟

نعیمہ آنٹی بس ابھی ابھی۔۔۔۔ عبیرہ نے جواب دیا۔۔۔

اچھا۔۔۔گھر سیٹ کر لیا بیٹا آپ نے۔۔؟؟ کوئی مدد چاہیے ہو تو ضرور بتانا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

نہیں آنٹی سب ہو گیا۔۔۔کل پاپا نے چھٹی کی تھی تو ساتھ میں کر لیا تھا۔۔۔

اچھا چلو ٹھیک ہے۔۔۔میں زوہا اور ازا کو بلاتی ہوں۔۔۔ایک کو ڈراما بازیوں سے فرصت نہیں ہے۔۔دوسری کو ناول پڑھنے سے۔۔۔نعیمہ بیگم ہنستے ہوئے ازا کو بلانے لگیں۔۔۔

جی تائی جان بلایا آپنے؟؟ازا ایک آواز میں بھاگی چلی آئی پھر زوہا بھی۔۔۔۔

ہاں بیٹا یہ عبیرہ ہے۔۔ابھی ان نئے شفٹ ہوئے ہیں یہاں۔۔صرف یہ اور انکے پاپا ہی ہیں۔۔تم دونوں دکھلانا کوئی مدد چاہیئے ہو تو۔۔۔نعیمہ بیگم نے کہا۔۔

جی۔تائی جان ایسی مدد کرونگی۔۔۔

زووہاہا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔زوہا آگے کچھ بولتی ازا نے روک دیا۔۔۔

السلام وعلیکم عبیرہ۔۔۔میں ازا ہوں۔۔۔

وعلیکم السلام۔۔۔میں عبیرہ۔۔دونوں نے ایک دوسرے سے ہاتھ ملایا۔۔

Posted on Kitab Nagri

اور میں ہوں ازا کی بہن دادی کی پوتی اور حیدر بیگ کی بیٹی زوہا حیدر بیگ۔۔۔۔۔زوہانے مسکراتے ہوئے اپنا تعارف کروایا۔۔ جس پر عبیرہ کو بھی ہنسی آ گئی۔۔۔اتنی دیر میں عبیرہ کم سے کم یہ سمجھ گئی تھی کے زوہا کوئی عام لڑکی نہیں تھی۔۔کافی الگ تھی۔۔۔

اور بتاؤ عبیرہ یہاں پر کوئی پریشانی تو نہی ہوئی۔۔۔؟؟زوہانے پوچھا۔۔

نہیں۔۔۔زیادہ نہیں۔۔دراصل میں یہاں کسی نہیں جانتی صرف آپ گھر آئی ہُوں۔۔

اچھا۔۔اگر کوئی بھی مدد چاہیے ہو تو ضرور بتانا۔۔۔ازانے کہا۔۔۔

جی بالکل۔۔۔

ویسے آپ لوگ سب ہمیشہ سے جوائن فیملی میں رہتے ہیں۔۔؟؟عبیرہ نے ازا سے پوچھا کیونکہ اُسے زوہا سے سیدھے جواب کی اُمید بلکل بھی نہیں تھی۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہاں ہمیشہ سے پتا ہے مجھے تو جوائن فیملی بہت اچھی لگتی ہے۔۔۔ہمارے گھر میں سب ایک دوسرے سے بہت پیار کرتے ہیں۔۔ازا خوشی سے چھکتے ہوئے بتایا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

تو کبھی لڑائی نہیں ہوتی۔ آج کل دور میں بہت ہی کم لوگ ہوتے ہیں جو ایک ساتھ رہتے ہیں۔؟؟عبیرہ نے حیرت سے پوچھا۔۔۔

نہیں۔۔ چھوٹی موٹی تو سب گھروں میں ہی ہوتی ہے۔۔ ہمارے گھر میں سب رشتے بہت اچھے سے نبھائے جاتے ہیں۔۔ہاں تھوڑے کھٹے میٹھے ضرور ہے۔۔۔ جیسے کے ہر خاندان میں کوئی ایک لازمی ہوتا ہے ایک پھوپو ہیں۔۔ لیکن دل کی بہت اچھی ہیں۔۔۔۔۔۔ازاہلکا سا مسکرائی۔۔۔

مجھے تو حیرت ہوتی ہے اُن لوگوں پر جو پڑھے لکھے ہونے کے باوجود ایسا نہیں سوچتے۔۔۔۔ویسے سوائے دو لوگوں کے یہاں سب بہت ہی اچھے بہت میٹھے ہیں۔۔۔ازانے زوہا کو دیکھتے ہوئے آخری بات کہی۔۔۔

مطلب؟؟عبیرہ نے کہا۔۔۔

مطلب زوہا اور فائز۔۔ ہر وقت ایک دوسرے کو تنگ کرتے ہیں اور دوسرا انہیں کوئی کام نہیں۔۔۔۔ازانے طنزیہ مسکراہٹ سے زوہا کو دیکھا۔۔۔

ازا۔۔۔۔۔زوہانے ازا کو گھوری سے نوازا۔۔۔

کیا ہوا عبیرہ چپ کیوں ہو؟ ازانے عبیرہ کو دیکھا جس کے چہرہ پر اداسی کے تاثرات تھے۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

نہیں۔۔۔کچھ۔۔ نہیں۔کاش میرے پاس بھی اپنے ہوتے۔۔۔ مما بھی اتنی جلدی مجھے چھوڑ کر چلی گئیں۔۔۔

---

زوہا۔۔یار آج برتن تم دھولو۔۔۔پلیز۔۔میرے سر میں درد ہے۔۔۔ازا نے زوہا کہا جو اپنی ہی دھن میں مگن تھی۔۔۔۔

زوہا۔۔تم سے کہہ رہی ہوں میں۔۔؟؟اتنی خوشی کس بات کی جھلک رہی ہے تمہارے چہرے پر؟؟ازا زوہا کے چہرے پر آتی مسکان کو دیکھتے ہوئے پوچھا۔۔۔

میں تمہیں کیوں بتاؤں۔۔؟؟کل صبح تک انتظار کرو۔۔۔زوہا نے آنکھ

مارتے ہوئے کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ویسے زوہا اس بار تم نے فائز سے بدلہ نہیں لیا۔۔؟؟طبیعت تو ٹھیک ہے نہ۔؟؟

ہاں۔۔۔الحمدللہ بہت ہی زیادہ ٹھیک ہے ابھی۔۔تو۔۔اور زوہا حیدر بیگ کبھی کچھ نہیں بھولتی۔۔تم انتظار کرو۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

افف زوہا۔۔۔اچھا چھوڑو تمہارا کچھ نہیں ہو سکتا میں جا رہی ہُوں دادی کے لیے چائے بھی بنانی ہے۔۔۔تم یاد برتن دھو لینا مہربانی ہو گی۔۔۔۔ازا نے ہاتھ جوڑ کے کہا۔۔۔

زوہا۔۔۔زوہا۔۔ادھر آؤ ذرا۔۔۔سائرہ بیگم نے غصے سے زوہا کو آواز دی۔۔۔

ج جہ۔۔۔جی۔۔۔امی۔۔۔؟؟؟

اِدھر اؤں ذرا۔۔سائرہ بیگم زوہا کو کانوں سے پکڑ کر اپنے قریب لائیں۔۔۔

یہ بتاؤ کب ختم ہونگی تمہاری حرکتیں۔۔کب سدھرو گی۔۔؟؟

کیوں اب تو کچھ بھی نہیں کیا میں نے۔۔زوہا معصوم شکل بنائی۔۔۔

اچھا۔۔۔یہ میں بتاؤں۔۔طلال کو بھی تنگ کرنا شروع کر دیا ہے تم نے۔۔۔

مما کہاں؟؟بس ایک آئس کریم ہی منگوائی تھی۔۔۔

اچھا ابھی بتاتی ہُوں تمہیں۔۔سائرہ بیگم زوہا کے پیچھے بھاگیں۔۔۔۔

دادی۔۔۔دادی۔۔۔۔

ارے بھئی کونسا طوفان آگیا ہے اب۔۔؟؟دادی جان نے زوہا چلانے پر کہا۔۔۔

دادی دیکھیں نا امی کب سے ڈانٹ رہی ہیں۔۔۔میں کیا اتنی بری ہُوں سب تنگ ہیں مجھ سے۔۔؟؟

Posted on Kitab Nagri

نہیں بلکل بھی نہیں۔۔۔ بھئی کتنی بار کہا ہے بہو مت ڈانٹا کرو میری بچی کو۔۔۔

امی جان آپ کے لاد پیار نے بگاڑ دیا ہے اسے۔۔۔ کل کو دوسرے گھر جائیگی تو کوئی برداشت نہی کریگا اسکی حرکتیں۔۔۔۔

افف۔۔امی۔۔۔میں نہیں جا رہی کہیں۔۔۔ آپ لوگ کیوں ہمیشہ مجھے گھر سے نکالنے کی باتیں کرتے رہتے ہیں۔۔۔۔

یہ دیکھیں اور سنیں اسکی باتیں۔۔۔

---

گھر کے تمام افراد ہمیشہ کی طرح ایک ساتھ رات کے کھانے پر جمع تھے۔۔۔ گھر کا اصول تھا کھانا سب ایک ساتھ ہی کھائیں۔۔۔

آج بریانی تو بہت ہی اچھی بنی ہے۔۔ کیا بات ہے۔۔ طلال نے بریانی کھاتے ہوئے کہا۔۔۔۔

ہاں جو بھی ہی بریانی واقعی زبردست بنی ہے۔۔ فائز نے بھی کہا۔۔

Posted on Kitab Nagri

ہاں تو اچھی کیوں نہیں بنے گی ازا نے بنائی ہے۔۔۔نائلہ بیگم نے مسکراتے ہوئے کہا۔۔۔

ہاں اب زوہا سے تو کچھ اچھے کی اُمید ہے نہیں۔۔۔۔

نہیں زوہا نے آج میری اتنی مدد کی ہے اللہ نصیب اچھے کرے بس۔۔۔نائلہ بیگم نے زوہا کو دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

اوہم۔۔اہم۔۔فائز نے مصنوئی کھانسی کھانستے ہوئے زوہا کو دیکھا۔۔۔

اچھا مذاق ہے۔۔۔یہ اور کسی کی مدد امپوسیبل۔۔۔

طلال تو سب کچھ نظر انداز کرتے ہوئے صرف بریانی پر دھیان دے رہا تھا۔۔۔

فائز کے بچے مذاق تو ابھی تمہارے ساتھ ہو گا۔۔۔زوہا نے آہستہ سے کہا۔۔۔۔۔

کیا کچھ کہا۔۔؟فائز نے زوہا سے پوچھا۔۔۔

نہیں کچھ۔۔نہیں۔۔زوہا واپس اپنے کھانے میں مصروف ہو گئی۔۔۔

ویسے کون سا کام بگاڑا ہے اس نے۔۔؟؟اوہ۔۔میرا مطلب کیا مدد کی ہے۔۔؟؟

Posted on Kitab Nagri

میرے ساتھ کپڑے جمع کیے ہیں۔۔۔پورے گھر کے کپڑے جمع کیے۔۔۔ویسے فائز تم نے کافی دونوں سے اپنے کپڑے نہیں دیے تھے کیا دھلنے کے لیے؟؟

پتا نہیں چچی یاد نہیں۔۔۔فائز نے لاپرواہی سے کندھے اچکائے۔۔۔

چلیں گڈ نائیٹ میں سونے جا رہا ہُوں۔۔۔نیند آرہی ہے۔۔۔اور فائز مہربانی کر کے صبح جلدی اٹھ جانا یار۔۔۔طلال بولتا ہوا اپنے کمرے کی جانب بڑھا۔۔۔

افف۔۔اتنے کھڑوس کیوں ہیں امی؟؟میرے ہی بھائی ہیں نہ۔۔؟؟فائز نے نعیمہ بیگم کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

خبردار جو میرے بیٹے کو کھڑوس کہا۔۔تم سے اچھا ہی ہے۔۔۔نعیمہ بیگم نے فائز کو گھورتے ہوئے کہا۔۔۔

مطلب میں اچھا نہیں ہوں؟؟پتا ہے مجھے تو آپ کہیں سے اٹھا کر ہی لائے ہونگے۔۔ہونہہ۔۔۔فائز نے منہ بسورتے ہوئے کہا۔۔۔

ہاں۔۔تائی جان ویسے اس بات میں تو میں بھی فائز کا ساتھ دونگی۔۔

زوہا نے اتنا ہی کہا کے سب اُسے حیرت سے دیکھنے لگے کہ کہیں پاگل تو نہیں ہوگئی جو فائز کا ساتھ دیگی وہ بھی زوہا۔۔؟؟

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

ہاں۔۔ایسے کیا دیکھ رہے ہیں آپ سب؟؟ صحیح تو کہہ رہا ہے فائز۔۔اُسے تو تائی جان کچرے سے اٹھا کر لائی تھیں نا۔۔خیر مجھے افسوس ہے۔۔کے تائی جان کوئی اچھا پیس نہیں لائیں۔۔۔زوہا نے آخری جملہ بے حد افسوس زدہ لہجے میں کہا۔۔

جس پر تمام لوگ ہنس گئے۔۔۔

زوہا۔۔۔۔فائز نے دانت پیسے۔۔۔

یااللہ بس میرے گھر کی خوشیاں ہمیشہ قائم رکھنا۔۔دادی جان نم آنکھوں کے ساتھ دعا کی۔۔۔

---

فائز صبح جلدی اٹھ گیا طلال صاحب کا آرڈر جو تھا۔۔

ایک تو بندہ سو بھی نہیں سکتا دیر تک۔۔۔خیر فائز بیٹا ریڈی ہو جاؤ اب۔۔۔فائز خود سے باتیں کرتا ہوا وارڈ روب کی جانب بڑھا۔۔۔

ہیں یہ کیا۔۔؟فائز نے اپنی آنکھیں مسلی۔۔پوری وارڈروب خالی تھی۔۔۔اور اس پر ایک چٹ لگی تھی۔۔۔فائز نے وہ چٹ اٹھائی۔۔۔

☺اوہ۔۔۔پھر سے بیڈ مارننگ ڈیر کزن۔۔۔

اہ۔۔۔افف۔۔زوہا۔۔۔فائز نے غصے میں پیپر مروڑ دیا۔۔۔اور زوہا کمرے کی جانب بڑھا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

زوہا۔۔زوہا۔۔۔فائز چیختا ہوا زوہا کے بیڈ کی طرف بڑھا زوہا پر سکون سو رہی تھی۔۔۔

میری صبح خراب کر کے کیسے سو رہی ہے ابھی بتاتا ہوں۔۔۔فائز نے زوہا کے کان کے قریب جا کے زور سے چیخ لگائی۔۔۔

زووووہاہاہا۔۔۔۔

اہ۔۔آہ۔۔پاگل تو نہیں ہو گئے؟؟زوہا فوراً ڈر کے اٹھی۔۔۔

نہیں وہ تو تم ہو۔۔بھول گئی تو انسٹا چیک کر لو ابھی تک لگی ہے پک۔۔۔فائز نے مسکراتے ہوئے کہا۔۔۔

یہ بتاؤ میرے سارے کپڑے کہاں ہیں۔۔؟؟مجھے آفس جانا ہے ابھی۔۔

وہ تو میں نے دھوبی کو دھونے کے لیے دے دیے ہیں۔۔زوہا بیڈ سے اترتے ہوئے بولی۔۔۔

یااللہ۔۔۔فائز نے اپنا سر پکڑا۔۔۔اور کچھ لمحے بعد نیچے نظر پڑی تو ایک باکس پڑا تھا جو کے لاکڈ تھا۔۔۔

یہ تمہارے پاس کیسے۔۔؟؟؟فائز نے حیرت سے باکس کو دیکھا پھر زوہا کو۔۔۔

وہ۔۔یہ۔۔زوہا ریلیکس۔۔۔تم تھوڑی ڈرتی ہو کسی سے۔۔۔زوہا نے خود کو پر سکون کیا۔۔۔

وہ۔۔یہ۔۔تمہارے کمرے سے ملا تھا۔۔ہمیشہ لوک کیوں ہوتا ہے اسمیں۔۔؟؟

Posted on Kitab Nagri

کیاوہ یہ۔۔؟؟کتنی بار کہاہے اس باکس کو ہاتھ بھی نہیں لگایا کرو مجھے بالکل بھی برداشت نہیں ہے کوئی میری پرسنل چیزوں میں گھسے۔۔اورہاں آئندہ کے بعد اس باکس ہاتھ لگانے کوئی ضرورت نہیں ہے ورنہ مجھ سے برا کوئی نہیں ہو گا۔۔۔فائز غصے سے بولتا ہوا باکس لے کے باہر جانے لگا۔۔۔

زوہانے آج پہلی بار فائز کو اتنے غصے میں دیکھا کچھ نہیں بول پائی جس کی زبان پر ہمیشہ جواب ہوتا ہے چپ رہی کیوں۔۔۔؟؟یہ تو وہ خود بھی نہیں جانتی تھی۔۔۔

ایسا کیا تھا اس باکس میں جو فائز نے مجھے ڈانٹا۔۔زوہا کی آنکھیں بھی نم ہو گئیں تھی۔۔۔جن میں صرف شرارت ہوتی تھی۔۔۔

---

ازا۔۔۔

ہاں فائز۔۔؟؟

یار پلیز میرا ایک کام کر دو۔۔۔مجھے طلال بھائی کی کوئی شرٹ پریس کر دو لیٹ ہو رہا ہے ہوں۔۔۔

کیوں تمھاری کہاں گئیں۔۔؟؟

Posted on Kitab Nagri

دھلنے....

کیا۔۔؟؟ساری۔۔؟؟

ہاں۔۔۔پلیز ابھی میں ڈسٹرب ہُوں تم مجھے طلال بھائی کا کوئی ڈریس لادو۔۔۔

اوکے۔۔۔کالم ڈاؤن۔۔۔میں جاتی ہوں۔۔۔

شکریہ ازا۔۔۔

ازا طلال کے کمرے میں گئی۔۔۔طلال بھائی آجاؤں۔۔؟؟

ہاں آجاؤ۔۔خیریت اتنی صبح کوئی کام تھا۔۔

جی۔۔وہ آپکا ایک ڈریس چاہیئے تھا پریس کرنا ہے فائز کے لیے۔۔

کیوں اُسکے اپنے نہیں ہیں۔۔؟؟

پتا نہیں۔۔

Posted on Kitab Nagri

رکو میں نکال دیتاہوں۔۔۔طلال وارڈروب سے کپڑے نکال کر لایا۔۔۔

شکریہ۔۔۔ازا نے مسکراتے ہوئے کہا۔۔۔

اُسکی ضرورت نہیں۔۔۔طلال نے بھی مسکراتے ہوئے کہا۔۔۔

---

السلام وعلیکم۔۔۔فائز اور طلال گھر میں داخل ہوئے تو سب سونے کے لئے جارہے تھے آج وہ دونوں آفس سے لیٹ آئے تھی۔۔۔

وعلیکم السلام۔۔۔ازا نے جواب دیا۔۔۔کھانا لگادوں۔۔؟؟

نہیں کھاکے آئے ہیں۔۔۔طلال نے مختصر جواب دیا اور چلا گیا۔۔۔

سب سونے کے لئے کمروں میں جاچکے تھے لیکن زوہا آج کہیں نظر نہیں آئی تھی۔۔۔

ازا۔۔زوہا کہاں ہیں؟؟فائز نے زوہا کو نہ پاکر پوچھا۔۔۔

پتانہی آج صبح سے خاموش ہے۔۔۔باہر لان میں ہو گی۔۔میں سونے جارہی ہُوں۔۔۔

ہمم ٹھیک۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

کہیں زیادہ تو نہیں ڈانٹ دیا میں نے۔۔۔فائز نے دل میں افسوس کیا۔۔۔

زوہا۔۔یار چائے بنادو۔۔۔فائز لان میں گیا جہاں زوہا بیٹھی ناول پڑھنے میں مصروف تھی۔۔۔

اوہ۔۔؟؟؟طبیعت ٹھیک ہے تمہاری۔۔؟؟تمہارے لیے چائے وہ بھی میں۔۔؟؟زوہا نے جلا دینے والی مسکراہٹ سے کہا۔۔۔اور واپس ناول میں لگ گئی۔۔۔

مجھے کونسا شوق ہے تمہارے ہاتھ کی پینے کا وہ تو سب سو رہے ہیں تو مجبوراً تمہیں بولنا پڑا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہاہااہاہاہا۔۔۔۔ہاہاہاہا۔۔۔۔۔

زوہا اپنے ناول میں مصروف ہنس رہی تھی۔۔۔اور فائز کو مکمل نظر انداز کیا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

تم پاگل ہو گئی ہو کیا۔۔۔ چھوڑو اسے میرا سر درد ہو رہا ہے۔۔۔ چائے بناؤ۔۔۔۔فائز نے زوہا کے ہاتھ سے ناول لیا۔۔۔۔

واپس کرو۔۔۔

نہیں کرونگا۔۔۔پہلے چائے۔۔فائز بھی ڈھیٹ بنا رہا۔۔۔۔

اا۔۔۔صبر کر لو یہ پڑھ کے بنادونگی۔۔۔

نہیں۔۔۔ابھی جاؤ۔۔۔

افف۔۔۔۔۔۔زوہا کچن کی طرف گئی۔۔۔

یہ لو چائے۔۔۔۔۔اب واپس کرو ناول۔۔۔زوہا نے چائے کا کپ فائز کو دیا اور ناول بک لی۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

تخ۔۔۔۔۔۔۔۔۔یہ کیا بنایا ہے۔۔؟؟؟فائز نے جیسے ہی چائے کا ایک گھونٹ پیا اور غصے سے زوہا کو دیکھا جو مسکرا رہی تھی۔۔۔۔

چائے ہے اتنا بھی نہیں پتا چلو اب جاؤ یہاں سے۔۔۔پتا نہی سالار کا کیا ہوا۔۔۔۔

مجھے شوگر نہیں ہے جو پھیکی چائے دی ہے۔۔۔۔فائز نے غصے سے کہا اور دوبارہ زوہا کے ہاتھ سے ناول لیا۔۔۔

ہاں تو میں نے کہا تھا صبر کر جاؤ۔۔۔ویسے بھی صبر کا پھل بہت میٹھا ہوتا ہے۔۔۔تم نہیں کیا تو اسی سے گزارا کرو تمہارے صبر نہ کرنے کا پھیکا پھل۔۔۔زوہا کا یہ بولنا تھا فائز کو تو جیسے آگ ہی لگ گئی۔۔۔

لیکن وہ بھی فائز تھا۔۔۔۔

کہاں سے آتے ہیں یہ آئیڈیاز۔۔۔؟؟؟

Posted on Kitab Nagri

ناول سے۔۔۔زوہا نے ہنستے ہوئے کہا۔۔۔

ٹھیک ہے۔۔۔پتا تھا کچھ ڈھنگ کا کام نہیں کرو گی ایک بار بک کھول کے دیکھ لینا۔۔۔۔فائز بولتا ہوا کچن میں گیا تاکہ چائے میں شکر ملانے۔۔

اُف فائز کے بچے ے ے ے ے ے ے ے ے ے ے ے ے۔۔۔زوہا نے بک کھولی تو جو پیج وہ پڑھ رہی وہ پیج اور آگے کے دو پیج غائب تھے۔۔۔

فائز۔۔۔پیجز واپس کرو۔۔۔زوہا بھی پیچھے پیچھے گئی۔۔۔

نہیں کرونگا۔۔۔

ٹھیک ہے دفعہ ہو جاؤ۔۔۔جب مرضی ہوتی ہے غصّہ کر لو۔۔۔جب مرضی ہوئی مذاق کر لو۔۔۔ہونہہ۔۔

ابھی تک غصّہ ہو۔؟؟فائز نے نرمی سے پوچھا۔۔۔

نہیں مجھے کیوں ہونا ہے غصّہ۔۔۔جو کرو میری بلا سے۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

افف۔۔زوہاپلیز یار مجھے برداشت نہیں ہے کوئی اس باکس کو ہاتھ بھی لگائے۔۔۔میرے بہت سے جذبات جڑے ہیں۔۔۔ایم سوری۔۔

ہیں یہ اسے کیا ہو گیا ہے سوری کہہ رہا موقع اچھا ہے زوہا۔۔

ٹھیک ہے مجھے آئس کریم لا کے دیدو مان جاؤ نگی۔۔زوہانے مسکراتے ہوئے کہا۔۔۔

زوہا ٹائم دیکھا ہے۔۔؟؟دادی کو پتا لگ گیا اس ٹائم گھر سے نکلا ہُوں تو ساری زندگی دوبارہ قدم نہیں رکھنے دینگی۔۔۔ہم کل چلیں گے۔۔سنڈے ہے ویسے بھی۔۔۔

ٹھیک ہے۔۔لیکن اگر اپنی بات سے مکرے تو جانتے ہو نا زوہا حیدر بیگ ہُوں کیا کرونگی سوچ بھی نہیں سکتے آپ جناب۔۔زوہا

مسکراتے ہوئے آگے بڑھی۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

السلام وعلیکم طلال بھائی۔۔ناشتہ کرلیں آ کے۔۔اور ہاں دادی کو آپسے کوئی بات کرنی تھی بولا رہی ہیں آپکو۔۔۔ازا نے طلال سے کہا۔۔۔

وعلیکم السلام۔۔۔ٹھیک ہے آتا ہُوں۔۔میرا موبائل دیتی جانا چارج پر لگایا تھا میں نے رات میں۔۔۔

جی۔۔دیتی ہوں۔۔ازا نے طلال کو موبائل لا کے دیا۔۔۔

یہ کیا چارج کیوں نہیں ہوا۔۔؟؟طلال نے دیکھا تو موبائل میں دو فیصد چارجنگ تھی۔۔۔

ہاں میں دیکھا تھا آپ سوئچ آن کرنا بھول گئے تھے۔۔رات میں۔۔

کیا۔۔؟؟تم دیکھا تھا تو آن کر دیتی۔۔۔

نہیں آپ منع کرتے ہیں نہ کے آپکی چیزوں کو ہاتھ نہ لگائیں ہم اور کام میں بلکل انٹرفیر نہ کریں تو بس۔۔۔۔ازا نے معصومیت سے جواب دیا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

افف۔۔اللہ اتنی فرمابردار لڑکی۔۔۔طلال نے اپنا سر پیٹا۔۔۔

اچھا۔۔طلال کو ازا کی حرکت پر بلکل غصّہ نہیں آیا تھا بلکہ اُسے ازا کی معصومیت اچھی لگی تھی۔

اچھا۔۔میں کہہ رہا ہوں اسے چارج پر لگاؤ۔۔اور پلیز سوئچ آن بھی کر دینا۔۔اوکے؟؟

ازا نے اثبات میں سر ہلایا۔۔۔

چلو میں دادی سے مل لوں پتا نہیں کونسا ضروری کام ہو گا۔۔

السلام و علیکم۔۔دادی جان۔۔طلال دادی جان کے پاس گیا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وعلیکم السلام بیٹا۔۔۔دادی جان نے محبت سے اپنا ہاتھ طلال کے سر پر رکھا۔۔۔

آپ نے بلایا تھا خیریت۔۔؟؟

Posted on Kitab Nagri

ہاں۔۔اور بتاؤ کام ٹھیک چل رہا ہے۔۔۔

جی۔۔الحمدللہ بہت اچھا۔۔بس آپکی دعائیں ساتھ ہُوں۔۔۔

ارے۔۔میرا بچہ۔۔دعائیں تو ہمیشہ تم لوگوں کے ساتھ ہیں۔۔

بلکل۔۔طلال نے مسکراتے ہوئے کہا۔۔۔

یہ بتاؤ شادی کاارادہ ہے۔۔؟؟

اوہ۔۔تو یہ تھی اصل بات۔۔دیکھیں دادی میرا ابھی شادی کا کوئی ارادہ نہیں ہے۔۔۔تو بھول جائیں آپ۔۔

ایسے کیسے بھول جاؤں۔۔؟؟کسی کو پسند کرتے ہو؟؟

Posted on Kitab Nagri

افف۔۔کیاہو گیاہے آپ کو آج۔۔؟؟میں کسی کو پسند نہیں کر تابس شادی نہیں کرنی ابھی۔۔۔طلال نے سنجید گی سے کہا۔۔

بھئی کیاچاہتے ہو بنااپنے پوتے کی شادی دیکھے ہی اس دنیا سے رخصت ہو جاؤں۔۔؟دادی نے مصنوعی خفگی سے کہا۔۔

ہاں توفائز کی کر دیں۔۔میری ہی کیوں۔۔؟؟اور ایسی باتیں نہ کیا کریں۔۔۔۔

تم بڑے ہونا۔۔۔۔۔

سوری۔۔دادی پر کچھ وقت دیں مجھے پھر بتاتا ہُوں۔۔۔

ٹھیک ہے کل تک کاوقت لے لو۔۔

Posted on Kitab Nagri

دادی۔۔۔یہ کیا۔۔؟؟

---

ناشتہ کرنے کے بعد سب اپنے کمروں میں تھے۔۔ تبھی تمام لوگوں پر ایک بم پھوٹا۔۔۔ مطلب کے اُنہیں خبر ملی کہ آج پھوپو شہناز اپنی فیملی کے ساتھ آ رہی ہیں۔۔۔

چچی جان بلایا آپنے؟؟زوہا نائلہ بیگم کے پاس گئی۔۔

ہاں بیٹا۔۔یہ ذرا لسٹ ہے کچھ چیزوں کی فائز کو بولو لے کے آئے جلدی۔۔

اتنی لمبی لسٹ۔۔؟؟زوہا نے حیرت سے لسٹ کو دیکھا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

آج آرہی ہیں نہ وہ تمہاری پھوپو اور فرید صاحب۔۔تو بس۔۔پتا ہے دودھ پتی خالص چائے۔۔اور بکرے کا گوشت فرید صاحب کے لیے الگ۔۔ شہناز بیگم کے لیے مرغی۔۔ورنہ لمبی لمبی داستانیں سننے کو ملینگی۔۔۔نائلہ بیگم ہنستے ہوئے کہا۔۔۔

ہاہا۔۔ بلکل۔۔ارے ہمارے گھر میں مجال ہے بکرے کے گوشت کے علاوہ کچھ بنے ڈاکٹر نے منع کیا ہوا دوسرا کوئی۔۔اور دال ارے نہیں وہ تو بنتی ہی نہیں ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔زوہا نے پُورے ڈراما ئی انداز سے فرید صاحب کی نقل کی۔۔۔

زوہا۔۔ چچی جان نے زوہا کو آنکھیں دکھائیں۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اچھا۔۔ جارہی ہوں میں اٹھاتی ہُوں فائز کو۔۔۔

ہمم۔۔۔جاؤ۔ میں بھی کچن دیکھوں بھابھی اکیلے ہی لگی ہوئی ہیں۔۔

Posted on Kitab Nagri

فائز۔۔۔بات سنو ذرا۔۔۔زوہا فائز کے کمرے میں گئی۔۔۔

فائز۔۔۔اٹھو۔۔۔زوہا فائز اٹھائے جا رہی تھی مگر مجال ہے جو فائز اٹھتا آخر اتوار کا دن ہے تو ملتا تھا بیچارے کو سونے کے لیے۔۔۔

افف۔۔کیا کروں ڈھیٹ انسان ایسے تو اٹھے گا نہیں۔۔۔زوہا اپنی شہادت انگلی کو بالوں میں گھماتے ہوئے سوچنے لگی۔۔۔۔

زوہا نے سائڈ ٹیبل سے پانی کا جگ اٹھایا اور فائز پر ڈالا۔۔۔

آ۔۔۔اہ۔۔کیا ہے بدتمیز۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

اٹھو جلدی۔۔ صبح ہو گئی ہے۔۔

وہ تو روز ہوتی ہے۔۔۔جاؤ یہاں سے سونے دو۔۔۔

اٹھو۔۔۔ورنہ جو پانی بچا ہے وہ بھی ڈال دونگی۔۔۔زوہا نے دھمکی دی۔۔۔

ہاں۔۔بولو۔۔؟؟

تم آج مجھے آئس کریم کھلانے لے کے جاؤ گے۔۔زوہا نے مسکراتے ہوئے کہا۔۔۔

اچھا۔۔لیکن وہ تو شام میں نا۔۔۔۔ابھی سونے دو۔۔۔

اوہ۔۔ہاں یاد آیا میں تمہیں یہ لسٹ دینے آئی تھی۔۔زوہا نے فائز کو لسٹ دیتے ہوئے کہا۔۔

Posted on Kitab Nagri

اتنی لمبی لسٹ؟؟؟؟تازہ مٹن،خالص دودھ۔۔؟؟چکن۔۔؟؟۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔فائز نے حیرت سے زوہا کو دیکھا۔۔۔

ہاں پھوپو شہناز لوگ آرہے ہیں نہ۔۔زوہا نے ابھی اتنا ہی کہا تھا کہ فائز بول اٹھا۔۔۔

کیا۔۔۔؟؟؟؟کیا کہا۔۔؟؟پھر سے کہنا۔۔؟؟اف نہیں یار۔۔۔فائز پھل ڈرامائی انداز سے کہا۔۔۔

۔جی۔۔۔آگے بتانے کی مجھے بلکل ضرورت نہیں ہے کیونکہ تھوڑی عقل تو ہے تم میں اُسے استعمال کرلینا۔۔ویسے بھی کافی ٹائم سے ایسے ہی سنبھال کے رکھی ہوئی ہے تم نے۔۔۔۔زوہا نے طنزیہ مسکراہٹ سے فائز کو دیکھا۔۔

یااللہ۔۔۔زوہا۔۔۔کبھی کسی بات کا سیدھا جواب تو دینا ہی مت۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ہاں ان شاء اللہ۔ کبھی نہیں دونگی۔۔۔۔۔شاید یہ واحد بات ہے جس پر میں تمہاری پوری فرمانبرداری کرونگی۔۔۔۔زوہا نے رسانیت سے کہا۔۔۔

فائز باہر جانے لگا۔۔۔

یار ایسا ہے کیا اس میں جو کسی کو ہاتھ تک لگانے نہیں دیتا یہ۔۔زوہا نے باکس کی طرف دیکھتے ہوئے آہستہ سے کہا۔۔۔

اس میں میری محبت کی کہانی ہے۔۔کسی نے زوہا کے کان میں سرگوشی کی۔۔۔زوہا ڈر کے پیچھے مڑی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

فائز کے بچے۔۔۔زوہا نے گھور کے فائز کو دیکھا۔۔۔

دیکھو میرے بچوں کو کچھ نہیں کہو۔۔۔فائز نے انگلی دکھاتے ہوئے تنبیہ کرنے والے انداز سے کہا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

دفعہ ہو جاؤ۔۔۔زوہا نے غصے سے کہا۔۔۔

کہاں۔۔؟؟؟

مریخ پر۔۔۔۔کیونکہ تم جیسی مخلوق زمین پر رہنے کے بلکل لائق نہیں ہیں۔۔۔زوہا نے مسکراتے ہوئے کہا۔۔۔

ہاں تم تو دونوں جگہ رہنے کے قابل نہیں ہو۔۔۔فائز کہتا ہوا باہر گیا۔۔

---

سلا لیکم (السلام و علیکم)۔۔۔کیسے ہیں سب۔۔۔ شہناز بیگم اور فرید صاحب اپنی اکلوتی بیٹی منہا کے ساتھ گھر آئے۔۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

جہاں سب لاؤنج میں ہی بیٹھے تھے۔۔۔۔۔۔۔

لو بھئی پھو پھو جی کا سلام آتے ہی لعنت بھی دے دی۔۔۔۔۔زوہانے پھو پھو کی دیکھ منان کے کان میں سرگوشی کی۔۔

زوہا چپ۔۔۔منان نے آہستہ سے کہا۔۔

وعلیکم السلام۔۔۔میرا بیٹا۔۔دادی جان نے بڑھ کے گلے سے لگایا اور باقی سب نے بھی سلام جواب دیا۔۔۔

اور اس بار کافی ٹائم بعد آنا ہوا۔۔

کیا بتاؤ اماں آپکے داماد کو فرصت کہاں ہوتی ہے لانے کی۔۔۔۔۔۔پھو پھو نے دادی جان کو اپنے کم آنے کی وجہ بتائی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

اتنے میں ازا ریفریشمنٹ کی ٹرے لئے لاؤنج میں داخل ہوئی۔۔۔

ارے ازا بیٹا ابھی تک چشمہ لگا ہے۔۔۔شہناز بیگم نے ازا کو چشمہ لگائے دیکھ کر کہا۔۔

جی اب یہ ضروری ہو گیا ہے۔۔۔میں دیکھتی ہُوں کچن میں تائی جان کو ضرورت ہو گی۔۔۔

ازا پھوپھو کو سرسری سا جواب دے کر چلی گئی۔۔۔

اور منہا کیا کر رہی ہو آج کل۔۔؟؟زوہا نے بات کا رخ بدلا۔۔۔

کچھ نہیں پڑھائی چل رہی ہے بس۔۔۔

اچھا۔۔کیوں نہ لنچ کے بعد ہم سب باہر چلیں۔۔؟؟مزہ کرینگے سب کزنز ساتھ۔۔؟؟زوہا نے جوش سے کہا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

جی بالکل۔۔۔۔

السلام وعلیکم۔۔۔

وعلیکم السلام عبیرہ آؤنا۔۔کافی ٹائم بعد آئیں۔۔

ہاں زوہا بس۔۔گھر کی سیٹنگ وغیرہ دیکھ رہی تھی۔۔۔

چلو اچھی بات ہے اب آگئی ہو تو ساتھ چلو ہمارے۔۔۔

کہاں۔۔؟؟

Posted on Kitab Nagri

ہم سب آج باہر جا رہے ہیں آئس کریم کھانے وہ بھی فائز کی طرف سے۔۔۔زوہا نے فائز دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

یا۔اللہ۔۔۔یہ لڑکی تو۔۔۔اس کا بس نہ چلے پورے محلّے کو میرے پیسوں سے آئس کریم منگوا دے۔۔۔فائز نے دل میں کہا۔۔

پاپا جائیں نہ ہم سب۔۔؟زوہا نے حیدر صاحب کی طرف متوجہ ہو کے کہا۔۔۔

بیٹا۔۔جی۔۔۔آپ پوری تیاری پہلے ہی کر چکی ہیں۔۔اور اب پوچھ رہیں ہیں۔۔؟؟اگر منع بھی کر دونگا تو کونسا تم نے ماننا ہے۔۔۔؟؟حیدر صاحب نے زوہا کو زوہا کی ٹون میں جواب دیا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تمام لوگ بھی حیدر صاحب کی بات پر قہقہ لگا رہے تھے۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ہائے۔۔نعیمہ بھابھی۔۔اتنی لمبی لسٹ دے دی ہے کھانے کی امی جان نے۔۔جیسے کوئی بادشاہ آیا ہو گھر میں۔۔نائلہ بیگم نے کچن میں سامان رکھتے ہوئے کہا۔۔

ہاں۔۔تو اس گھر کے اکلوتے داماد ہیں فرید بھائی۔۔اور میں تو شکر کر رہی ہُوں پچھلی بار سے کم ہی ہے۔۔۔نعیمہ بیگم نے مسکراتے ہوئے کہا۔۔۔

ہاں یہ تو ہے۔۔۔لیکن کوئی بات نہیں۔۔ کبھی کبھی چلتا ہے سالوں میں چکر لگتا ہے شہناز کا۔۔۔سائرہ بیگم نے کہا۔۔

ہاں یہ تو ہے۔۔۔چلو جی۔۔۔میں بریانی دیکھ رہی ہُوں بس پیاز کاٹ دیں بھابھی پلیز آپکو۔۔۔نائلہ بیگم نے پیار سے نعیمہ بیگم کی طرف دیکھا۔۔۔

توبہ ہے۔۔۔نائلہ۔۔ہمیشہ پیاز نعیمہ بھابھی سے کٹوا لیتی ہو۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

کوئی نہیں۔۔۔لاؤ میں کاٹ دوں پیاز تم لوگ باقی کام دیکھو۔۔۔نعیمہ بیگم نے پیاز کاٹو کرا اٹھایا۔۔۔

ہائے۔۔بہت شکریہ بھابھی یو آر گریٹ۔۔۔

اتنے میں شہناز بیگم آ گئیں۔۔۔۔بڑا پیار ہے آپ لوگوں میں۔۔۔ویسے اچانک چپ کیوں ہو گئے میرے آتے ہی۔۔؟؟

نہیں۔۔ایسی تو کوئی بات نہیں ہے۔۔آپ بتائیں مجھے بلا لیا ہو تا کچھ کام تھا؟؟نائلہ نے پیار سے کہا۔۔۔

کیوں بھئی میرے بھی گھر ہے کیا اپنی مرضی سے کہیں نہیں آ سکتی گھر میں۔۔؟؟شہناز بیگم نے خفگی سے کہا۔۔۔

نہیں نہیں ایسی بات نہیں ہیں۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ہاں میں نے سوچا مدد کروا دوں آپ لوگوں کی۔۔۔ شہناز بیگم نے مسکراتے ہوئے کہا۔۔

جی۔۔جی۔۔کیوں نہیں۔۔نائلہ نے تمام پیاز لا کے شہناز بیگم کے سامنے رکھیں کیونکہ وہ جانتی تھی کہ شہناز بیگم نے صرف پوچھا ہے کرینگی کچھ نہیں۔۔۔

ارے شہناز تم جاؤ امی پاس ہم ہیں یہاں۔۔۔ نعیمہ بیگم نے کہا۔۔

اچھا چلیں اب آپ کہہ رہی ہیں تو چلی جاتی ہوں۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

زوہا جلدی چلو ویٹ کر رہے ہونگے طلال بھائی اور فائز۔۔۔ ازا نے زوہا سے کہا۔۔

ہاں بس چلو۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

طلال ازامنان اور عبیرہ ایک گاڑی میں بیٹھ گئے۔۔طلال نے ڈرائیونگ سیٹ سنبھالی۔۔۔

زوہااور منہافائز کی گاڑی کی طرف گئیں۔۔۔منہافرنٹ سیٹ پر جاکے بیٹھ گئی۔۔۔

میں؟؟زوہانے آہستہ سے کہاپھر پیچھے جاکے بیٹھ گئی۔۔۔

سب نے پہلے لنچ کیاپھر آئس کریم کھانے کے لیے گئے۔۔۔

منہاکونسافلیور لاؤں؟؟فائز نے منہاکی طرف دیکھ کر کہا۔۔۔

چاکلیٹ۔۔۔منہانے مسکراتے ہوئے جواب دیا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

مجھے اسٹرابیری۔۔۔زوہا نے جلدی سے کہا۔۔۔

تم سے پوچھا کس نے ہے۔؟؟ فائز نے ہنستے ہوئے کہا۔۔ پھر سب زوہا کے اُترے ہوئے چہرے کو دیکھ کے ہنسنے لگے۔۔۔

تمہیں تو بتاتی ہُوں میں انتظار کرو فائز بدلہ نہیں رکھتی کسی کا اور تمہارا۔ نہیں نہیں کبھی نہیں۔۔۔زوہا نے دل میں کہا۔۔۔ پھر چہرے پر مسکراہٹ آئی۔۔۔

کچھ دیر بعد فائز آئس کریم لے کے حاضر ہوا۔۔۔

واہ بھئی ازا اور طلال بھائی نے ایک ہی فلیور لیا ہے۔۔۔ عبیرہ نے ازا کو دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

ہاں بھئی دونوں بورنگ انسان ہیں پتا نہیں کیا دشمنی ہے اچھے فلیور سے۔۔۔فائز نے ہنستے ہوئے کہا۔۔ طلال نے فائز کو گھوری سے نوازا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

سب نے خوب انجوائے کیا پھر واپسی کے لیے گاڑی میں بیٹھ گئے۔۔۔

طلال بھائی۔۔۔روکیں گاڑی۔۔۔ازا نے زور سے کہا۔۔۔طلال نے اچانک گاڑی کو بریک لگائی۔۔۔

کیا ہوا۔۔؟؟ٹھیک ہو تم؟؟طلال فکر مندی سے پوچھا۔۔۔

جی۔۔بلکل ٹھیک۔۔وہ دراصل سامنے جو بک شاپ ہے مجھے وہاں جانا ہے پلیز بس کچھ ٹائم زیادہ نہیں لونگی۔۔بک چاہئے۔۔۔

اچھا ٹھیک ہے تم اور عبیرہ جا کے لے آؤ۔۔۔طلال نے مسکراتے ہوئے کہا۔۔۔واہ میں غلط سمجھتا تھا۔ازا کو اسے تو کتنا شوق ہے

پڑھنے کا۔۔۔طلال نے دل میں سوچا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ہمم۔۔۔لے لیں بوکس۔۔؟؟

جی بھائی۔۔اچھا کونسی لی ہے۔۔؟؟ طلال نے دلچسپی سے پوچھا۔۔

جنت کے پتے۔۔۔پتا ہے بہت اچھا ناول ہے۔۔۔ازا نے خوشی سے بتایا۔۔

یا اللہ۔۔

منان بھی ہنسنے لگا۔۔۔

کیا ہوا؟؟ ہنس کیوں رہے ہو۔۔؟؟ ازا نے منان سے پوچھا۔۔

Posted on Kitab Nagri

نہیں کچھ نہیں۔۔منان نے اپنی ہنسی ضبط کی۔۔۔

&__&_______&&&______&_______

واپسی جاتے ہوئے زوہا جلدی سے فرنٹ سیٹ پر بیٹھ گئی تھی۔۔فائزیہ دیکھ کے ہلکا سا مسکرایا۔۔۔

فائز۔۔۔۔رکو۔۔۔جلدی روکو گاڑی۔۔۔زوہانے فائز کا ہاتھ اسٹیئرنگ سے کھینچتے ہوئے کہا۔۔فائز نے اچانک گاڑی روکی۔۔۔

کیا ہے بدتمیز۔۔۔۔

تمیز سے بات کرو۔۔۔زوہانے فائز کو آنکھیں دکھائیں۔۔۔

ہا۔۔ہاہا۔۔تمیز سے وہ بھی تم سے۔؟؟فائز نے قہقہ لگایا جبکہ منہا حیرت سے انکی باتیں سن رہی تھی۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

فائز۔۔۔۔۔۔۔زوہانے دانت پیسے۔۔۔

اچھا خیر ابھی تم سے بحث کا موڈ نہیں ہے۔۔مجھے گول گپے کھانے ہیں۔۔۔وہاں چلو۔۔۔زوہانے خود کو نارمل کرتے ہوئے کہا۔۔۔

کیا۔۔؟؟نہیں بلکل نہیں گول گپے نہیں کھاؤ گی تم سمجھیں۔۔؟؟فائز نے وارن کیا۔۔۔

نہیں۔۔مجھے کھانے ہیں۔۔۔

کیا بولا آواز نہیں آئی۔۔۔اور آپ ہیں کون میں نہیں جانتا آپکو۔۔فائز نے واپس گاڑی سٹارٹ کی۔۔۔

اچھا نہیں جانتے نہ؟؟

Posted on Kitab Nagri

نہیں۔۔فائز نے نفی میں سر ہلایا۔۔۔

ٹھیک ہے میں چلتی ہوئی گاڑی میں سے چھلانگ لگانے لگی ہوں۔۔اگر گاڑی نہیں رکی تو۔۔۔زوہا نے دھمکی دی۔۔۔

اف۔۔میرے اللہ۔۔ چلتی پھرتی مصیبت ہے یہ۔۔۔فائز نے گاڑی روکی۔۔۔

منہا نے فائز کی بات پر ہنستے ہوئے زوہا کو دیکھا۔۔۔بس اب تو زوہا کو مزید غصّہ آیا اور باہر نکل گئی۔۔۔

ارے زوہار کو۔۔۔فائز بھی پیچھے پیچھے گیا۔۔جبکہ منہا ابھی تک سمجھنے کی کوشش کر رہی تھی کے کیا ہیں یہ دونوں۔۔۔

زوہا گول گپے کھانے کے لیے آگے بڑھی تھی کے فائز نے ہاتھ پکڑا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

چھوڑو میرا ہاتھ۔۔۔

میں نے کہا نہ کہ نہیں کھاؤ گی یہ سب۔۔ سمجھ نہیں آتی۔۔۔

نہیں آپ ہیں کون۔۔؟؟ہاتھ چھوڑیں میرا۔۔۔زوہا نے اپنی ایکٹنگ سٹارٹ کی۔۔۔

کیا؟؟فائز نے حیرت سے زوہا کو دیکھا۔۔

کیا ہوا بیٹی؟؟کوئی مسئلہ ہے۔۔؟؟اتنے میں ایک آنٹی بیچ میں آ گئیں۔۔۔

دیکھیں نہ پتا نہیں کون ہے پیچھے پڑ گیا ہے۔۔۔زوہا نے معصومیت سے کہا۔۔۔

زوہا؟؟

Posted on Kitab Nagri

ارے بھائی صاحب زوہا نہیں ہوں میں نہیں جانتی آپکو جائیں کیوں پیچھے پڑ گئے ہیں؟؟۔۔۔زوہا نے ہاتھ جوڑ کے ڈرامائی انداز سے کہا۔۔۔

ارے۔۔۔شرم نہیں آتی۔۔؟؟ایسے کام کرتے ہوئے۔۔دیکھنے میں تو اچھے بھلے گھر کے لگ رہے ہو۔۔؟؟توبہ توبہ۔۔.آنٹی نے دونوں کانوں کو ہاتھ لگایا۔۔

اور دو تین آنٹیاں مزید آ گئیں۔۔فائز پر حملہ کرنے کو۔۔آج آئی تھی فائز کی شامت۔۔۔

زوہا پہلے ہی دور ہو چکی تھی اور اب مزے لے رہی تھی۔۔۔اب بولو نہیں جانتے مجھے۔۔ہونہہ۔۔۔

فائز جلدی سے آنٹیوں سے بچ بچا کے گاڑی کی طرف بھاگا اور گاڑی سٹارٹ کی۔۔۔

کیا ہوا۔۔؟؟منہا نے فائز کے بکھرے بال۔۔عجیب حالت کو دیکھتے ہوئے پوچھا۔۔

Posted on Kitab Nagri

اب کچھ۔۔ نہیں۔۔۔چلتے ہیں گھر۔۔۔

لیکن زوہا۔۔؟؟

وہ آجائے گی خود۔۔۔فائزنے اکھڑے لہجے میں جواب دیا۔۔۔

---

اچھاازاءکافی ٹائم ہو گیاہے میں چلتی ہُوں گھر کالیج کے ایگزیم ہیں تیاری بھی کرنی ہیں۔۔۔عبیرہ نے ازاءسے کہا۔۔۔

ہاں۔۔ٹھیک ہے ہیلپ چاہیے ہو تو آجانا۔۔

Posted on Kitab Nagri

بلکل۔۔ آپ لوگ سچ میں بہت اچھے لگی ہیں۔۔ میں نے آج پہلی بار لائف میں اتنا انجوائے کیا۔۔۔

ہاں۔۔وہ تو ہے ہم لکی۔۔ قسمت والے۔۔۔ تو ہیں۔۔ اتنے اچھے رشتے ہیں۔۔بس اللہ سلامت رکھے۔۔۔

آمین۔۔۔

اتنی دیر کیوں لگادی آنے میں۔۔؟؟طلال نے فائز سے پوچھا۔۔۔

بس۔۔۔فائز نے اتنا ہی کہا کے ازا بول پڑی۔۔۔

منہا۔۔زوہا کہاں ہیں؟؟

زوہا۔۔وہ۔۔ منہا نے فائز کو دیکھا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

کیاہوا؟؟تم دونوں کے ساتھ ہی تو گئی تھی۔۔؟؟طلال نے فائز کو گھور کے کہا۔۔

ہاں بس جھگڑا ہو گیا تھا تھوڑا ان دونوں کا وہی چھوڑ دیا اُسے۔۔۔منہا نے بتایا۔۔

کیا۔۔؟؟فائز پاگل ہو ایسے کیسے اکیلا چھوڑ دیا؟؟تم لوگ کب۔بڑے ہو گے۔۔؟؟پتا ہے کیا حالات چل رہے ہیں آج کل؟؟طلال غصے بھری نگاہ فائز پر ڈالی۔۔

سوری۔۔۔بھائی۔۔۔

کیا سوری۔۔؟؟جاؤ۔۔لے کے آؤ اُسے۔۔۔طلال غصے سے کہا۔۔

جی۔۔فائز آج واقعی میں بہت برا محسوس کر رہا تھا۔۔کیا یہی ظرف تھا میرا؟اُسے اکیلا چھوڑ کے آگیا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

فائز پہلے اپنے کمرے میں گیا کیونکہ وہ موبائل آج گھر پر ہی چھوڑ گیا تھا۔۔۔

فائز نے گیٹ کھولا تو سامنے منظر دیکھ کے حیران ہوا۔۔

اوہ۔۔کیسے ہو فائز۔۔؟؟ پہچانا کون ہوں میں۔۔؟؟

یااللہ۔۔۔زوہا تم یہاں ہو۔۔۔مجھے اتنی ڈانٹ پڑوا کے سکون سے بیٹھی ہو۔۔رکو بتاتا ہوں ابھی طلال بھائی کو۔۔۔فائز جانے کے لیے مڑا۔۔۔

آں۔۔ہاں۔۔۔یہ دیکھو پہلے جب تک تم پہنچو گے اس سے پہلے یہ ویڈیو فیملی گروپ پر چار چاند لگا رہی ہو گی تو ۔۔۔سوچ لو۔۔۔زوہا نے جلا دینے والی مسکراہٹ چہرے پر سجائے اپنے موبائل میں فائز کی عورتوں سے پٹنے والی ویڈیو فائز کے سامنے کی۔۔۔۔

بیچارہ فائز آج بری طرح پھنس گیا تھا۔۔۔کیا کرتا بیچارہ سوائے انتظار کہ۔۔

Posted on Kitab Nagri

فائز غصے سے پاؤں پٹختا ہوا باہر نکلا۔۔۔۔۔پھر زوہا کا زوردار

قہقہ بلند ہوا۔۔۔

---

ازا ایک بات بتاؤ تمہیں کیسا لڑکا پسند ہے۔۔؟؟منہا ازا اور زوہا لان میں بیٹھے آپس میں بات چیت کر رہے ہیں۔۔۔

ہائے۔۔مجھے نہ بلکل جیسے ناول میں ہوتے ہیں ہیرو ویسے۔۔۔۔۔

کیا۔۔؟

Posted on Kitab Nagri

افف۔۔منہاز یادہ حیران مت ہوئے یہ بیچاری ناول کو

زیادہ سیریس لے لیتی ہے۔۔۔

اوہ اچھا۔۔۔منہا بھی ہنسنے لگی۔۔۔جبکہ ازا نے زوہا کو خفگی سے دیکھا۔۔۔

ازا نے اچانک رونا شروع کر دیا پتا نہیں ایسا کیا یاد آگیا تھا۔۔۔

کیا ہوا ازا؟؟

یار ناول سے یاد آیا۔۔۔وہ حنا کی چوڑیاں ساری ٹوٹ گئیں حنان نے کتنا ڈانٹا تھا۔۔۔ازا نے روتے ہوئے بتایا۔۔۔

کیا۔۔۔؟؟چوڑیاں ٹوٹنے پر تم کیوں رو رہی ہو؟؟منہا نے حیرت سے پوچھا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

اور طلال بھی وہاں آ گیا۔۔

کیا ہوا یہ کیوں رو رہی ہے؟؟ طلال نے ازا دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

چوڑیاں ٹوٹ گئیں ہیں۔۔۔ منہا نے مختصر کہا۔۔۔

افف۔۔ طلال نے اپنے سر پر ہاتھ مارا اور چلا گیا۔۔۔

کچھ دیر بعد طلال ازا اور زوہا کے کمرے میں گیا۔۔۔

ٹھک۔۔ ٹھک۔۔۔ طلال نے دروازے پر دستک دی۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

آجائیں۔۔۔طلال بھائی۔۔۔زوہانے مسکراتے ہوئے کہا۔۔

طلال تو دیکھ کر حیران ہو گیا ازاء تھوڑی دیر پہلے جو رو رہی تھی اب بہت خوش تھی۔۔۔۔

اسے کیا ہوا؟؟ابھی کچھ ٹائم پہلے تو رو رہی تھی؟؟طلال نے زوہا سے پوچھا ازا ناول پڑھنے میں مصروف تھی۔۔۔

ارے ہاں۔۔وہ تو حنا کی چوڑیاں ٹوٹ گئیں تھیں۔۔۔پاگل ہے ناول کو لے کے جذباتی ہو جاتی ہے۔۔خیر اب حنان نے نئی دلا دی ہیں تو خوش ہے۔۔۔۔۔۔زوہانے جواب دیا پھر باہر چلی گئی۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ارے یہ آپ کے ہاتھ میں کیا ہے؟؟ازانے طلال کے ہاتھ میں ایک شاپنگ بیگ دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

کچھ نہیں۔۔۔چوڑیاں لایا تھا۔۔طلال نے بیزاری سے جواب دیا

ہیں؟؟کس کے لیے؟؟ازانے خوشی سے پوچھا۔۔

Posted on Kitab Nagri

حنا کے لیے۔۔۔طلال نے غصے سے کہا۔۔۔۔

---

اور فرید صاحب کیا مصروفیات ہیں آج کل جو اتنا کم آتے ہیں اسلاماباد۔۔؟؟یوسف بیگ نے فرید صاحب سے پوچھا۔۔

بس آپکو تو پتہ ہے کام ہی ایسا ہے۔۔۔بلکل وقت نہیں ملتا۔۔

ہاں یہ تو ہے۔۔۔

بیٹا ازا کے لیے ایک رشتے آیا ہے پرسوں پروین بیگم آئیں تھیں کل لے کر آرہی ہیں لڑکے کی فیملی کو۔۔دادی جان نے حیدر بیگ اور سائرہ بیگم طرف متوجہ ہو کے کہا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

لیکن امی کیا ضرورت ہے۔۔؟اچھا نہیں ہو جائے گا کہ ازا ہماری ہی بہو بن جائے۔۔۔ نعیمہ بیگم نے کہا۔۔۔

ہاں بہو بات کی تھی طلال سے اُسکا کوئی ارادہ نہیں ہے ابھی شادی کا۔۔اب اس چکر میں کتنے رشتوں کو منع کریں۔۔؟؟

ٹھیک ہے ایک بار دیکھ لینے میں کوئی حرج نہیں ہے۔۔۔حیدر صاحب نے کہا۔۔۔

چلیں ویسے بھی قسمت کے کھیل ہیں یہ سارے تو۔۔۔ نعیمہ بیگم نے کہا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

---

کیسے تُجھ کو میں بتاؤں راہیں تیری تکتی جاؤں۔۔۔زوہا گنگناتے ہوئے کمرے میں داخل ہوئی۔۔۔

بس۔۔زوہا۔۔ کتنی بار کہا ہے فضول گانے مت گایا کرو۔۔۔ازا نے زوہا سے کہا۔۔

Posted on Kitab Nagri

توبہ ہے بورنگ انسان۔۔۔۔

اتنی خوشی کیوں جھلک رہی ہے جناب کیا کرنے کا ارادہ ہے بیچارے فائز کے ساتھ۔۔؟؟ازا نے جانچتی نظروں سے زوہا کو دیکھا۔۔۔

ایک سیکنڈ۔۔کیا کہا۔۔؟؟بیچارہ۔۔؟؟ہا۔ہا۔ہا۔۔زوہا نے ہنستے ہوئے کہا۔۔۔

وہ جو پورا دن میرے خلاف سازشیں کرتا رہتا ہے بیچارہ۔۔؟؟ہونہہ۔۔

اچھا رکو میں ایک چیز دکھاتی ہوں تم دونوں کو۔۔۔زوہا نے جھٹ سے اپنا موبائل اٹھایا۔۔۔

اوئے۔۔یہ کیا۔۔؟؟ازا نے فائز کی ویڈیو دیکھی جس میں وہ عورتوں سے پٹ رہا تھا۔۔۔

ایک۔۔۔منٹ۔۔زوہا یہ اسی دن کی ہے نہ۔۔؟؟؟منہا نے کہا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہاں۔۔بڑا آیا۔۔مجھے پہچاننے سے منع کیا تھا نا۔۔۔اب دیکھو پورا گھر فائز کو اچھے سے پہنچان جائے گا۔۔۔زوہا نے آنکھوں میں عجیب سی چمک لیے کہا۔۔۔جس کا صاف مطلب تھا فائز کی اصل شامت ابھی آنی ہے۔۔۔

افف۔۔یار تم دونوں کے پاس کوئی کام نہیں ہے۔۔۔؟؟منہا نے کہا۔۔

Posted on Kitab Nagri

نہیں۔۔کزن جی۔۔انکا دن فائز کے لیے شامت کھڑی کرنے سے شروع ہوتا ہے اور ختم بھی۔۔کچھ اور کام توجب ہو جب یہ لائف کو سیریس لیں۔۔۔ازا نے زوہا کو دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

زوہا نے ازا کو گھوری سے نوازا۔۔۔

---

منان میری بات تو سنو۔۔۔۔۔۔۔۔۔فائز منان کے پیچھے پیچھے بھاگ رہا تھا لیکن منان کانوں پر ہاتھ لگائے فائز کو پوری طرح سے نظر انداز کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

رکو۔۔۔اف۔۔کتنا دوڑا دیا ہے۔۔۔فائز کی سانس پھولنے لگی تھی۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دیکھیں آپ جو چاہتے ہیں نہ وہ میں نہیں کر سکتا۔۔زوہا سارے دن آپ سے بدلے نکالنے کے منصوبے بناتی ہے کافی ہے اپنے پیچھے نہیں لگانا مجھے۔۔۔منان نے دونوں ہاتھ جوڑ کر نہایت سنجیدگی سے کہا۔۔۔

دیکھلو۔۔۔؟؟ پھر میں ابھی جا کے دادی کو تمہارے کارنامے بتاتا ہوں۔۔۔کل جو لنچ پر عبیرہ کو چھپ چھپ کے دیکھ رہے تھے نہ۔۔سب جانتا ہوں بیٹا جی۔۔۔فائز نے مسکراتے ہوئے کہا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

کیا۔۔میں کب میں نے نہیں دیکھا۔۔۔منان نے ڈرتے ڈرتے کہا۔۔

سچ بتاؤ برو ماجرہ کیا ہے۔۔؟فائز نے بھویں اچکائیں۔۔

کچھ بھی نہیں۔۔۔

ٹھیک ہے نہیں ہے۔۔۔لیکن دادی جان وہی مانیں گے جو میں بتاؤنگا۔۔سو۔۔۔اللہ حافظ۔۔۔میں چلتا ہوں۔۔۔فائز جانے لگا۔۔۔

روک لے بھائی۔۔۔روک لے۔۔۔فائز نے دل میں کہا۔۔

ایک۔۔منٹ جاتا ہوں۔۔۔منان نے آنکھوں میں اداسی لیے کہا۔۔۔

یہ ہوئی نہ بات۔۔۔فائز نے منان کو زور سے گلے لگایا۔۔

اچھا نہ چھوڑیں تو۔۔۔بس یہ آخری بار ہے۔۔۔منان نے فائز کو پیچھے ہٹایا پھر انگلی دکھاتے ہوئے اسے وارن کیا۔۔

Posted on Kitab Nagri

ٹھیک ہے جاؤ تو۔۔۔۔

زوہا۔۔ کیا کر رہی ہو۔۔؟؟ منان زوہا کے پاس گیا۔۔ جو بہت بے دلی سے کپڑے پریس کر رہی تھی جیسے کسی نے زبردستی کہا ہو۔۔۔۔

اوہ۔۔۔ منان میری پیارے بھائی۔۔۔ بہت دکھ ہوا یہ جان کر کے تم آج اندھے ہو گئے ہو۔۔۔۔ زوہا نے تاسف سے منان کو دیکھا۔۔۔۔

کیا۔۔؟؟ منان نے جو زوہا کا طنز سمجھ نہیں پایا تھا چھٹی آنکھوں سے زوہا کو دیکھتے ہوئے کہا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہاں تو۔۔۔؟؟ دیکھ نہیں سکتے کپڑے پریس کر رہی ہُوں۔۔۔ زوہا نے اسپاٹ لہجے میں کہا۔۔۔۔

یا اللہ یہ ایسی کیوں ہے۔۔؟؟ منان نے اوپر دیکھ کے کہا۔۔۔

اِدھر دیکھو۔۔؟؟ کیا کہا۔۔؟؟ زوہا نے استری ہاتھ میں اٹھا کر منان کی طرف کی۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

نہیں۔۔۔نہیں۔۔کچھ نہیں۔۔یہ پیچھے کرو۔۔۔پہلے۔۔۔

خیر بولو کیوں آئے تھے۔۔؟؟

وہ آپکو نعیمہ تائی جان بولا رہی ہیں۔۔۔

ٹھیک ہے تم جاؤ میں آتی ہوں۔۔۔زوہا استری سائڈ پر رکھ کر جاتی ہے منان بھی زوہا کے ساتھ ساتھ باہر نکلتا ہے۔۔۔

یا اللہ اب خیر کرنا۔۔منان دل میں دعا کرتا چلا گیا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

فائز چپکے سے زوہا کے روم میں گیا۔۔۔۔

ہاہا۔۔اب بتاتُوں اسی موبائل سے بلیک میل کر رہی تھیں نا۔۔۔فائز نے زوہا کا موبائل اپنی جیب میں ڈالا۔۔۔۔

ایک سیکنڈ فائز۔۔۔فائز نے استری کی جانب دیکھا پھر خود سے گویا ہوا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

اوہ۔۔۔تو میڈم اپنے کپڑے پریس کر رہی ہیں۔۔۔فائز نے استری کپڑوں پر رکھ دی۔۔۔۔اور ہنستا ہوا چلا گیا۔۔۔۔

ازا تائی امی کہاں ہیں؟؟زوہا ازا کے پاس گئی جو یوٹیوب پر ڈرامے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔

ازا۔۔۔ازا۔۔۔۔تم سے بات کر رہی ہُوں۔۔۔زوہا نے ازا کے کان میں چیخ کے کہا۔۔۔۔

افف۔۔کیا ہے۔؟؟؟؟۔ازا نے زوہا کی طرف منہ کیا۔

تائی جان کہاں ہیں؟؟

وہ دادی اور پھوپھو کے پاس تھیں تھوڑی دیر پہلے۔۔۔ازا جواب دے کر واپس ڈراما دیکھنے میں لگ گئی۔۔۔

Kitab Nagri

ازا کیا ہوا یہاں کیوں بیٹھی ہو؟؟؟طلال باہر سے آرہا تھا جب ازا کو لان میں بیٹھا دیکھا۔۔۔

www.kitabnagri.com

کچھ نہیں۔۔۔

کیا ہوا موڈ خراب ہے۔۔؟؟طلال نے ازا کا اُترا ہوا چہرہ دیکھ کر پوچھا۔۔۔

ہاں۔۔وہ نہ۔۔وہ مر رہا ہے۔۔

کون۔۔؟؟

Posted on Kitab Nagri

دانش۔۔۔سچ میں اگر وہ مر گیا تو اچھا نہیں ہو گا میرا کیا ہو گا۔۔۔ازا نے اُداس لہجے میں کہا۔۔۔

کون دانش۔۔؟؟ایک سیکنڈ ناول ہے کوئی؟؟

نہیں نہیں۔۔ناول نہیں۔۔ہے۔۔۔

پھر کون ہے دانش؟؟پسند کرتی ہو اُسے؟؟؟طلال نے حیرت پوچھا۔۔۔

ہاں۔۔بہت بہت زیادہ۔۔۔۔۔۔۔

کیا؟۔۔۔؟۔۔ریلیکس طلال کوئی بات نہیں۔۔طلال نے خود کو ریلیکس کیا۔۔۔۔۔۔لیکن وہ مر کیوں رہا ہے۔۔۔؟؟۔طلال نے نرمی سے کہنے کی کوشش کی۔۔۔

وہ ہے نہ رائٹر اتنا غصّہ آرہا ہے دل چاہا رہا ہے سر پھاڑ دوں بیچارے دانش کو مروا رہا ہے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کیا۔۔؟؟رائٹر؟؟ابھی تو تم نے کہا کے ناول نہیں ہے؟؟طلال پریشان ہو گیا تھا۔۔۔

ہاں تو میں اب بھی یہی کہہ رہی ہوں یہ ناول نہیں ہے۔۔۔ڈراما ہے۔۔۔

ازا نے معصومیت سے کہا۔۔۔

کیا۔۔؟؟طلال اپنا سر پیٹا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ازا۔۔۔۔۔۔حد ہے۔طلال وہاں سے چلا گیا۔۔۔

انہیں کیا ہوا؟؟؟ایسا کیا کہہ دیا میں نے۔۔؟؟ازا نے خود سے کہا۔۔۔

تائی جان آپ نے بلایا تھا۔۔؟؟زوہا دادی کے کمرے میں گئی۔۔۔

میں نے۔۔؟؟نہیں تو۔۔

اچھا۔۔پتا نہیں منان کہہ رہا تھا۔۔خیر چھوڑیں یہ دکھائیں واؤ۔۔۔کتنا پیارا ہے۔۔۔زوہا سونے کے زیورات میں سے ہار اٹھایا۔۔۔

ہاں۔۔۔واقعی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یہ رنگ کتنی پیاری ہے۔۔۔زوہا نے انگوٹی اٹھائی اور پہن لی۔۔۔

ہاں یہ رنگ تو میں طلال کی دلہن کے لئے رکھی ہوئی تھی۔۔۔نعیمہ بیگم نے مسکراتے ہوئے کہا۔۔زوہا نے فوراً رنگ اُتاری۔۔۔

اوہ۔۔۔سوری۔۔لیکن تھی مطلب؟؟

Posted on Kitab Nagri

نہیں کوئی بات نہیں۔۔۔اب ویسے بھی سوچ رہی تھی کہ یہ فائز کی دلہن کو دونگی۔۔۔

زوہانے لاپرواہی سے کندھے اچکائے۔۔

زوہا۔۔تمہیں کپڑے دیے تھے پریس کے لیے؟؟کہاں ہیں۔۔شہناز بیگم نے زوہا سے کہا۔۔۔

ارے ہاں۔۔وہ تو کمرے میں رکھے ہیں ابھی لاتی ہُوں۔۔۔زوہانے اپنے سر پر ہاتھ مارا۔۔۔

چلو میں خود ہی لے لیتی ہوں۔۔۔پھوپھو بھی ساتھ چلنے لگیں۔۔۔

زوہاہاہاہاہا۔۔۔پھوپھو شہناز نے اپنے کپڑے دیکھ کر زور سے زوہا کو آواز لگائی۔۔۔

جی۔۔۔کیا ہوا۔۔؟؟؟

کیا ہوا۔۔۔۔۔؟؟؟؟؟؟؟میرا دس ہزار کا سوٹ تم نے جلادیا۔۔۔اتنا مہنگا سوٹ تھا برانڈڈ۔۔۔شہناز بیگم نے افسوس سے کہا۔۔۔

سوری۔۔پھوپھو پتا نہیں کیسے۔۔۔زوہانے دانتوں تلے زبان دبائی۔۔۔

سوری۔۔۔؟؟تمہارے سوری سے میرا سوٹ ٹھیک ہو جائے گا؟؟؟نہیں نہ۔۔۔شہناز بیگم غصے بھری نگاہ زوہا پر ڈالی۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

کوئی بات نہیں ہو گیا نہ اب تو۔۔دادی جان بھی وہیں آ گئیں۔۔۔

لیکن امی جان۔۔ آپ لوگوں نے اس گھر بچوں کو زیادہ ہی ڈھیل دے رکھی ہے۔۔ ہر بات میں۔۔۔

پھوپھو۔۔۔

زوہا۔۔۔میں ہوں ادھر تم جاؤ۔۔دادی جان نے زوہا کو حکم دیا۔۔۔

ہاں۔۔عبیرہ چلی گئی تھی کیا؟؟ازا کو اچانک عبیرہ کا خیال آیا ان سب میں وہ بھول گئی تھی کہ عبیرہ آئی ہوئی تھی۔۔۔

ہاں چلی گئی ہے۔۔۔کہہ رہی تھی آپ سب کے ساتھ بہت اچھا لگتا ہے پھر آؤنگی۔۔۔

ہاں ویسے وہ ہے بہت پیاری۔۔لیکن رشتوں کی ترسی ہوئی ہے کہہ رہی تھی کہ گھر میں صرف وہ اور اُسکے پاپا ہیں ایک بھائی ہے اُس سے بڑا لیکن وہ پڑھنے کے لیے باہر گیا ہوا ہے۔۔۔۔۔

ہاں شاید ایک بار بتایا تھا مجھے بھی۔۔۔اچھے لوگ ہیں۔۔۔سائرہ بیگم نے کہا۔۔۔

اچھا ازا۔۔۔۔بھابھی نے بات کی تھی تم سے۔۔؟؟

Posted on Kitab Nagri

کس بارے میں۔۔؟؟ازا نے لاپرواہی سے کہا۔۔

ازا۔۔ایسی کوئی چھوٹی بات نہیں ہے کے بھول جاؤ۔۔۔سائرہ بیگم نے ازا کو آنکھیں دکھائیں۔۔۔۔

اوہ۔۔۔اچھا۔۔طلال بھائی کے بارے میں۔۔؟؟ازا نے سر کو خم دیتے ہوئے کہا۔۔۔

ہاں جی۔۔۔بیٹا۔۔ تمہیں کوئی اعتراض ہے۔۔؟؟

نہیں ماما۔۔۔جیسا آپ سب بہتر سمجھیں بس ایک بار پہلے طلال بھائی سے پوچھ لیں۔۔۔ازا نے نظریں جھکائیں۔۔۔خوش رہو بیٹا۔۔۔بس تمھاری طرف سے تو میں بے فکر رہتی ہوں۔۔ لیکن زوہا۔۔اف۔اُسکی طرف سے ہمیشہ پریشان رہتی ہوں۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ماما زیادہ پریشان نہ ہوں زوہا کی تربیت بھی اس گھر میں ہوئی ہے ڈھیٹ اور شرارتی ضرور ہے لیکن سب کا خیال ہے اُسے۔۔۔ازا نے سمجھانے والے انداز سے کہا۔۔۔

ہمم۔۔۔چلو میں جاؤں اب شہناز بیگم کو کچھ کام تھا۔۔۔

جی۔۔۔

❀✿❀✿❀

السلام علیکم دادی جان۔۔۔زوہا دادی کے کمرے میں جاتے ہی ان گلے سے لگ گئی۔۔۔

وعلیکم السلام۔۔میری بچی۔۔۔دادی جان نے بہت ہی پیار سے زوہا کو جواب دیا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

دادی جان پوچھیں اس سے اس نے میرے سارے کبوتر کیوں اڑادیے۔۔۔منان نے غصے بھری نگاہ زوہا پر ڈالتے ہوئے کہا۔۔

منان آرام سے بڑی ہے تم سے۔۔۔منہانے جیسے باروا کرایا۔۔

جی۔سوری۔۔منان نے مختصر کہا۔۔

ہاں بھئی کیا آفت آپڑی تھی۔۔؟؟؟دادی جان اب پوری طرح سے زوہاسے مخاطب تھیں۔۔

دادی جی۔۔وہ ہے نہ میں گئی تھی چھت پر مجھے سارے پرندے اتنے اُداس لگ رہے تھے لیکن آپکو پتا ہے جیسے ہی میں نے پنجرہ کھولا اتنے خوش ہوگئے تھے سب۔۔۔پتا ہے کتنے پیارے لگ رہے تھے اڑتے ہوئے۔۔۔زوہا نے خوشی سے چہکتے ہوئے کہا جیسے کسی کو زندگی بخشی ہو اسنے۔۔

Posted on Kitab Nagri

اور دادی جان کسی کو قید میں رکھنا بھی تو اچھی بات نہیں ہے نہ آزاد کر دینا چاہیے نہ۔۔۔زوہا نے بہت معصومیت سے کہا۔۔دادی جان زوہا کے منہ سے پہلی بار اتنی اچھی باتیں سن رہی تھیں انہیں بھی زوہا کی سوچ پر پیار آرہا تھا۔۔۔

بات تو تمھاری بھی ٹھیک ہے۔۔۔دادی جان نے کچھ سوچتے ہوئے کہا۔۔۔

دیکھا یہی تو۔۔۔زوہا کے چہرے پر فاتحانہ مسکراہٹ تھی۔۔۔جبکہ منان اور منہا دادی جان کو دیکھ رہے تھے۔۔۔

ہاں۔۔لیکن بیٹا کسی کی چیزوں کو بغیر اجازت کے ہاتھ لگانا کہاں کے اخلاق ہیں۔۔۔؟؟دادی جان نے زوہا کو دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

جی دادی سوری۔۔۔سوری منان۔۔لیکن تم بھی اگر پرندے خریدتے ہو اور تمہیں ان سے محبت ہو تو آزاد کیا کرو ثواب بھی ملے گا۔۔۔زوہا نے منان کو دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

بڑی سمجھداری والی باتیں کر رہی ہو آج کل۔۔؟؟خیریت فائز نے ابھی تک تمہارا دماغ خراب نہیں کیا کیا؟؟منہا نے ہنستے ہوئے زوہا سے کہا۔۔۔

نہیں۔۔یار میں بچپن سے ہی سمجھدار تھی۔۔لیکن فائز کے خلاف پلان بنانے کی وجہ سے ذرا ٹائم برباد ہو جاتا ہے۔۔۔زوہا نے تاسف سے کہا۔۔۔

ٹھیک کہہ رہی تھیں زوہا تم۔۔۔میرے کبوتر آزاد زیادہ خوش ہونگے۔۔۔منان نے مسکراتے ہوئے کہا۔۔۔

شکر۔۔۔۔زوہا نے سکون کا سانس لیا۔۔۔

لیکن پھر بھی مجھے بہت یاد آرہی ہے۔۔۔میں روز اُنہیں دیکھتا تھا میرا موڈ اچھا ہو جاتا تھا۔۔منان نے آنکھوں میں اداسی لیے کہا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

افف۔۔زوہانے اپنا سر پیٹا۔۔۔

---

کیا ہوا ایسے کیوں بیٹھے ہو؟؟ فائز آفس سے آیا تو منان لان میں اُداس بیٹھا تھا۔۔۔

کچھ نہیں۔۔زوہانے سارے کبوتر اڑا دیے آج۔۔۔ منان نے منہ لٹکائے کہا۔۔

کیا۔۔ہاہاہا۔۔فائز نے زوردار قہقہ لگایا جبکہ منان اُسے کھا جانے والی نظروں سے دیکھ رہا تھا۔۔۔

اچھا۔۔اچھا۔۔نہیں ہنستا جارہاہُوں۔۔۔فائز اپنی ہنسی ضبط کرتے ہوئے اندر چلا گیا۔۔۔

ہیلو؟؟ فائز کا موبائل رنگ ہوا۔۔۔فائز نے بنا نام دیکھے ہی جلدی میں ریسیو کر لیا۔۔

Posted on Kitab Nagri

السلام علیکم۔۔۔فائز میرا ایک کام کردو۔۔۔طلال نے التجا کی۔۔۔

اوہ نو۔۔۔بھائی کی کال۔۔افف۔۔فائز نے جیسے ہی نمبر دیکھا اپنے آپ سے کہنے لگا۔۔فائز کل سے طلال کی کال پوری طرح سے نظر انداز کر رہا تھا۔۔۔۔

سوری بھائی تھوڑا مصروف ہوں آپ آجائیں پھر بات کرتے ہیں ویسے کتنی دیر لگے گی؟؟۔۔۔فائز نے بات جلدی ختم کرنے کوشش کی ورنہ وہ جانتا تھا اُسکا جھوٹ پکڑا جائے گا۔۔۔

میں بس دو گھنٹوں میں پہنچ جاؤں گا۔۔۔لیکن تم جب تک دادی سے بات کرلو میرے لیے کوئی لڑکی نہ دیکھیں۔۔۔طلال ابھی بول ہی رہا تھا کے فائز نے کال کٹ کر دی۔۔۔

یا اللہ۔۔۔یہ کیا کرنا چاہ رہا ہے۔۔۔طلال پورے راستے بے چین رہا تھا اسکا بس نہیں چل رہا تھا کے اُڑ کے پہنچ جائے۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

بیٹا طلال آنے والا ہے ذرا اُسکا کمرہ دیکھ لینا صاف کروادو اگر نہیں ہے تو۔۔۔نائلہ بیگم نے زوہا سے کہا جو کانوں میں ہینڈ فری لگائے بیٹھی تھی۔۔۔۔

زوہا۔۔۔نائلہ چچی نے زوہا کو آواز دی۔۔

جی۔۔۔زوہا نے فوراًہینڈ فری نکالی۔۔۔

ماشاءاللہ۔۔۔سنا ہی نہیں ہو گا آپ نے۔۔۔؟؟نائلہ بیگم نے ہینڈ فری کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔۔۔۔

جی۔۔،زوہا نے آہستہ سے کہا۔۔

Posted on Kitab Nagri

طلال کا کمرہ ذرا دیکھو جا کے صاف ہے یا نہیں۔۔۔

ٹھیک ہے۔۔میں ازا سے کہتی ہوں۔۔۔کیوں کہ مجھے اپنے پیر پر کلہاڑی مارنے کا کوئی شوق نہیں۔۔۔زوہا نے اپنا خدشہ ظاہر کیا جو تقریباً ٹھیک ہی تھا کیوں طلال کو ہر چیز اپنی جگہ پر ہی چاہیے ہوتی تھی۔۔۔

توبہ ہے زوہا۔۔۔اچھا جاؤ بولو ازا سے۔۔۔مجھے اور بھی کام ہیں۔۔۔نائلہ بیگم بولتی ہوئیں چلی گئیں

کھانے میں آج کیا بنا رہی ہو؟؟ شہناز بیگم کچن میں داخل ہوئیں۔۔۔

آج بریانی بنا رہی ہیں ازا اور منہا۔۔تو شکر ہے ہمیں چھٹی تو مل گئی کچن سے۔۔۔نعیمہ بیگم نے مسکراتے ہوئے کہا۔۔۔

اچھا۔۔ٹھیک۔۔بھئی کچھ میٹھا بھی اچھا سا بنا لو۔۔۔آج کھیر کھانے کا بہت دل ہے ویسے بھی۔۔۔شہناز بیگم نے نئی فرمائش بتائی۔۔

Posted on Kitab Nagri

ارے۔۔پھوپھو آپکو پتا ہے میں اتنی اچھی کھیر بنا سکتی ہوں آج تو میں ہی بناؤں گی کھیر۔۔۔۔زوہا نے خوشی سے کہا جیسے وہ کھیر ایکسپرٹ ہو۔۔۔۔۔

ازا اُسے حیرت سے دیکھ رہی تھی جسے ماچس جلانا جسے ٹھیک سے نہیں آئی کبھی وہ کھیر بنانے کی باتیں کر رہی تھی۔۔۔۔سائرہ بیگم بھی اپنی ہنسی دبائے وہیں کھڑی زوہا کو دیکھ رہی تھیں۔۔۔۔

اچھا۔۔چلو بنالو بس ذرا اچھی بنے۔۔۔۔شہناز بیگم نے کہا پھر کچن سے باہر نکل گئیں۔۔۔۔

سب لوگ کچن سے باہر تھے اپنے کام نمٹا رہے تھے اور زوہا بیچاری کھیر بنانے میں مصروف تھی۔۔۔۔

افف اللہ جی۔۔۔لائٹر کیوں نہیں چل رہا۔۔۔زوہا نے غصے میں ماچس اٹھائی اور جلانے لگی۔۔۔لیکن اُسکی قسمت ماچس ٹھیک سے جلانا نہیں آئی۔۔اور ہلکا سا ہاتھ جلا لیا۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

آوچ۔۔۔افف یہ کیسے ہو گیا۔۔۔

کیاہوازوہا۔۔فائز جو کچن میں پانی پینے آیا تھا اچانک زوہا کی آواز رکا۔۔۔

تمہیں بتا کے کیا ہو جانا ہے۔۔اب تو جل گیا۔۔۔وہ بھی زوہا تھی عام لڑکیوں کی طرح جلنے پر کوئی بڑا اشو نہیں بنایا۔۔

توبہ ہے۔۔کبھی کسی بات کا سیدھا جواب دیا ہے خلائی مخلوق۔۔۔فائز نے اکتاہٹ سے کہا۔۔۔اور جانے لگا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

توبہ ہے۔۔۔بہت ہی خراب ہو تم بندے کا ہاتھ جل گیا یہ بھی نہیں پوچھا ٹیوب لگا دوں۔۔زوہا نے منہ بسورتے ہوئے کہا۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

کیاہواایسے کیادیکھ رہی ہو ہاتھ دو۔۔فائز نے زوہا کو کہاجو حیرت سے فائز کو ہاتھ میں ٹیوب کے ساتھ آتے دیکھ رہی تھی۔۔۔۔

کچھ نہیں۔۔۔۔میں لگالونگی۔۔۔۔زوہانے فائز کے ہاتھ سے ٹیوب لی اور خود لگائی۔۔۔۔فائز بس دیکھتاہی رہ گیا۔۔۔

💖✿ ⚘ ⚘ ❖

السلام علیکم۔۔طلال گھر میں داخل ہو اسب سے سلام کیا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وعلیکم السلام۔۔۔سب نے ایک ساتھ ہی جواب دیا۔۔۔

اور بیٹامیٹنگ کیسی رہی؟؟یوسف صاحب نے پوچھا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

اچھی رہی پاپا۔۔طلال نے مختصر کہ اُسکا ذہن تو فائز کی بات میں اُلجھا ہوا تھا۔۔۔

اچھا چلو تم آرام کرلو۔۔ تھک گئے ہو گے۔۔۔ نعیمہ بیگم نے نے کہا۔۔۔

جی امی۔۔۔بہت۔طلال نے جمائی لیتے ہوئے کہا۔۔۔

ٹھیک ہے آرام کرلو پھر کھانا کھاتے ہیں۔۔۔سائرہ بیگم نے طلال سے کہا۔۔۔

جی۔۔بہت تھک گیا۔۔بس ازا چائے بنادو سر میں بہت درد ہے۔۔۔طلال نے ہمیشہ کی طرح ازا سے کہا وہ ہمیشہ ہی ازا سے کہتا تھا چائے کا جسے آج سب نے بخوبی نوٹ کیا۔۔۔۔۔

دادی جان اور نعیمہ بیگم کے چہرے پر ہلکی سے مسکان آئی۔۔

جی طلال بھائی۔۔ازا بھی ہمیشہ کی طرح تابعداری سے حکم کی فرمانبرداری کرنے لگی۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

طلال پورے گھر میں فائز کو ڈھونڈ چکا تھا لیکن ابھی تک اُسے وہ کہیں نظر نہیں آیا تھا۔۔۔ تھک ہار کے وہ کمرے میں چلا گیا اور بیڈ پر لیٹ گیا۔۔۔

اگر دادی نے یا امی نے کہا تو میں کس منہ سے منع کرونگا۔۔۔ آج تک کوئی بات رد نہیں کی انکی۔۔۔ طلال سوچ ہی رہا تھا کے اُسے کسی کی آہٹ محسوس ہوئی۔۔۔

ٹھک۔۔ ٹھک۔۔۔ دروازے پر کسی نے دستک دی۔۔۔

آجاؤ ازا۔۔ طلال سیدھا ہو کے بیٹھ گیا۔۔۔

آپ کو کیسے پتا چلا میں ہی ہوں؟ مطلب کوئی بھی ہو سکتا تھا؟؟؟ ازا نے حیرانی سے پوچھا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

دراصل مجھے گھر میں سب کی آہٹ کی پہچان ہے۔۔طلال ازا کے اچانک پوچھنے پر کچھ گھبرا گیا۔۔۔

اچھا۔۔آپکی چائے۔۔۔ازا نے چائے کا کپ سائڈ ٹیبل پر رکھا۔۔۔

شکریہ۔۔۔۔طلال نے اتنا ہی کہا۔۔۔پھر ازا بھی چلی گئی۔۔۔

طلال کافی دیر سے اپنے کمرے کا جائزہ لے رہا تھا ہر چیز سلیقے سے رکھی ہوئی تھی۔۔۔۔

عجیب۔۔۔مجھے لگا میں نہیں ہونگا تو کمرہ بگڑا ہوا ملے گا۔لگتا ہے فائز نہیں آیا ہو گا کمرے میں وہ آتا تو یقیناً بکھرا ہوا ہوتا۔۔۔طلال خود سے باتیں کرتا ہوا چائے پینے لگا اور کب نیند کی وادیوں میں چلا گیا اُسے پتا ہی نہیں چلا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

کھانے کی ٹیبل پر سب آ چکے تھے فائز کی طلال سے ملاقات نہیں ہوئی تھی کیوں کہ طلال فائز کو غصّہ دکھا کر بات نکلوا لیتا تو فائز کے لیے بہتر یہی تھا کہ وہ اکیلے میں طلال کے سامنے نہ ہی جائے۔۔۔

طلال بھائی سالگرہ کا گفٹ ہی دے دیتا ہے بندہ۔۔۔فائز نے ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے کہا۔۔۔

کیا مطلب؟؟ کونسا گفٹ میں نے پہلے ہی کہا تھا مجھ سے فضول امیدیں نہ ہی لگایا کرو۔۔۔طلال نے کافی سنجیدگی سے جواب دیا کیونکہ فائز سے ابھی تک وہ غصّہ ہی تھا۔۔فائز بھی اچھے سے جانتا تھا۔۔۔اور یہ بھی کہ سب کے سامنے تو طلال کچھ بول نہیں سکتا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ماشاءاللہ بریانی تو بہت ہی اچھی بنائی ہے۔۔۔فرید صاحب نے بریانی کھاتے ہی کہا۔۔۔

شکریہ ابو جی۔۔۔منہا نے مسکراتے ہوئے کہا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

کیوں۔۔؟؟تم نے بنائی ہے؟؟

ارے نہیں ازااور میں نے مل کر بنائی ہے مجھے کہاں آتی ہے بنانا۔۔۔منہانے صاف گوئی کا مظاہرہ کرتے ہوئے بتایا۔۔۔

طلال آج پھر بریانی کھانے میں مصروف تھا کھانے کے دوران بلکل باتیں نہ کرنے کا عادی تھا۔۔۔

زوہانے سب کو کھیر صرف کی۔۔۔

یار رخ۔۔۔یہ کس نے بنائی ہے؟؟؟فائز نے سب سے پہلے کھیر کھائی اور کھاتے ہیں نقص نکالنا شروع کیے۔۔۔

جس نے بھی بنائی ہو اس نے یہ نہیں کہا کہ آپ کا کھانا ضروری ہے۔۔۔زوہانے فائز کے آگے سے کھیر کی پیالی چھینی۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ہاہاہا۔۔۔ضرور تم نے ہی بنائی ہو گی۔۔۔کھیر کی شکل بتا رہی ہے آج کس قدر ظلم ہوا ہے اس پر۔۔۔فائز نے ہنستے ہوئے زوہا کا مذاق اڑایا۔۔۔

تم سے کس نے رائے مانگی ہے۔۔۔زوہا نے آنکھیں نکال کر کہا۔۔۔

تم مانگتی بھی تو نہیں دیتا۔۔۔۔وہ تو یہاں بیٹھے لوگوں فکر ہے مجھے اسلئے بتا دیا۔۔فائز نے سب کو دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

چھوڑو تم تو ہو ہی فضول انسان۔۔۔پاپا آپ بتائیں نہ کسی بنائی ہے میں نے۔۔۔زوہا فائز کو جھڑکتے ہوئے حیدر صاحب کی طرف بڑھی۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ارے میری بیٹی نے بنائی ہے تو اچھی ہی بنائی ہو گی نہ۔۔۔حیدر صاحب نے جبراً مسکرا کر کہا۔۔کیوں کہ انہیں پتا تھا کھیر واقعی میں خراب ہی بنائی ہو گی۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

زوہا بھی انکی بات پر خوش ہو گئی۔۔۔دادی جان آپ بھی لیں۔۔۔۔زوہا میں دادی جان سے کہا۔۔۔

نہیں نہیں بیٹا مجھے ذیابطیس ہے نہ میں کیسے کھا سکتی ہوں لیکن بنا کھائے ہی پتا ہے بہت عمدہ بنی ہو گی۔۔۔دادی نے اپنی بیماری کو استعمال کرتے ہوئے کہا۔۔۔

اوہ ہاں۔۔ٹھیک ہے میں بھول گئی تھی۔۔۔زوہا نے دانتوں میں زبان دبائی۔۔

ارے دادی کوئی مسئلہ نہیں ہے آپکو چینی سے مسئلہ ہے نمک سے تھوڑی ہے۔۔۔فائز نے ہنستے ہوئے کھیر کی پیالی دادی جان کی طرف بڑھائی۔۔۔

کیا مطلب۔۔؟؟ازا نے منہا کی طرف دیکھا۔۔۔

اوہ۔۔۔نو۔۔۔زوہا۔۔۔منہا نے اپنا سر پیٹا۔۔

Posted on Kitab Nagri

مطلب کچھ نہیں جناب نے چینی کی جگہ نمک ڈالا ہے۔۔۔فائز نے زوہا کو دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

اچھانا۔۔ہو گئی نہ غلطی بس کرو مت کھاؤ۔۔زوہا نے اپنی ہار تسلیم کرتے ہوئے فائز سے کھیر کی پیالی لی۔۔۔اور سیدھا کمرے میں چلی گئی۔۔۔

باقی سب بھی کھانا کھانے کے بعد اپنے کمروں میں چلے گئے۔۔۔طلال فائز کے کمرے کی طرف گیا۔۔۔

فائز۔۔فائز۔۔۔

کہاں گیا؟؟طلال فائز کے کمرے میں موجود تھا اور آوازیں دے رہا تھا لیکن فائز کہیں نظر نہیں آیا تھا۔۔۔طلال فائز کو نا پا کر اپنے کمرے میں چلا گیا۔۔

ازاویسے میں نے بہت محنت سے بنائی تھی کھیر۔۔۔زوہا نے اداس چہرے کے ساتھ ازا سے کہا۔۔

Posted on Kitab Nagri

کوئی بات نہیں یار دوبارہ کوشش کرلینا۔۔۔ان شاءاللہ سیکھ جاؤ گی۔۔۔

ہاں۔۔ویسے ایک بات تو بتاؤ یار تم نے تائی جان سے کیا کہا؟؟

کیا مطلب؟؟؟

ارے طلال بھائی کو کیسے کرو گی برداشت اتنے بورنگ انسان ہیں وہ۔۔۔زوہا نے ازا کی پرواہ کرتے ہوئے کہا۔۔۔

زوہا۔۔۔ایسے نہیں بولتے۔۔۔ازا نے زوہا کو آنکھیں دکھائیں۔۔۔

اوہ ہو۔۔۔تو اب تو لوگ بلکل بھی برائی برداشت نہیں کرینگے واہ بھئی۔۔۔زوہا نے ازا کو چھیڑتے ہوئے شرارت سے کہا۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

جی۔۔نہیں ایسی کوئی بات نہیں ہے۔۔مجھے بس اللہ تعالیٰ پر اور اپنے بڑوں پر پورا بھروسہ ہے وہ میرے لیے جس شخص کا انتخاب کریں گے درست ہی ہو گا۔۔۔ازا نے کافی سمجھداری سے جواب دیا۔۔

لیکن ہر بار بڑوں کے فیصلے ٹھیک بھی تو نہیں ہوتے؟؟؟زوہا نے باقی لوگوں کی زندگی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔۔

ہو سکتا ہے۔۔بڑے بھی انسان ہے ان سے بھی غلطی ہو سکتی ہے لیکن اللہ سے نہیں۔۔وہ جو کرتا اس میں ہماری بہتری ہوتی ہے۔۔ہم اپنے لیے بہتر کی تلاش میں ہوتے ہیں جبکہ اللہ ہمیں بہترین سے نوازدیتا ہے۔۔

زوہا ازا کو حیرانی سے دیکھ رہی تھی۔۔۔

ازا۔۔تمہیں پتا ہے پہلے مجھے لگا تھا کہ طلال بھائی اور تمہارا کوئی میچ نہیں ہے۔۔۔لیکن اب لگ رہا ہے بلکل پرفیکٹ ہے میچ۔۔۔تم ہمیشہ ہر بات میں بہتری سوچتی ہو۔۔۔طلال بھائی کو بھی بورنگ سے کول بنادو گی تم۔۔۔زوہا نے مسکراتے ہوئے کہا۔۔

Posted on Kitab Nagri

منہافائز کوڈھونڈتے ہوئے باہر لان میں گئی۔۔۔۔اف۔۔شکر ہے مل گئے۔۔۔۔

کیاہوا خیریت کوئی کام تھامجھ ناچیز سے۔۔فائز مسکراتے ہوئے کہا۔۔

ہاہا۔۔نہیں بس کچھ بات کرنی ہے۔۔۔

اوہ اچھا۔۔کہو۔۔۔فائز سیدھاہو کے بیٹھ گیا۔۔۔

وہ مجھے نہ طلال بھائی اور ازا کے بارے میں بات کرنی ہے۔۔۔منہاڈائریکٹ مدے پر آئی۔۔۔

اوہ۔۔خیریت۔۔۔فائز کو جیسے جھٹکالگا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ہاں۔۔نعیمہ تائی جان نے ازا سے پوچھا تھا طلال بھائی کے رشتے کے لیے۔۔۔

اچھا کیا کہا ازا نے۔۔۔۔مجھے تو پتا ہی نہیں یہ سب کب ہوا؟؟۔۔۔فائز میں حیرانگی سے پوچھا۔۔۔

ازا نے کیا کہنا ہے وہ تو وہی کریگی جو بڑے کہیں گے۔۔مجھے تم سے پوچھنا تھا کے طلال بھائی صرف ازا کی وجہ سے یہ شادی نہیں کرنا چاہتے یا اپنی وجہ بھی ہی کوئی۔۔۔

کیا مطلب تم سے کس نے کہا۔۔۔؟؟

ازا نے۔دراصل ازا نے اس دن تمھاری اور طلال بھائی کی باتیں سن لی تھیں۔۔۔۔منہا نے تحمّل سے کہا۔۔

اوہ۔۔اچھا۔۔۔۔منہا دیکھو تمہیں نہیں پتا طلال بھائی بچپن سے ہی ایسے ہیں وہ کبھی بھی اپنے دل کی بات نہیں کرتے کسی سے مجھ سے بھی نہیں۔۔۔لیکن میں جانتا ہوں وہ ہمیشہ ازا کے معاملے میں جذباتی رہے ہیں۔۔لیکن

Posted on Kitab Nagri

کبھی نہیں مانیں گے انہیں لگتا ہے خوش نہیں رکھ پائینگے اُسے۔۔۔فائز نے ساری بات تفصیل سے منہا کو بتائی۔۔۔

تو پھر کیا وہ نانی جان کو منع کر دینگے ؟؟؟منہا نے پریشانی سے پوچھا۔۔۔

ارے نہیں ازا کی طرح وہ بھی بڑوں کے کچھ زیادہ ہی فرمانبردار ہیں باقی میں نے کام کر دیا ہے تم دیکھتی جاؤ۔۔۔فائز ہلکا سے مسکرایا۔۔۔

ان شاءاللہ سب اچھا ہو گا۔۔۔

زوہا اپنے کمرے کی کھڑکی میں کھڑی منہا اور فائز کو دیکھ رہی تھی۔۔۔

یہ دونوں کیا باتیں کر رہے ہیں۔۔۔افف۔۔۔۔۔خیر چھوڑو مجھے کیا۔۔۔زوہا نے کندھے اچکائے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

طلال صبح ہوتے ہی سب سے پہلے فائز کے کمرے میں گیا۔۔

فائز۔۔فائز۔۔۔۔۔اٹھو۔۔۔طلال فائز بلانکٹ کھینچا۔۔۔۔

افف۔۔کون ہے۔۔۔سونے دو ابھی وہ کھڑوس آجائیں گے۔۔۔فائز نے دوسری طرف کروٹ لیتے ہوئے کہا۔۔۔

طلال اپنے بارے میں القابات سنتے ہی آگ بگولا ہو گیا تھا۔۔غصے سے فائز کے منہ پر پانی ڈالا۔۔۔

بدتمیز۔۔۔چڑیل۔۔۔دفعہ ہو جاؤ۔۔۔فائز غصے سے بولتا ہوا اٹھا اور آنکھیں کھول کے سامنے طلال کو دیکھا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ارے بھائی آ اآپ۔۔۔میں سمجھا زوہا ہے۔۔۔فائز نے دانتوں تلے زبان دبائی۔۔۔

کچھ کہہ رہے تھے آپ میرے بارے میں۔۔طلال دونوں ہاتھ باندھے کھڑا تھا۔۔

ارے نہیں بھائی میری کہاں مجال میں بس ابھی اٹھنے ہی والا تھا۔۔۔فائز معصومیت سے کہا۔۔۔

اچھا۔۔خیر۔۔جلدی تیار ہو جاؤ۔۔اور ہاں بات سنو یہ کس لڑکی کی بات کر رہے تھے؟سچ بتانا کوئی جھوٹ تو نہیں بولا تم نے۔۔۔؟؟؟طلال نے سنجیدہ لہجے میں بات کی۔۔,

کل رات تک تو جھوٹ ہی لگتا تھا مجھے۔۔۔لیکن سچائی تو ہے بات میں۔۔۔فائز نے دل میں سوچا۔۔۔۔

کچھ پوچھ رہا ہوں۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

اوہ۔۔۔ہاں بھائی جی بلکل سو فیصد خالص سونے کی طرح بلکل خالص سچ تھا۔۔۔فائز نے مسکراتے ہوئے کہا۔۔۔

اچھا۔۔جانتے ہو کس لڑکی سے بات پکی کی ہے؟؟ طلال نے پھر سوال کیا۔۔۔

نہیں وہ تو نہیں جانتا پر دادی جان کو آپ پر پورا بھروسہ ہے کے آپ انکی بات کا مان ضرور رکھیں گے۔۔۔فائز نے جذباتی بلیک میلنگ شروع کی۔۔۔

تبھی منان کمرے میں آیا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

لو جی۔۔طلال بھائی آپ یہاں ہیں کب سے ڈھونڈ رہا تھا آپ کو دادی جان اور تایا جان نے بلایا ہے۔دادی کے کمرے میں۔۔۔۔۔۔منان تیزی سے بولتا ہوا نکل گیا۔۔۔

جائیے آپکا انتظار۔۔۔ہو رہا ہے ادھر۔۔۔فائز نے آنکھوں میں شرارت لیے طلال کو دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

طلال فائز کو گھوری نوازتے ہیں کمرے سے باہر گیا۔۔۔

اِدھر زوہا صبح اٹھی اور فریش ہونے لیے واشروم گئی۔۔۔

جیسے ہی اسنے دانت برش کیے پھر منہ دھونے لیے فیس واش اٹھایا اسپر ایک چٹ لگی تھی۔۔ جس پر صرف ہنسنے والی ایموجی۔۔(شکلیں) بنی تھیں۔۔۔

یہ کہیں فائز کی حرکت تو نہیں ہے۔۔۔ نہیں میں نہیں دھورہی منہ۔۔۔زوہا نے فیس واش واپس جگہ پر رکھا۔۔۔اور صابن استعمال کیا۔۔۔

السلام علیکم۔۔طلال دادی جان کے کمرے میں گیا اور دادی اور یوسف صاحب کو سلام کیا۔۔۔

وعلیکم السلام۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

بلایا تھا آپ نے خیریت۔۔۔طلال نے سیدھا پوچھا۔۔۔

ہاں بیٹا تم سے کچھ بات کرنی تھی۔۔۔دیکھو میں نے پہلے بھی تم سے پوچھا تھا شادی کر کو لیکن تم نے منع کر دیا ۔۔مگر بیٹا ہمیں تو سوچنا ہے نہ تمہارے بھلے کے لیے۔۔۔عمر نکل جائیگی پھر۔۔۔دادی نے پیار سے طلال کے سر پر ہاتھ پھیرا۔۔۔

جی۔۔۔۔طلال نے اثبات میں سر ہلایا۔۔۔سامنے بیٹھے تھے یوسف بیگ صاحب طلال نے کبھی بھی اپنی باپ کے آگے کچھ نہیں بولا تھا وہ جو بھی کہتے وہی کرتا۔۔۔

دادی فائزنے کہا تھا کہ آپ نے مجھ سے پوچھے بنا ہی لڑکی بھی دیکھ لی ہے؟؟ طلال نے بات کی تائید کرنا چاہی۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ہاں بیٹا۔۔۔مجھے یقین تھا تم میرا مان نہیں توڑو گے۔۔۔اور میں نے پہلے بھی تم سے پوچھا تھا کوئی پسند ہے لیکن تم نے کہا تھا کہ کوئی پسند نہیں ہے۔۔۔۔دادی جان نے طلال کو اُسکی کہی بات یاد دلائی۔۔۔

جی دادی۔۔۔آپ لوگ جس سے کہینگے اُسی سے شادی کرونگا۔۔۔میں تو شادی کرنا ہی نہیں چاہتا ابھی لیکن آپ لوگ ضد ہی نہیں چھوڑ رہے۔۔۔آپ کو جیسا ٹھیک لگے آپ کر دیں۔۔۔طلال بول ہی رہا تھا کہ اچانک ایک کال آگئی۔۔۔اور طلال کمرے سے باہر چلا گیا۔۔۔

دیکھ لیا میرا پوتا ہے آخر۔۔۔دادی نے فخریہ انداز سے کہا۔۔۔

لیکن میرا تو بیٹا ہے۔۔بس اللہ سب کو ایسی ہی صالح اولاد عطا کرے۔۔۔یوسف صاحب نے اللہ کی بارگاہ میں ہاتھ اٹھائے۔۔۔۔

چلو پھر آج ہی شادی تاریخ وغیرہ رکھ لیتے ہیں کیونکہ دونوں بچے ایک ہی گھر میں ہونگے تو تاخیر اچھی نہیں ہے زیادہ اور پھر شہناز فرید کو بھی دو ہفتوں میں واپس جانا ہے۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

جی امی جان۔۔۔ آپ شام میں سب کو ایک ساتھ بٹھا کے بات کر لیجئے گا۔۔۔یوسف صاحب نے مشورہ دیا۔۔

---

ناشتہ کی ٹیبل پر سب بیٹھے ہوئے سکون سے ناشتہ کر رہے تھے۔۔ تبھی فائز نے بولنا شروع کیا۔۔۔

زوہا طبیعت ٹھیک ہے آپکی آج؟؟ فائز نے زوہا کو دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

ہیں۔۔۔اللہ جی۔۔اتنی تمیز سے بات کر رہا ہے یہ پکا کچھ گڑبڑ ہے لیکن ایسا کیا کیا ہو گا اس نے۔۔۔زوہا نے دل میں سوچا۔۔۔

جی الحمدللہ ٹھیک ہے۔۔دراصل میرے دشمنوں کی دعائیں آج کل قبول نہیں ہو رہی ہیں شاید اسلئے۔۔۔زوہا نے فائز پر سیدھا طنز کیا جو فائز بخوبی سمجھ گیا تھا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

اچھا۔۔۔فائز نے مختصر کہا۔۔۔

ناشتہ کی ٹیبل پر سب بیٹھے ہوئے سکون سے ناشتہ کر رہے تھے۔۔ تبھی فائز نے بولنا شروع کیا۔۔۔

زوہا طبیعت ٹھیک ہے آپکی آج؟؟فائز نے زوہا کو دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

ہیں۔۔۔اللہ جی۔۔اتنی تمیز سے بات کر رہا ہے یہ پکا کچھ گڑبڑ ہے لیکن ایسا کیا کیا ہو گا اس نے۔۔۔زوہا نے دل میں سوچا۔۔۔

جی الحمدللہ ٹھیک ہے۔۔دراصل میرے دشمنوں کی دعائیں آج کل قبول نہیں ہو رہی ہیں شاید اسلئے۔۔۔زوہا نے فائز پر سیدھا طنز کیا جو فائز بخوبی سمجھ گیا تھا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

اچھا۔۔۔فائز نے مختصر کہا۔۔

فائز بار بار اپنی گھڑی ٹھیک کر رہا تھا جسے منان بہت غور سے دیکھ رہا تھا۔۔۔لیکن اب منان کے دماغ میں سوال آئیں اور وہ نہ پوچھے ناممکن تھا۔۔۔

فائز بھائی آپکی گھڑی آج بہت ہی چمک رہی آج نئی لی ہے؟؟؟منان نے گھڑی کو دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

ارے نہیں وہی ہے پُرانی والی جس پر ہمیشہ تمھاری نظر رہی ہے۔۔۔فائز نے مسکراتے ہوئے کہا۔۔۔

زوہا بھی فائز کی گھڑی دیکھ رہی تھی کیونکہ ہمیشہ اُسے لڑکوں کی جیسے گھڑیاں پہنے شوق تھا جو وہ بخوبی پورا بھی کرتی تھی۔۔اکثر فائز کی ہی غائب کر لیتی تھی۔۔۔۔

اچھا لیکن یہ اتنی صاف کیسے کی۔۔؟؟منان نے پھر سوال کیا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ہاں پہلی بار کچھ اچھا سوال کیا ہے۔۔۔۔۔۔دراصل کیا ہے نہ میں یوٹیوب سے ویڈیو دیکھی تھی ٹوتھ برش پر فیس واش اور الکوحل لگا گھسنے سے گھڑی آرام سے صاف ہو جاتی ہے۔۔۔۔۔۔فائز نے جوس گلاس میں ڈالتے ہوئے کہا۔۔۔

کیا۔۔۔۔؟؟؟زوہا جو چائے پی رہی تھی سنتے ہی ششدر رہ گئی۔۔۔

ویسے منان۔۔۔زوہا کا برش بہت اچھا ہے کافی دن سے سوچ رہا تھا ہر بات پر مجھے دانت دکھاتی رہتی ہے یہ کافی چمکتے ہوئے دانت ہیں آج پتا چلا سارا کمال تو اُسکے برش کا ہے۔۔۔فائز نے چہرے پر تمسخرانہ مسکان لیے زوہا کو دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آ۔ہ۔۔۔گندے۔۔بد تمیز۔۔بداخلاق۔۔۔۔زوہا غصے سے فائز کو مختلف القابات سے نوازتے ہوئے پیر پٹخ کے اپنے کمرے کی طرف بھاگی۔۔۔

ہاہاہا۔۔۔مزہ آگیا۔۔۔فائز نے ہنستے ہوئے کہا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

منان بھی مزے لے رہا تھا۔۔۔

تمہیں بڑی ہنسی آ رہی ہے۔۔۔فائز نے منان کو گھورا۔۔۔۔

شام کے وقت سب لان میں بیٹھے تھے

---

دادی جان انتظار میں تھیں کہ کب طلال آئے پھر وہ سب سامنے ہی شادی کی تاریخ رکھلیں۔۔۔

ازا بیٹا میں رات میں آم لے آیا تھا فرج میں رکھے ہیں لے آؤ سب کھاتے ہیں۔۔۔ ہمدان صاحب نے ازا سے کہا۔۔۔

لیکن چچا جی بارش تو ہو ہی نہیں رہی ہے مزہ نہیں آئیگا۔۔۔زوہا نے منہ بناتے ہوئے کہا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

بیٹا بارش کا ہونا یا نہ ہونا اللہ کی مرضی ہے وہ جب چاہے اپنی رحمت سے نواز دے۔۔۔فلحال آم ہی کھاتے ہیں۔۔ویسے موسم اور ہوائیں تو بارش والی ہی ہیں۔۔۔۔دادی جان نے زوہا کو سمجھاتے ہوئے کہا۔۔

ٹھیک۔۔دادی۔۔

ہاں لیکن تمہارے چھوٹے سے دماغ میں یہ بات سمجھ آئی تو نہیں ہو گی۔۔۔فائز نے زوہا کو دیکھتے ہوئے بولا۔۔۔

ایک تو ہر بات میں تمہیں بیچ میں بولنا ضروری کیوں ہوتا ہے۔۔۔زوہا نے دانت پیسے۔۔۔۔

منہا یار ازا کو دیکھو نہ کہاں رہ گئی ہے۔۔۔زوہا نے منہا سے کہا۔۔

کام چور۔۔سست انسان خود تو جا نہیں سکتی۔۔فائز نے زوہا کو طنز سے نوازا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

شکر آ گئیں۔۔۔زوہا نے جلدی سے آم اٹھائے۔۔اور کھانا شروع کیے جیسے صدیوں سے آم ہی نہ کھائے ہُوں۔۔۔

ارے طلال بھائی آیئے۔۔۔۔جلدی سے فریش ہو کر آ جائیں۔۔۔آم کھاتے ہیں۔۔۔۔منان نے طلال کو آتا دیکھ کہا۔۔۔

ہاں۔۔طلال نے مختصر جواب دیا اور چلا گیا۔۔۔

افف۔۔۔اللہ زوہا تمیز سے کھاؤ۔۔۔منہا نے زوہا کو ٹوکا جو بے دردی سے آم کھا رہی تھی۔۔۔

یہ ایسے ہی کھاتی ہے۔۔۔ازا نے بیزاری سے کہا۔۔۔

ارے۔۔یار تم لوگوں کو کیا پتا آم ایسے ہی کھاتے ہیں جو مزہ ہاتھ سے کھانے میں گٹھلیاں چوسنے میں ہے وہ تمیز سے کھانے میں کہاں ہیں۔۔۔زوہا نے مسکراتے ہوئے کہا زوہا نے ازا کے ہاتھ پر تالی مارتے ہوئے کہا جس سے

Posted on Kitab Nagri

آم سارا ازا کے کپڑوں پر لگ گیا۔۔۔زوہا کی تقریباً پوری قمیض ہی گندی ہو چکی تھی۔۔۔۔۔۔اور ازا بھی فوراً بھاگی۔۔۔۔

فائز چپ چاپ آم کھا رہا آم تھے تو اُسکے بھی پسندیدہ۔۔۔۔

یہ لو زوہا یہ تمہارے لیے اور کھالو ویسے بہت ہی کوئی جاہلانہ طریقے سے کھاتی ہو۔۔فائز نے ساری گٹھلیاں زوہا کو دیں۔۔۔۔۔

شکریہ۔۔۔تمہارے حصے کے نہیں چاہیئے۔۔۔۔زوہا نے منہ بناتے ہوئے کہا۔۔۔

&_&______&&&&&

افف۔۔۔زوہا کی بچی۔۔پتا نہیں کب بڑی ہو گی۔۔۔ازا بڑبڑاتی ہوئی بے دھیان چل رہی تھی۔۔۔کے اچانک سامنے کسی سے ٹکرائی۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

آوچ۔۔۔ازانے فوراً آنکھیں جھکائیں۔۔۔۔

سوری وہ غلطی سے۔۔۔

کوئی بات نہیں دھیان سے چلو۔۔۔طلال نے اتنا ہی کہا جبکہ ازا بہت گھبرائی ہوئی تھی۔۔۔۔

ویسے یہ کیا حالت بنائی ہوئی ہے۔۔؟؟ آم ایسے کون کھاتا ہے۔۔اتنا گند الگ رہا ہے۔۔۔طلال نے ازا کو دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

نہیں۔۔وہ۔۔میں صاف کرنے ہی جا رہی تھی۔۔زوہا سے گر گیا تھا۔۔۔ازا نے جلدی جلدی کہا پھر فوراً چلی گئی۔۔۔

طلال اُسے جاتا دیکھتا رہا۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

اوہ نو۔۔۔بارش شروع ہوگئی۔۔۔۔منان نے زور دار آواز سے کہا۔۔۔۔

ہاں جلدی اندر چلو سب کافی تیز ہے بارش بیمار پڑ جاؤ گے۔۔۔۔سائرہ بیگم اپنی جگہ سے اُٹھیں۔۔۔۔

ہاں میں نہ سب کے لیے پکوڑے بناتی ہوں مزہ آئیگا۔۔۔منہا تم بھی آجاؤ مل کے بناتے ہیں۔۔۔ازا نے چہکتے ہوئے کہا۔۔۔

ہاں چلو۔۔۔پھر بارش انجوائے کرینگے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تمام لوگ اندر چلے گئے جبکہ زوہا ہنوز وہیں کھڑی تھی۔۔۔طلال تو بارش دیکھتے ہی اندر چکا تھا۔۔۔

زوہا۔۔۔اندر آؤ۔۔۔۔فائز نے دور سے زوہا کو کہا۔۔۔جبکہ زوہا تو اپنی دھن میں مگن بارش کا مزہ لے رہی تھی۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

سنائی نہیں دے رہا ہے؟؟؟اندر چلو۔۔فائز نے زوہا کو ہاتھوں سے کھینچا۔۔۔

کیا مسئلہ ہے مسٹر فائز بیگ۔۔۔زوہا نے غصے سے فائز کو آنکھیں دکھائیں۔۔۔

ایک بات سمجھ کیوں نہیں آتی مس زوہا حیدر بیگ؟؟پہلے بھی بیمار ہو گئیں تھیں تم بارش میں۔۔فائز نے فکر مندی سے کہا۔۔

ہاں۔۔تو؟؟تمہیں اس سے کیا ایک سیکنڈ پہلے میں نہیں تم بھی ہوئے تھے بیمار۔۔دیکھو اتنی اچھی بارش ہو رہی ہے اس وقت میرا موڈ تھنس نہنس مت کرو۔۔۔زوہا نے وارن کرنے والے انداز سے کہا۔۔

ٹھیک ہے بس تھوڑی دیر۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

اچھا۔۔۔لیکن انجوئے تو کرنے دو۔۔۔پتا ہے کتنی اچھی لگتی ہے بارش کی خوشبو۔۔۔اہ۔۔۔دل کرتا ہے مٹی کھالوں کتنا اچھا احساس ہے۔۔زوہا جھومتے ہوئے کہا۔۔۔

فائز مسکراتے ہوئے زوہا کو دیکھ رہا تھا جس کی آنکھوں میں ہمیشہ شرارت ہوتی تھی اتنی معصومیت۔۔۔۔

زوہا کافی دیر بھیگتی رہی۔۔۔۔

آچھو۔۔۔آچھ۔۔۔۔فائز کی توہمت جواب دے گئی تھی اُسے بھیگنے کی عادت جو نہیں تھی۔۔۔۔

افف تمہیں کیا ہو گیا ابھی تو اتنی سی دیر ہوئی ہے۔۔۔زوہا بارش کے مزے میں بھول چکی تھی کہ فائز سے اُسکا چھتیس کا آکڑا ہے۔۔۔۔دونوں پھر گھر کے اندر گے۔۔۔

ازا منہا کو پکوڑوں میں لگا کے سب سے چھپ کر چھت پر چلی گئی تھی۔۔۔بارش کی تو دیوانی تھی زوہا سے بھی زیادہ۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ہائے۔۔اللہ جی۔۔۔بارش اور تیز اور تیز۔۔۔بہت تیز کر دیں۔۔۔۔ازا ہنستی ہوئی بارش میں اللہ سے فریادیں کر رہی تھی۔۔۔

لیکن جیسے ہی گھومتے گھومتے آگے ہے سائڈ دیوار کے پاس طلال کو چھپا دیکھ کے حیران رہ گئی۔۔۔۔

یہ یہاں کیا کر رہی ہیں۔۔۔؟؟بورنگ انسان کو بھی پسند ہے کیا بارش یعنی ایسے ہی ناٹک تو نہیں کرتے۔۔۔ہم سب سے چھپاتے کیوں ہیں۔۔۔۔ازا خود سے سوچ رہی تھی۔۔۔۔۔

تم۔۔۔تم یہاں کیا کر رہی ہو؟؟؟طلال نے سنجیدہ رہنے کی کوشش کی ورنہ اُسکی پول کھل جاتی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کچھ نہیں۔۔۔کچھ بھی تو نہیں۔۔۔کپڑے سکھانے رکھے تھے وہی اُتارنے آئی تھی۔۔۔۔ازا نے گھبراتے ہوئے کہا۔۔۔۔طلال تو پہلے ہی ازا کی فریادیں سن چکا تھا اپنی ہنسی دبائے اُسکی گھبراہٹ دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

کچھ نہیں۔۔۔کچھ بھی تو نہیں۔۔۔ کپڑے سکھانے رکھے تھے وہی اُتارنے آئی تھی۔۔۔۔ازا نے گھبراتے ہوئے کہا۔۔۔۔طلال تو پہلے ہی ازا کی فریادیں سن چکا تھا اپنی ہنسی دبائے اُسکی گھبراہٹ دیکھ رہا تھا۔۔۔۔

جاؤ نیچے ورنہ بیمار ہو جانا ہے تمہیں ویسے کبوتر کہاں ہے میں اُنھیں دیکھنے آیا تھا منان کو تو انکا ہوش ہی نہیں ہے۔۔۔۔۔طلال نے سنجیدگی سے کہا

وہ کبوتر۔۔۔۔وہ تو زوہا نے اڑا دیے۔۔۔

اچھا۔۔۔۔۔ مختصر جواب دے کر جانے لگا

ہونہہ۔۔۔ عجیب۔۔۔۔مجھے لگا بارش انجوائے کرنے آئے ہیں۔۔۔۔ازا دل میں بولتے ہوئے دوبارہ بارش میں ہاتھ پھیلائے کھڑی تھی۔

Posted on Kitab Nagri

طلال جو اسے دوبارہ واپس آنے کا کہنے کے لیے مڑا تھا ایسے ہاتھ پھیلائے دیکھ سر نفی میں ہلاتے ہوئے نیچے کی طرف بڑھ گیا۔۔۔

طلال کمرے میں گیا تو سامنے کمرے کا منظر دیکھ کر غصے سے سرخ ہو گیا۔۔۔۔

فائز۔۔۔یہ کیا حالت بنائی ہوئی ہے میرے کمرے کی۔۔؟؟ طلال غصے سے فائز پر چلایا۔۔۔طلال شروع سے صفائی پسند تھا اپنے کمرے میں ذرا سی بھی گندگی برداشت نہیں کرتا۔۔۔

اوہ۔۔سوری بھائی۔۔۔میں دراصل آپکو بولنے آیا تھا کے دادی نے بلایا ہے سب کو اپنے کمرے میں۔۔۔فائز بارش میں اس قدر بھیگا ہوا تھا جس کی وجہ سے طلال کا کمرہ کافی حد تک گندا ہو گیا تھا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ٹھیک ہے جاؤ میں یہ صاف کر کے ہی آؤنگا بس پانچ منٹ میں۔۔۔

ویسے آپ کہاں سے آرہے ہیں۔۔؟؟ بارش میں گئے تھے۔۔؟؟ فائز نے سوالیہ نظروں سے طلال کو دیکھا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

فائز۔۔میرا کمرہ تم پہلے ہی خراب کر چکے ہو۔۔میرا ٹائم برباد کر کے مجھے اور غصّہ دلانے کی کیا ضرورت ہے۔۔؟؟طلال سنجیدگی سے کہتا ہوا واشروم کی جانب بڑھا۔۔۔۔

آچھو۔۔۔۔فائز چھینکتا ہوا باہر نکلا۔۔۔

کچھ دیر بعد ہی تمام افراد دادی کے کمرے میں بیٹھ گئے اور بارش کے موسم میں پکوڑوں کے مزے لے رہے تھے۔۔۔

امی جان میں سوچ رہی تھی کیوں نہ شادی اگلے ہفتے ہی رکھ لیتے ہیں۔۔پھر ہمیں بھی واپس بھی جانا ہو گا۔۔۔۔شہناز بیگم نے بات شروع کی۔۔۔

وہ تو ٹھیک ہے لیکن اب عید کر کے ہی جاؤ گی تم ایک مہینہ ہی تو ہے۔۔۔ہمدان صاحب نے شہناز بیگم کی طرف متوجہ ہو کے کہا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

لیکن۔۔۔

لیکن کچھ نہیں ٹھیک کہہ رہا ہے ہمدان۔۔۔دادی جان نے بات کاٹی۔۔۔۔

امی مزہ آئیگا نہ عید سب کے ساتھ گزرے گی۔۔۔منہا نے مسکراتے ہوئے کہا۔۔۔

ٹھیک ہے پھر۔۔۔فرید صاحب سے پوچھ لو۔۔۔شہناز بیگم فیصلہ فرید صاحب کے ہاتھ میں دے دیا تھا۔۔۔

جیسا میری بیٹی کہے۔۔۔فرید صاحب نے مسکرا کر منہا کو کہا۔۔۔

بس پھر طے ہو گیا عید آپ لوگ ہمارے ساتھ ہی منائیں گے۔۔۔زوہا نے خوشی سے چہکتے ہوئے کہا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

افف۔۔۔کان پھاڑو گی میرے۔۔۔فائز نے اپنے کانوں کو ہاتھ لگایا۔۔۔

زوہا نے فائز کو گھور کے دیکھا۔۔۔

ٹھیک ہے۔۔پھر طلال مصروف تو نہیں ہو نہ ؟دادی جان نے طلال سے کہا جو اپنی ہی دنیا میں مگن تھا۔۔۔

جی۔۔وہ اس ہفتے دوبارہ جانا ہے لاہور۔۔۔مجھے۔۔۔

ہاں تو کوئی نہیں فائز دیکھ لے گا وہ سب۔۔۔

جیسا آپکو ٹھیک لگے پھر۔۔۔طلال نے اتنا ہی کہا۔۔۔

ٹھیک ہے پھر آج سے تیاریاں شروع کر دو نعیمہ بیگم۔۔۔اگلے جمعہ کو مہندی کہ فنکشن رکھ لیتے ہیں۔۔۔اور حیدر بیٹا کارڈز وغیرہ بھی چھپوالو۔۔۔دادی جان ایک ایک کر کے یوسب کو ہدایت دے دے رہی تھیں۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ارے امی جان آپ فکر نہ کریں سب ہو جائے گا۔۔۔اتنے لوگ ہیں گھر میں سب مل لے آرام سے نمٹا لیں گے سارے کام۔۔۔نائلہ بیگم نے بھی حصہ لیا۔۔۔

ہاں۔۔اور ایک ہفتہ بہت ہے میرے خیال سے۔۔۔سائرہ بیگم نے کہا۔۔۔

ارے واہ۔۔ہمارے گھر میں شادی ہو گئی کتنا مزہ آئیگا۔۔۔میں بہت زیادہ خوش ہوں۔۔۔لیکن جمعہ کو مہندی پھر برات پھر ولیمہ۔۔۔بس تین فنکشن۔۔۔۔زوہا نے خوشی سے کہا پھر فنکشن کم ہونے کی وجہ سے منہ بنایا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تو کیا چاہ ہو رہی ہو۔؟؟؟دس بارہ ہونے چاہیے؟؟

نہیں امی۔۔۔کیوں نہ ہم مہندی والے دن نکاح پہلے کر دیں کتنا مزہ آئیگا نہ۔۔۔مہندی اور نکاح ایک دن۔۔پھر برات اور ولیمہ۔۔زوہا نے اپنا مشورہ دیا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

آچھو۔۔۔طلال کو بھی زکام ہو چکا تھا۔۔۔امی میں ذرا کمرے جا رہا ہُوں طبیعت کچھ ٹھیک نہیں ہے۔۔۔

جاؤ بیٹا۔۔میں قہوہ بھجواتی ہُوں۔۔نعیمہ بیگم نے طلال سے کہا۔۔طلال سیدھا اپنے کمرے میں گیا۔۔۔

ازا بیٹا ذرا قہوہ بنا دو۔۔۔نعیمہ بیگم نے ازا سے کہا۔۔۔

میں بنا دیتی ہُوں ازا تم پہلے فریش ہو جاؤ بال سکھا لو ورنہ تم بھی بیمار پڑ جاؤ گی۔۔۔منہا نے ازا کو دیکھتے ہوئے فکر مندی سے کہا۔۔۔

منہا فائز کے لیے بھی بنا دینا اُسے بھی زکام ہے۔۔۔زوہا نے منہا کو جاتے ہوئے روک کر کہا۔۔۔ازا بھی جانے لگی۔۔۔

ٹھیک۔۔۔ہے۔۔

Posted on Kitab Nagri

ویسے سائرہ بیگم زوہا نے مشورہ تو اچھا دیا ہے۔۔۔ویسے بھی دونوں بچے ایک ہی گھر میں ہونگے نکاح پہلے ہو جائے تو اچھا ہے۔۔۔دادی جان نے سائرہ بیگم کی طرف متوجہ ہو کے کہا۔۔۔

ہاں مجھے بھی کوئی اعتراض نہیں ہے لیکن کیوں نہ ہم نکاح پرسوں کر دیں۔۔کیوں کہ جمعہ کا دن ہو گا پھر اگلے ہفتے سے سارے فنکشن شروع کرلینگے۔۔۔بس اللہ نصیب اچھے کرے۔۔۔

ہاں میں بھی یہی سوچ رہا تھا۔۔۔یوسف صاحب نے سائرہ بیگم کی بات سے اتفاق کرتے ہوئے کہا۔۔۔

چلیں پھر مٹھائی تو بنتی ہے۔۔۔فائز نے خوشی سے چہکتے ہوئے کہا۔۔۔

ہاں میں ابھی لاتی ہوں۔۔زوہا بھاگتی ہوئی کچن میں گئی اور مٹھائی لے کے آئی۔۔۔

واؤ۔۔کتنا مزہ آیئگا طلال بھائی کی شادی ہو گی۔۔۔منان نے خوشی سے کہا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

مبارک ہو بھابھی۔۔سائرہ بیگم اور نعیمہ بیگم دونوں ایک دوسرے کے گلے لگیں۔۔۔

زوہا جاؤ ازا کو بھی کھلاؤ مٹھائی اور فائز منہا کچن میں قہوہ بنا رہی ہے تم طلال کا جا کے ذرا منہ میٹھا کرواؤ قہوہ بھی لے جانا ساتھ۔۔۔شہناز بیگم نے مسکراتے ہوئے فائز سے کہا۔۔

جی۔۔۔جاتا ہوں۔۔۔ویسے بھی انہیں زیادہ ضرورت ہے۔۔۔فائز نے ہنستے ہوئے کہا۔۔۔

اسی طرح ازا اور طلال کا نکاح سب کی رائے کے مطابق جمعہ کو طے پایا۔۔۔

اب کمرے میں صرف گھر کے بڑے تھے۔۔۔

امی جان زوہا کے لیے باجی نے اپنے بیٹے کا کہا ہے۔۔۔سائرہ بیگم نے دادی کو بتایا۔۔

Posted on Kitab Nagri

اچھا۔۔ تمھاری بڑی والی بہن۔۔رضیہ کا بیٹا۔۔۔۔

جی امی جان۔۔۔کافی وقت ہو گیا ہے اب تو ملے۔۔۔لیکن آپ کو تو پتا ہے انکے گھر کا ماحول۔۔۔لڑکا بھی اچھا ہے۔۔کل رات فون آیا تھا باجی کا۔۔۔۔

لیکن سائرہ جہاں تک میرا خیال ہے زوہا کو فائز کے علاوہ اور فائز زوہا کے علاوہ کوئی برداشت نہیں کر سکتا۔۔۔نعیمہ بیگم نے اپنی رائے دی۔۔۔

جی۔۔بھابھی تبھی میں نے اور حیدر نے سوچا کہ پہلے آپ لوگوں سے بات کر لیں۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میرا تو تمہیں پتا ہے ازا اور زوہا میں کبھی فرق کیا ہے میں نے؟؟

ارے نہیں بھابھی ایسی بات نہیں۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ٹھیک ہے پھر میں دونوں سے پوچھ لیتی ہُوں کیوں کے بچوں سے بنا پوچھے کوئی فیصلہ نہیں کرنا چاہتی۔۔۔میں نہیں چاہتی اُن کے ساتھ زبردستی ہو۔۔۔دادی جان نے صاف گوئی سے کہا۔۔

جی۔۔امی اور ویسے بھی میں سوچ رہی ہوں کے فائز اور زوہا کی حرکتیں ابھی ذرا امیچور ہیں صرف منگنی کر دیتے ہیں ازا کی شادی میں ہی۔۔۔۔نعیمہ بیگم نے اپنی رائے دی۔۔۔

ہاں یہ بھی ہے۔۔ویسے پتا نہیں کیا بنے گا دونوں کا۔۔۔

---

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ٹھک۔۔ٹھک۔۔۔فائز نے دروازے پر دستک دی۔۔۔

آ جاؤ۔۔۔طلال نے آہستہ آواز سے کہا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

فائز ہاتھ میں قہوے کے دو مگ اور مٹھائی ساتھ لایا تھا۔۔۔

پہلے قہوہ پی لیں۔۔۔پھر مٹھائی کھائیں گے۔۔۔فائز طلال کو مگ دیتے ہوئے بولا۔۔۔

شکریہ۔۔۔لیکن مٹھائی کس خوشی میں؟؟طلال نے مٹھائی کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

حد ہے مطلب ابھی کچھ ہی دیر پہلے آپکی اپنی شادی کی ڈیٹ فکس ہوئی ہے۔۔۔فائز نے اسے باور کرایا۔۔۔

اوہ اچھا۔۔۔طلال نے لاپرواہی سے کہا۔۔۔

بھائی خوش تو ہو نہ؟؟فائز نے طلال کی آنکھوں میں دیکھ کر پوچھا۔۔لیکن طلال اپنی آنکھوں میں ہمیشہ راز دبائے رکھتا کوئی بھی پڑھنے سے قاصر ہی رہتا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

کیا مطلب خوش ہُوں؟؟شادی ایک نہ ایک دن تو کرنی ہی تھی خوشی کیسی؟؟؟طلال نے اسپاٹ لہجے میں کہا۔۔۔

آپ کو پتا ہے آپ کی شادی کس سے ہو رہی ہے؟؟ماشاءاللہ بھابھی بہت پیاری ہیں۔۔۔۔

کیا کروں پتا کر کے۔۔؟؟دادی جان نے جس لڑکی کو پسند کیا ہے مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے۔۔۔اور اللہ نے جو میرے لیے سوچا ہے اچھا ہی ہو گا۔۔۔

ٹھیک چلتا ہوں میں جمعہ کو نکاح ہے آپکا۔۔۔مبارک ہو۔۔۔فائز بولتا ہوا کمرے سے چلا گیا۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

طلال کھڑکی کے سامنے آسماں پر اندھیرے میں روشن چاند کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔اچانک اُسے ازا کا خیال آیا۔۔۔

نہیں۔۔۔طلال یہ غلط ہے وہ معصوم مجھے بھائی سمجھتی ہے اپنا۔۔۔اور میں۔۔۔۔طلال تمھاری شادی اب کسی اور سے ہو رہی ہے۔۔۔طلال خود سے باتیں کر رہا تھا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

مجھے اب بلکل نہیں سوچنا چاہیے۔۔۔ویسے بھی میں ازا کو خوش نہیں رکھ پاؤنگا ازا کو کیا کسی کو بھی نہیں۔۔۔وہ اچھا لائف پارٹنر دیزرو کرتی ہے۔۔۔

اللہ تعالیٰ بس اُسے ہمیشہ خوش رکھنا آج کے بعد کبھی میرے دل میں اُسکا خیال نہ آئے مجھے نہیں پتا کے مجھے کبھی ازا سے محبت بھی ہوئی ہے یا نہیں لیکن۔۔۔۔میں اب کسی اور منسلک ہونے جا رہا ہوں۔۔۔یا اللہ بس میری ذات سے کسی کو دکھ نہ ہو۔۔۔طلال نم آنکھوں سے اللہ سے باتیں کر رہا تھا۔۔ایسے کیسے ہو سکتا ہے بندہ کسی اور کی خوشیاں اللہ سے طلب کرے اور اللہ اُسے دکھ دے۔۔؟؟اُسکی خوشی کیوں نہ دے.۔۔؟؟طلال بھی انجان تھا ہر بات سے۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

---

اوہ۔۔۔ازا بہت بہت مبارک ہو۔۔۔پتا ہے میں اتنا اتنا اتنا خوش ہوں۔۔۔ تمھاری شادی ہو گی کتنا مزہ آئیگا۔۔۔زوہا خوشی سے جھلک رہی تھی۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

میں سوچ رہی تھی کل عبیرہ کے گھر چلتے ہیں اُسے بھی نیوز دیتے ہیں۔۔۔مٹھائی لے کے۔۔۔۔منہانے دونوں کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

ہاں۔۔تم دونوں چلے جانا۔۔۔

ہاں۔۔بھئی اب دلہن خود مٹھائی دینے جائیگی کیا۔۔ہاہا۔۔۔زوہا نے ہنستے ہوئے کہا۔۔ازا نے زوہا کو آنکھیں دکھائیں۔۔۔

ہائے۔۔گرلز۔۔آجاؤں؟؟؟فائز منان کو لے کے پہنچ گیا۔۔۔

)تم الریڈی(..پہلے سے

اندر ہی ہو۔۔۔۔زوہا نے فائز کے پیروں کی طرف اِشارہ کرتے ہوئے کہا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

اف۔۔ چھوڑو ابھی موڈ نہیں ہے لڑنے کا۔۔۔ میری بات سنو سب۔۔۔۔فائز مدے پر آیا۔۔۔

بولو۔۔؟؟

دیکھو طلال بھائی نے ابھی تک نہیں پوچھا دادی سے کہ لڑکی کون ہے۔۔۔۔۔فائز نے بات شروع کی۔۔۔

کیا۔۔؟؟ازا اور زوہا نے حیرت سے فائز کو دیکھا۔۔۔

ہاں۔۔۔تو ہم میں سے کوئی بھی اُنہیں نہیں بتائیگا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

لیکن یہ غلط بات ہے میں ابھی طلال بھائی سے بات کرتی ہوں۔۔ازا نے مداخلت کی۔۔۔

کیوں۔۔۔؟؟کوئی غلط نہیں۔۔۔اور ازا۔۔۔پلیز یہ بھائی بولنا تو چھوڑ دو اب۔۔۔فائز نے ہنستے ہوئے ازا کو چھیڑا۔۔۔ازا چہرہ شرم سے لال ہو گیا تھا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ویسے فائز پہلی بار کوئی اچھی بات کی ہے تم نے۔۔۔زوہا نے کہا۔۔۔

تمہارے کمپلینٹ کی ضرورت نہیں تھی ویسے۔۔۔فائز نے بے نیازی سے کندھے اچکائے۔۔۔

لیکن گھر میں سے کسی نے بول دیا تو۔۔؟؟؟منہا نے اپنا خدشہ ظاہر کیا۔۔۔

ارے اُسکی فکر نہ کرو وہ سب میرے ہاتھ میں ہے۔۔۔

ٹھیک ہے۔۔۔

ویسے ازا آپس کی بات ہے طلال بھائی تمہیں پسند تو کرتے ہیں بہت۔۔۔فائز نے آنکھ مارتے ہوئے کہا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

بد تمیز۔۔۔جاؤ یہاں سے۔۔۔ازا نے کشن اٹھا کر فائز کو مارا۔۔۔

یار کل کا دن کتنا مصروف ہو گا نہ شاپنگ بھی تو کرنی ہے۔۔۔زوہا نے منہا کو دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

ہاں۔۔میں بھی یہی سوچ رہی تھی۔۔۔ہم سب نکاح پر ایک جیسے سوٹ بنائیں؟؟مطلب تم میں اور عبیرہ۔۔۔منہا نے خوشی سے کہا۔۔۔

ارے ہاں مزہ آئیگا۔۔۔

ویسے ازا تم تو شادی کر کے یہیں آجاؤ گی۔۔۔ویسے ہی گزرے گی زندگی مطلب کوئی مزہ ہی نہیں ہو گا کچھ نیا بھی نہیں نہ ساس کی ٹینشن نہ کوئی نندوں کا جھگڑا یار کتنی بورنگ لائف ہو جائیگی تمھاری۔۔۔زوہا نے تاسف سے کہا۔۔۔

توبہ۔۔۔ہے زوہا۔۔۔اللہ کا شکر ہے۔۔زندگی سکون میں ہو گی تائی جان جیسے ساس ہو نگی۔۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

کیا یار پتا ہے میں تو ایسے گھر میں شادی کرونگی جہاں ساس ہوں نندیں ہوں۔۔۔سب مجھ سے جھگڑا بھی کریں۔۔۔بلکل ٹیپیکل بہو اور بھابھی بنونگی۔۔۔زوہا نے شرارت سے کہا۔۔

اللہ نہ کرے۔۔زوہا ایسے نہیں بولتے۔۔۔ تمہیں پتا ہے یہ چھوٹے چھوٹے رشتے اور انکی خوشیاں کتنی اہم ہوتی ہیں۔۔۔اللہ کا شکر ادا کرو ہمارے گھر میں سب پیار سے رہتے ہیں۔۔۔اور برائے مہربانی اپنے لیے بھی اچھے سسرال کی دعا کر لیا کرو۔۔۔ازا نے زوہا کو سمجھاتے ہوئے کہا۔

آج بھی آفس جا رہے ہیں آپ؟؟؟منہا نے طلال کو جاتے ہوئے دیکھ کر کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہاں کیوں آج کیا ہے؟؟طلال نے لاپرواہی سے پوچھا۔۔۔

نہیں مطلب کل نکاح ہے آپکا۔۔۔منہا نے یاد دلایا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

اچھا۔۔۔تو کل ہے نا۔۔۔کل آجاؤں گا جلدی۔۔فائز کو بولنا وہ گھر پر رہے یہاں ضرورت ہو گی مجھے آفس میں بہت کام ہے۔۔۔۔طلال اپنی بات کہتا ہوا آگے بڑھ گیا۔۔۔۔

ٹھیک ہے لیکن۔۔۔منہا بول ہی رہی تھی لیکن طلال بنا سنے آنکھوں پر سن گلاسز لگاتے ہوئے نکل گیا۔۔۔

ہونہہ۔۔عجیب۔۔۔منہا بڑبڑاتے ہوئے اندر گئی۔۔۔۔

کیا ہوا تمہارا چہرہ کیوں اُترا ہوا ہے۔۔؟؟ازا نے منہا کو دیکھا جس کا چہرہ اُترا ہوا تھا۔۔۔

کچھ نہیں۔۔۔ہمارے دولہے بھائی ہیں نہ صرف اپنی بات بولتے ہیں۔۔مطلب یار بندہ اپنے نکاح پر شاپنگ نہیں کرے گا نکاح والے دن بھی آفس جائیگا۔عجیب۔آہ۔۔۔ازا کیسے برداشت کرو گی۔۔۔۔منہا ایک ہی سانس میں سب کچھ بول گئی تھی۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ہاہا۔۔۔طلال بھائی کے پاس سے آرہی ہو۔۔۔یار وہ ہمیشہ سے ایسے ہی ہیں۔۔۔ازا نے ہنستے ہوئے کہا جس سے اس کے گالوں پر پڑتا ڈمپل مزید نمایاں ہو رہا تھا۔۔۔

اوہ ہو۔۔۔مطلب اب لوگ انکے ذکر پر ہنسنے لگے ہیں۔۔۔واہ بھئی۔۔ماشاءاللہ۔۔۔اللہ نظر بد سے بچائے۔۔۔۔منہا نے مسکراتے ہوئے کہا۔۔۔۔

منہا۔۔۔۔ازا نے منہا کو آنکھیں دکھائیں۔

اچھانا۔۔لیکن یہ بھائی بولنا چھوڑ دو۔۔نکاح ہے کل آپکا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہاں تو کل ہے نہ جب تک بول لیتی ہُوں۔۔اب عادت بنی ہوئی ہے۔۔۔۔۔

تم ایک کام کرو آئینے کے سامنے جاؤ اور طلال بھائی کا نام لینے کی کوشش کرو۔۔۔منہا نے ہنستے ہوئے کہا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

کیا۔۔؟؟کتنا عجیب لگے گا۔۔۔ازا نے اُکتاہٹ سے کہا۔۔۔

اچھا اور وہ جو نکاح کے بعد تم نے بھائی بول دیا تو عجیب نہیں لگے گا۔۔؟؟منہا دونوں ہاتھ باندھے کھڑی تھی۔۔۔

ہاں۔۔یہ تو ہے۔۔۔سوچو نگی۔۔۔۔

اچھا ٹھیک ہے میں جا رہی ہوں امی نے بلایا تھا۔۔تم بھی ذرا پو چھلو شاپنگ کے لیے کب نکلنا ہے۔۔۔منہا نے کہا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ازا نے اثبات میں سر ہلایا۔۔۔

منان منان۔۔۔زوہا منان کے پاس گئی۔۔

Posted on Kitab Nagri

کیا ہوا آہستہ بول لیا کرو کبھی۔۔۔یہیں تو ہُوں۔۔۔

چھوڑو میری آواز کو یہ بتاؤ فائز کہاں ہیں صبح سے نظر نہیں آیا۔۔۔

حیرت ہے۔۔؟؟تم اور وہ بھی فائز کو ڈھونڈ رہی ہو مجھے لگتا ہے کوئی خواب دیکھ رہا ہوں۔۔۔منان نے تمسخر اڑایا۔۔۔

اہ۔۔افف۔۔پاگل ہو گئیں۔۔؟؟زوہا نے منان کو چیونٹی کاٹی۔۔۔۔

کیا مطلب خواب سے بیدار کیا ہے آپکو جناب۔۔۔اب سیدھی طرح بتاؤ فائز کہاں ہے کل میری بہن کا نکاح ہے سب کو شاپنگ پر جانا ہے اور وہ صاحب پتا نہیں کہاں غائب ہیں۔۔۔۔زوہا نے پریشانی سے کہا۔۔۔

اوہ۔۔اچھا۔۔اپنا ہی کام تھا۔۔میں یہی کہوں آپ کو کیسے یاد آگئی انکی۔۔۔منان نے ہنستے ہوئے کہا۔۔

Posted on Kitab Nagri

وہ کوئی یاد رکھنے والی چیز تو ہے نہیں۔۔۔۔

بلکل۔۔وہ تو انسان ہیں۔۔۔منان نے کہا۔۔

افف۔۔منان آج کچھ زیادہ ہی نہیں بول رہے۔۔۔۔زوہا نے غصے سے کہا۔۔۔

اچھا۔۔نا۔۔بتا رہا ہوں۔۔وہ ابھی تک سو رہے ہیں۔۔

کیا؟؟مطلب گھر میں اتنا کام پڑا ہے صاحبزادے ابھی تک اپنی نیندیں پوری کر رہے ہیں۔۔زوہا نے حیرت سے کہا۔۔۔

زوہا تیزی سے بھاگتی ہوئی فائز کے کمرے میں پہنچی۔۔۔سب سے پہلے ساری کھڑکیاں کھولیں تا کہ سورج کی کرنیں فائز کے منہ پر پڑیں۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

کون ہے بند کرو ایسے۔۔۔فائز کی نیند میں خلل پیدا ہو چکی تھی آدھی آنکھ کھولے وہ اپنے کمرے میں موجود شخص سے مخاطب تھا۔۔۔

اٹھو۔۔ابھی۔۔۔زوہا نے فائز کو اٹھاتے ہوئے کہا۔۔۔

سونے دو ہر جگہ سکون برباد کرنا لازم ہوتا ہے۔۔۔

مرضی ہے۔۔جہنم میں جاؤ میری طرف سے میں تو تمہارا بھلا کرنے آئی تھی۔۔۔

ایک سیکنڈ یہ ہر وقت جہنم میں کیوں بھیجتی ہو۔۔وہاں جا کے کونسا مجھے سکون ملے گا۔۔۔تم تو سب سے پہلے ہی وہاں موجود ہو گی۔۔۔۔۔فائز نے مسکراتے ہوئے کہا اور بلانکٹ اوڑھ کے واپس سونے لگا۔۔

فائز۔۔۔زوہا نے دانت پیسے۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

اچھا جا رہی ہوں میں لیکن نیچے جو طلال بھائی غصے سے آگ بگولا ہو رہے ہیں وہی بتائیں گے تمہیں۔۔کب سے بلا رہے تھے۔۔۔زوہا نے سنجیدہ لہجے میں کہا کہ فائز تو کیا کوئی بھی یقین کر لے کیوں کہ زوہا بہت ہی کم سنجیدگی سے کوئی کام کرتی۔۔۔

کیا۔۔؟؟فائز کو جیسے سوواٹ کا جھٹکا لگا تھا۔۔بھاگتا ہوا منہ دھوئے نیچے گیا۔۔۔۔

تمہیں کیا ہوا۔۔؟؟سانس کیوں پھولی ہوئی ہے؟؟؟ازا اور منہا جو نیچے کھڑے تھے حیرت سے فائز کو دیکھ رہے تھے۔۔۔

کچھ نہیں طلال بھائی کہاں ہیں غصے میں ہیں زیادہ؟؟فائز نے بیچینی کے عالم میں پوچھا۔۔۔

طلال بھائی تو کب کے جا چکے اور ہاں وہ کہہ کر گئے تھے کہ تم یہاں گھر پر سب سمبھال لینا وہ مصروف ہونگے ۔۔۔منہا نے طلال کی کہی بات سے فائز کو آگاہ کیا جس کو سنتے ہی فائز نے سکون کا سانس لیا اور پھر زوہا طرف بھاگا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

اسے کیا ہوا؟؟؟ منہا نے حیرت سے فائز کو دیکھا جو تیزی سے کہیں جا رہا تھا۔۔۔

کچھ نہیں پھر کچھ کیا ہو گا زوہا نے۔۔ ازا نے ہنستے ہوئے کہا۔۔

کچھ دیر بعد ہی عبیرہ گھر میں داخل ہوئی۔۔

بہت بہت مبارک ہو۔۔زوہا نے بتایا مجھے نکاح ہے کل کتنا مزہ آئیگا۔۔ عبیرہ نے خوشی سے مبارک باد دیتے ہوئے کہا۔۔

ہاں شکریہ۔۔

اچھا ہوا تم آ گئیں اب شاپنگ کرنے چلو ہمارے ساتھ ہی نکاح کی۔۔ منہا نے کہا۔۔

Posted on Kitab Nagri

ہاں ٹھیک میں پاپا کو بتا دیتی ہوں کال کر کے۔۔عبیرہ نے موبائل نکالتے ہوئے کہا۔۔۔

ٹھیک ہے۔۔۔

منہا ازا۔۔عبیرہ۔۔جا کے ریڈی ہو جاؤ تائی جان نے کہا ہے نائلہ چچی اور امی جائینگی ساتھ تائی جان اور پھوپو گھر پر باقی کام سنبھال لیں گی۔۔۔زوہا نے تائی جان کا پیغام سنایا۔۔

ٹھیک ہے میں چادر لے کے آتی ہُوں۔۔۔ازا اپنے کمرے کی طرف بڑھی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کچھ دیر بعد سب ہی گاڑی کے پاس پہنچ گئے تھے۔۔

ارے عبیرہ بیٹا آپ ایسے جاؤ گی؟؟؟نائلہ چچی نے عبیرہ کو دیکھا جو بنا چادر کے کھڑی تھی۔۔۔کیوں کے زوہا ازا اور منہا تو ہمیشہ گھر سے باہر بڑی سی چادر لیے سر پر اسکارف لیے جاتی تھیں۔۔دادی جان نے تمام لڑکیوں کو خود چادر تحفہ میں دی تھیں۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

کیا مطلب ؟؟عبیرہ نے ناسمجھی سے نائلہ بیگم کو دیکھا۔۔۔

میرا مطلب تھا آپ چادر نہیں لیتیں یہ عبایا۔۔؟؟

نہیں آج تک کسی نے کہا ہی نہیں اور میں بھی کبھی نہیں لیا۔۔۔ عبیرہ نے معصومیت سے کہا۔۔۔

کوئی بات نہیں میں لے کے آتی ہوں تم رکو۔۔۔

نائلہ بیگم اپنے کمرے میں گئیں اور ایک چادر نکال کر لائیں وہ سمجھ گئیں تھیں عبیرہ کو اپنی امی کیسی محسوس ہوئی تھی۔۔۔

شکریہ آنٹی۔۔۔ عبیرہ نے مسکراتے ہوئے کہا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

چلیں اب۔۔؟؟فائز نے ڈرائیونگ سیٹ سمنبھالی۔۔۔

لیکن ہم اتنے سارے ہیں ایک گاڑی میں نہیں آئینگے۔۔۔سائرہ بیگم نے سب کو دیکھتے ہوئے کہا۔۔

کوئی بات نہیں دوسری گاڑی میں ڈرائیو کرلیتی ہُوں۔۔آخر میری ڈرائیونگ کب کام آئی جی۔۔۔زوہا نے جھٹ سے حل بتایا۔۔۔

یااللہ جی۔۔۔ازاہم گئے یار۔۔۔منہا نے تاسف سے ازا کو دیکھا۔۔۔

ہم نہیں تم۔۔۔ازا نے مسکراتے ہوئے کہا۔۔۔جبکہ منہاازا کو حیرت سے دیکھ رہی تھی جو فائز کی گاڑی میں جلدی سے بیٹھ چکی تھی۔۔۔

افف اللہ خیر کرنا میری آج۔۔منہا نے منہ بنایا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

منہا، منان اور سائرہ بیگم کو مجبوراً زوہا کے ساتھ ہی جانا پڑا۔۔۔

خیال رکھیے گا آپ لوگوں کا اللہ ہی حافظ ہے۔۔۔فائز نے زوہا پر ہنستے ہوئے کہا۔۔۔

زوہا نے بھی فائز کو آنکھیں دکھائیں۔۔۔

ون ٹو تھری۔۔۔زوہا نے تیز سپیڈ سے گاڑی بھگائی جو صرف منہا کو ڈرانے کے لیے تھی ورنہ زوہا کو اچھے سے ڈرائیونگ آتی تھی۔۔۔زوہا ہمیشہ سے آزاد اور پر اعتماد تھی۔۔جو بہت ہی کم لوگوں سے ڈرتی تھی۔۔

چلو منہا کلمہ پڑھلو۔۔۔زوہا نے منہا کی حالت دیکھتے ہوئے کہا جو ڈر کے مارے خاموش بیٹھی تھی۔۔۔

زوہا۔۔۔غلط بات۔۔سائرہ بیگم نے تنبیہ کی۔۔۔

ہاہاہا۔۔۔اوکے موم۔۔زوہا نے سپیڈ ہلکی کی۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ازا کے لئے نکاح کا جوڑا ازا نے اور فائز نے پسند کیا۔۔۔ جبکہ زوہا اب تک پوری مارکیٹ گھوم چکی تھی اور کچھ پسند نہیں آیا تھا۔۔۔

زوہا میں بہت تھک گئی ہم لوگ جا رہے ہیں نیچے کیفے میں تم اور منہا آجانا۔۔ خود جب کچھ پسند آجائے۔۔ سائرہ بیگم نے بیزاری سے کہا۔۔ اب تک سب تھک چکے تھے۔۔۔

ٹھیک ہے چلو منہا ہم دیکھتے ہیں ابھی اور بھی اچھے ڈیزائن ہونگے جنہیں مجھے ریجیکٹ کرنا ہی پھر کوئی ایک بہت ہی اچھا والا لینا ہے۔۔۔۔

ہاہا۔۔ چلو۔۔ ویسے یہ پہلی چیز ہے جو ہم میں کامن ہے۔۔۔۔ منہا نے ہنستے ہوئے کہا۔۔۔ پھر دونوں چلی گئیں۔۔۔۔

ایکسکیوزمی۔۔۔ منہا اور زوہا کپڑوں کی طرف دیکھتے ہوئے چل رہی تھیں تبھی کسی سے ٹکر ہوئی۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

افف۔۔۔کیا ہے بھائی صاحب آنکھیں نہیں ہیں آپ کے پاس۔۔۔زوہا بیچارے پر برس پڑی۔۔

آنٹی جی میرے پاس آنکھیں ہیں آپ ذرا آگے دیکھ کر چلیں گی تو آپکو نظر آئیگا۔۔۔میری آنکھیں تو آپکو دکھ نہیں رہیں راستہ کیا نظر آئے گا۔۔۔اس نے بھی زوہا کو زوہا کی ٹون میں جواب دیا۔۔۔جبکہ منہا حیرت سے دونوں کو دیکھ رہی۔۔۔

ایک سیکنڈ آنٹی کس کو بولا؟؟؟زوہا نے آنکھیں نکال کر کہا۔۔۔

وہ جو سامنے سیلز مین ہے اسکو۔۔۔۔ظاہر ہے آپ کو بات کر رہا ہوں تو آپکو ہی کہونگانا۔۔۔

زوہا چھوڑو یار۔۔۔چلو۔تماشہ نہ بناؤ۔۔۔منہا نے زوہا کا ہاتھ پکڑا۔

تماشہ۔۔۔؟؟اتنی بدتمیزی سے بات کی ہے اس نے۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

آپ سمجھدار لگ رہی ہیں لے کے جائیں انہیں۔۔۔ ہونہہ۔۔ڈیسنٹ سے شرٹ پینٹ میں ملبوس مغرور آنکھیں وہ بندہ منہا سے کہتا ہوا سن گلاسز آنکھوں پر ٹھیک کرتا ہوا جانے لگا۔۔۔

ہونہہ۔۔ عجیب۔۔۔زوہا نے آہستہ سے کہا۔۔۔

افف۔۔ چھوڑو یار غلطی ہماری ہی تھی۔۔ویسے بھی۔۔۔ منہا نے ریلیکس کروانے کی ناکام کوشش کی۔۔۔

کوئی نہیں اچھے سے جانتی ہوں ایسے لڑکوں کو۔۔جان کر کے پنگے لیتے ہیں۔۔۔

سب لوگ واپس گھر کے لیے روانہ ہوئے تبھی اچانک کسی نے زوہا کی گاڑی آگے ہاتھ دے کر گاڑی رکوائی۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

یہ پتابتادینگی آپ؟؟؟اس نے زوہا کو پرچی دی جس پر پتہ لکھا تھا۔۔زوہانے ایک بار میں ہی پہچان لیا تھا کے وہ کون تھا۔۔اپنا چہرہ چھپاتے ہوئے اس نے پرچی لی اور پتہ بتایا۔۔

جی آگے سے لیفٹ۔۔پھر سیدھا پھر وہاں سے دوبارہ لفٹ پھر رائٹ آپکو مل جائیگا۔۔

شکریہ۔۔۔

زوہا؟؟یہ کیا کیا تم نے؟؟؟راستہ تو سیدھا ہے جہاں ہمیں جانا ہے؟؟منہا نے حیرت سے زوہا کو دیکھا۔۔

سمجھ جاؤگی کزن۔۔۔صبر کرو۔۔۔زوہا حیدر بیگ کوئی معمولی انسان نہیں ہے جسے آسانی سے سمجھ لیے جائے۔۔۔زوہا نے فخریہ انداز سے کہا۔۔منہا بس سر ہلا کے رہ گئی۔۔۔واقعی زوہا کے دماغ میں کب کیا چلتا ہے کسی کو معلوم نہ ہوتا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ساری تیاریاں مکمل تھیں آج وہ دن آ گیا تھا جس کا سب کو بے صبری سے انتظار تھا۔۔۔

تمام لوگ تیاریوں میں مصروف تھے پورا گھر مہمانوں کی آمد سے بھرا ہوا تھا ہر طرف خوشیاں ہی خوشیاں تھیں۔۔۔پورے گھر میں جیسے شور مچا ہوا تھا۔۔۔

ازا مہندی لگوا لو نکاح ہے تمہارا۔۔۔۔زوہا نے منہا سے کہا۔۔۔

نہیں ابھی نہیں مہندی والے دن کیا لگواؤں گی پھر؟؟؟

توبہ ہے۔۔۔ایک کام کرو صرف ہلکی پھلکی لگا لو۔۔۔تاکہ مہندی والے دن بھی لگوا سکو۔۔۔۔عبیرہ نے اپنا مشورہ دیا۔۔۔

ٹھیک ہے۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ایک کام کرو اس میں طلال بھائی کا نام بھی لکھ دو۔۔۔منہا نے زوہا کو آنکھ مارتے ہوئے کہا۔۔

اوہ ہو۔۔۔مسکراہٹ تو دیکھو لوگوں کی۔۔۔زوہا نے بھی پوری کسر نکالی۔۔۔جبکہ مہندی لگانے والی نام لکھ چکی تھی۔۔۔

فائز بیٹا طلال کہاں ہیں جسکا نکاح ہے وہی غائب ہے۔؟؟ ہمدان صاحب نے فائز کو روکتے ہوئے پوچھا جو لان میں اور کزنز کے ساتھ مل کے نکاح کا سارا انتظام سنبھال رہا تھا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کی چچا جان۔۔ابھی بات ہوئی ہے آتے ہی ہونگے۔۔۔

ٹھیک ہے۔۔۔ہمدان صاحب کہہ کر آگے بڑھے۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

افف۔۔۔اللہ جی۔۔کیاہو گا بھائی کا۔۔۔فائزنے اپناموبائل نکالا تو اس پر زوہانے ایک ویڈیو سینڈ کی ہوئی تھی اور آگے لکھاتھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

فائز میرے ساتھ رہ رہ کر اتنا تو سمجھ گئے ہوگے کہ آگے کیا کرنا ہے۔۔۔گڈ لک۔۔۔۔۔

فائزنے جلدی سے اُسے کھولا تو ہنس ہنس کے اُسکا حال بُرا ہو گیا۔۔۔

انہیں کیاہو گیا؟؟منان نے فائز کو ہلایا۔۔۔

کچھ نہیں تم بھی دیکھو۔۔۔فائزنے منان کو بھی ویڈیو دکھائی۔۔پھر منان بھی ہنسنے لگا۔۔۔

ویسے میں سوچ رہاہوں بتادوں طلال بھائی کو۔۔فائزنے کچھ سوچتے ہوئے انویٹیشن کارڈ جس پر صاف صاف لکھاتھا طلال ویڈز ازا۔۔اُسے سینڈ کر دیا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

یہ کیوں کیا آپ نے؟؟منان نے پوچھا

پتا نہیں بس مجھے لگا اب اُنہیں پتا ہونا چاہیے۔۔۔دعا کرو دیکھلیں ویسے تو میرے نمبر سے بہت ہی کم میسیج پڑھتے ہیں وہ۔۔۔فائز نے ہنستے ہوئے کہا۔۔۔

طلال بیٹا اب تک ریڈی نہیں ہوئے؟؟یوسف صاحب طلال کے کمرے میں داخل ہوئے۔۔۔

جی پاپا بس ہو رہا ہوں۔۔طلال جیسے ہی گھر میں شور شرابا سن کر ویسے ہی موڈ خراب ہو چکا تھا۔۔۔

ٹھیک ہے۔۔۔یوسف صاحب بولتے ہوئے جانے لگے۔۔۔

کب تک نکلنا ہے ویسے؟؟طلال ابھی پوچھ ہی رہا تھا کہ یوسف صاحب کمرے سے باہر چلے گئے۔۔۔

خیر۔۔۔ریڈی ہو جاؤ۔۔۔طلال نے موبائل سائڈ پر رکھا اور تیار ہونے چلا گیا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

اوہ۔۔ہو۔۔واہ بھائی کیا لگ رہے ہو۔۔۔۔فائز نے طلال کے کمرے میں داخل ہوتے ہوئے کہا۔۔۔جو سفید شلوار قمیض پر مہرون واسکٹ پہنے ہمیشہ کی طرح ناک پر غصّہ ،روب دار شخصیت ، آنکھوں میں عجیب چمک لیے کسی شہزادے سے کم نہیں لگ رہا تھا۔۔۔۔

فائز بھی آج کسی دولہے سے کم نہیں لگ رہا تھا معصوم چہرہ جس کے پیچھے شرارتیں ہوتیں۔۔بڑی بڑی آنکھیں، چہرے پر ہمیشہ کی طرح مسکراہٹ سجائے۔۔سفید کرتا پجاما پہنے بہت ہی پرکشش لگ رہا تھا۔۔۔

ہمم۔۔۔طلال نے مختصر کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ایک سیکنڈ کوئی کال آرہی ہے۔۔طلال کا موبائل رنگ ہوا جسے اٹینڈ کرنے وہ آگے کی طرف گیا شور سے بچ کے۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

۔۔آ۔۔آوچ۔۔۔طلال موبائل جیب میں رکھ کر واپس جا رہا تھا تبھی ازا سے ٹکر ہوئی جو ابھی تک تیار نہیں ہوئی تھی مہندی دھونے ہی جا رہی تھی۔۔۔

سوری۔۔

۔کوئی بات نہیں۔۔۔یہ ہاتھوں کو کیا ہوا ہے؟؟طلال نے سوچا پہلے کہ جلدی سے چلا جائے لیکن پھر ازا کے چھپے ہاتھ دیکھ کر پوچھ بیٹھا۔۔۔

کک۔کچھ۔۔۔نہیں۔۔ازا نے گھبراتے ہوئے کہا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں نے کہا دکھاؤ مجھے۔۔طلال نے سنجیدگی سے کہا۔۔مجبوراً ازا نے شرم سے آنکھیں بند کیں اور ہاتھ آگے کیے۔۔۔جو یہ بھول گئی تھی کے دولہے صاحب اب تک انجان ہیں۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ازا کے ہاتھوں پر اپنا نام دیکھ کر طلال کی آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئیں وہ آنکھوں میں غصّہ لیے ساکت کھڑا اُسے دیکھ رہا تھا۔۔۔

وہ دراصل یہ۔۔میں نے نہیں۔۔۔ غلطی سے۔۔۔ازا کی زبان سے الفاظ ہی ادا نہیں ہو پارہے تھے۔۔۔خوف کے مارے نظریں بلکل نیچے کی جانب تھیں۔۔۔

یہ کیا بکواس ہے۔۔؟؟عجیب ہی کوئی حرکت کی ہے۔۔۔اور تم کہہ رہی ہو غلطی؟؟ربش۔۔۔۔

جا کے مٹاؤ اسے۔۔۔خیال کیا کرو کچھ ایسی غلطیاں کون کرتا ہے۔۔؟؟تمہارے ناول کا سین نہیں ہے یہ ۔۔۔۔۔طلال غصے سے اُسے بولے جارہا تھا۔۔۔ازا کے ہاتھ پر اپنا نام دیکھ کر اُسے بیچینی ہوگئی تھی ایک ڈر تھا اُسکی آنکھوں میں کہ کہیں وہ بھی۔۔۔اور اب تو وہ کسی اور شادی کررہا ہے بقول اُسکے۔۔۔

ازا کی بلکل ہمت نہیں رہی تھی اُسے کیا بولے۔۔آنکھیں چراتے ہوئے جس سے موٹے موٹے آنسو نکل رہے تھے ازا فوراً وہاں سے بھاگی۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

طلال واپس اپنے کمرے میں آیا۔۔۔

یا اللہ یہ میں نے کیا کر دیا۔۔۔۔ کیوں کیا میں نے۔۔۔ کتنا ہرٹ ہوئی ہو گی وہ۔۔ لیکن اور کیا کروں میں نہیں چاہتا اس کے دل میں کبھی بھی میرے لیے نرم جذبات آئیں۔۔۔۔۔ طلال اپنے کمرے میں بیٹھا پورے اندھیر میں اپنی حرکت کے بارے میں سوچ رہا تھا۔۔اُسکی وجہ سے ازا کی آنکھ سے آنسو آئے تھے کیسے

برداشت کر سکتا تھا وہ۔۔؟؟

کچھ بات ہے اس میں الگ سی

بلکل ان آنکھوں کی چمک سی

غصہ اُتار تو آیا ہوں اس پر۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

رونے نہ لگے۔۔ لگتی ہے ڈرپوک سی

یا اللہ میں بس اتنا ہی چاہتا ہوں وہ خوش رہے۔۔ میری وجہ سے ہمیشہ پریشان ہی رہتی۔۔۔ میں اب چاہ کر بھی کچھ نہیں کر سکتا۔۔۔ کسی اور لڑکی کی زندگی برباد نہیں کر سکتا۔۔۔ میں جان ہو گیا ہُوں مجھے محبت ہوئی ہے شاید ہمیشہ سے ہی تھی لیکن اسے جاننے میں وقت لگ گیا۔۔۔ اب وقت میرے ہاتھ میں نہیں ہے اللہ جی۔۔ اب کچھ بھی نہیں رہا میرے ہاتھ میں فائز نے ٹھیک کہا تھا۔۔ میں غلط تھا اللہ جی۔۔۔ میں غلط تھا۔۔ آج طلال یوسف نے صحیح معنوں میں اقرار کیا تھا۔۔ وہ اللہ کے سامنے اپنے تمام دکھ خوشیاں بیان کرتا تھا۔۔ لیکن وہ چاہ کر بھی اللہ سے اپنی محبت طلب نہیں کر سکتا۔۔۔ اُسکی نظر میں محبت حاصل کرنے کا نام نہیں تھی بلکہ جس سے محبت کی جائے اُسے اُسکی خوشیاں عزیز تھیں۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ ایسا ہی تھا کبھی کسی کے سامنے اپنے دکھ درد بیان نہیں کیے تھے۔۔۔ صرف اللہ سے باتیں کرتا تھا رات بھر بیٹھ کے۔۔ کبھی نمازوں میں۔۔ کبھی تہجد کے وقت بیٹھ کے اپنی ساری باتیں صرف اللہ سے کرتا۔۔۔ طلال یوسف نے ہمیشہ اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم محبت کی تھی کبھی اللہ سے اپنی محبت نہیں مانگی کبھی خود

Posted on Kitab Nagri

سے نہیں چاہا کہ وہ کسی سے محبت کرے کسی کی محبّت میں تڑپے۔۔۔ کبھی نہیں۔۔۔وہ آج کل کے ان لڑکوں کے طرح بلکل نہیں تھا جس کے لیے محبت محض وقت گزارنے کا طریقہ ہو۔۔۔

وہ سب سے مختلف تھا۔۔۔اس کے لیے محبّت بہت پاکیزہ جذبہ تھا۔۔۔جس کی منزل صرف نکاح ہوتی ہے۔۔۔بس اس نے ایک غلطی کر دی تھی ہمیشہ یہی سمجھتا آیا تھا کے ازا کو اُسکی خوشیاں نہیں دے سکے گا وہ جس طرح کا انسان ہے کیسے خوشیاں دے سکتا تھا؟؟

وہ ساری عمر یہی سمجھتا رہا کہ ازا بہت جذباتی ہے کبھی اُسکے رویے کو برداشت نہیں کر پائے گی۔۔جو لڑکی محض ناول، قصہ کہانیوں کی وجہ سے رو جاتی ہے آخر کیسے اپنی ساری زندگی ایسے شخص کے ساتھ گزار سکتی ہے جو ٹھیک سے ہنستا بھی نہ ہو۔۔؟؟وہ جو ہمیشہ اکھڑے لہجے میں بات کرتا ہے؟؟؟جس کے لیے دنیا کی خوشیاں کوئی معنی نہیں رکھتی۔۔۔؟؟

لیکن قسمت میں شاید کچھ اور لکھا تھا۔۔۔اور اللہ کبھی اپنے بندے کو ہمیشہ آزمائش میں نہیں رکھتا۔۔۔وہ انسان کو اُسکی ذات سے زیادہ جانتا ہے۔۔وہ جو ہماری شہ رگ سے زیادہ قریب ہے۔۔۔انسان کو ستر ماؤں سے زیادہ محبّت کرتا ہے۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

انسان دنیا کی محبّت میں یہ کیوں بھول جاتا ہے کے جس سے محبّت کی جائے انسان اُسکے لیے سب کچھ قربان کر دیتا ہے۔۔ لیکن یہ نہیں سوچتا کہ جس سے اپنی محبت مانگ رہا ہے وہ خدا ابھی ہماری محبت چاہتا ہے۔۔۔ پہلے اپنے رب سے وہ تعلق کیوں نہیں بناتا کے اللہ اُسے اُسکی مانگی ہوئی محبّت سے نواز دیا جائے۔۔؟؟؟

اللہ تو کہیں نہ کہیں سے وسیلہ بنا دیتا۔۔وہ اپنے بندے کو تنہا نہیں چھوڑتا۔۔۔۔

پھر وہ بندہ جس نے آج تک اللہ سے محبت کی ہو کبھی کسی محبّت کی خواہش نہ کی ہو۔۔

طلال پوری دنیا سے بے خبر سوچوں میں گم تھا تبھی موبائل وائبریٹ ہوا۔۔۔

فائز کے اتنے سارے میسیجز؟؟؟ طلال نے آن کیا نئے آنے والے میسیج پڑھے۔۔۔ جس میں فائز نے لکھا تھا کہاں ہیں آپ؟؟ سب انتظار کر رہے ہیں۔۔۔ لیکن جیسے جیسے وہ پُرانے پیغامات پڑھتا گیا اُسکی آنکھیں حیرت

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

سے کھل گئیں تھیں۔۔۔ آخر جس محبّت سے ابھی تک وہ بھاگتا آیا تھا جس محبّت کا اقرار آج اسنے صحیح معنوں میں کیا تھا وہ اُسے ہمیشہ کے لیے ملنے والی تھی۔۔۔ طلال وہیں منجمد رہ گیا تھا۔۔۔

---

ازا بے اختیار رو رہی تھی وہ ہمیشہ سے یہ سمجھنے سے قاصر رہی تھی آخر کیا ہے شخص۔۔؟؟ کبھی اتنا نرم تو کبھی اتنا سخت۔۔؟؟ آخر کیا ہے یہ طلال یوسف۔۔۔؟؟

جب دل چاہا کچھ کہہ دیا جب دل چاہا پیار سے بات کرلی؟؟ آج پہلی بار ازا سوچنے پر مجبور ہوئی تھی۔۔۔ اُسے جو کبھی اُسکی سمجھ نہیں آیا تھا۔۔۔

یا اللہ میں نہیں جانتی کیا ہو گا آگے کیا لکھا ہے قسمت میں بس تُجھ پر یقین کر کے اتنا آگے نکل آئی ہوں اب پیچھے جانے کوئی راستہ نہیں۔ مسٹر طلال یوسف آپ کو تو میں بدل کے رہونگی۔۔۔ ازا نے کہتے ہوئے اپنے آنسو پونچھے اور نکاح کا جوڑا اٹھایا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ماشاءاللہ ازا کتنی پیاری لگ رہی ہو گی۔۔اللہ نظر بد سے بچائے نصیب اچھے کرے۔۔۔سائرہ بیگم نے پیار سے ازا کے سر پر ہاتھ رکھا۔۔۔

سفید لمبی فراخ میں مہرون کلر کا دوپٹہ اوڑھے چہرے پر وہی معصومیت لیے ہلکا سا میکپ کیئے۔۔کوئی شک نہیں تھا بے حد حسین لگ رہی تھی۔۔

زوہا اور منہا نے ایک جیسا سوٹ پہنا تھا ہلکا گلابی رنگ کا جوڑا اس پر بڑا دوپٹہ لیے بے حد پیاری لگ رہی تھیں۔۔۔

منہا زوہا کچھ دیر بعد جب میں منان کو بھیجوں تو لیتی آنا ازا کو۔۔۔

جی امی۔۔۔۔

کچھ دیر بعد دروازے پر دستک ہوئی۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ٹھک ٹھک۔۔۔۔

آجائیں طلال بھائی۔۔۔زوہا نے اندر بلایا۔۔۔

کچھ کام تھا آپ کو۔۔؟؟منہا نے طلال سے پوچھا۔۔۔

مجھے ازا سے ابھی اسی وقت بات کرنی ہے۔۔۔تم تینوں جاسکتی ہو فلحال۔۔۔طلال نے اسپاٹ لہجے میں کہا۔۔جبکہ ازا ڈر کے مارے کانپ رہی تھی۔۔۔اُسے سمجھ نہیں آرہا تھا کیا ہوا ہے اچانک۔۔ابھی تھوڑی دیر پہلے کیا تھے اب کیا؟؟؟ازا سمجھنے سے قاصر تھی۔۔۔

جی۔۔۔زوہا عبیرہ اور منہا باہر گئے جہاں اُنہیں فائز اور منان ملے۔۔۔

کیا ہو گیا تم لوگوں کو؟؟؟فائز نے تینوں کے پریشان چہرے دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

طلال بھائی کو کیسے پتا چلا مطلب کب ؟؟؟زوہا نے سیدھا فائز کو دیکھتے ہوئے پوچھا۔۔

ہاں میں نے ہی اُنہیں شادی کارڈ کی پک سینڈ کی تھی۔۔۔مجھے لگتا ہے ایک بار دونوں کو کھل کے بات کرنی چاہیے۔۔۔۔فائز نے کہا۔۔۔

ہاں ٹھیک ہی ہے۔۔۔ویسے فائز تمہیں کیا لگتا ہے طلال بھائی سچ میں.. ازا۔۔۔۔کو۔۔۔زوہا نے اپنا جملہ آدھا ہی چھوڑ دیا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہاں۔۔زوہا مجھے پورا یقین ہے۔۔۔فائز نے زوہا کو یقین دلاتے ہوئے کہا۔۔۔

ازا نکاح کے جوڑے میں بیٹھی بار بار اپنے ہاتھ مسل رہی تھی کبھی چھپا رہی تھی۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ازا پلیز گھبراؤمت میں نے جو کیا اس کے لیے شرمندہ ہُوں مجھے ابھی پتا چلا کے تمہارا اور میرا نکاح ہے۔۔۔۔۔طلال نے نرمی سے کہا۔۔۔

جبکہ ازا اُسے حیرت سے دیکھ رہی تھی جو بہت ہی نرم لہجے میں بات کر رہا تھا۔۔۔

یا اللہ کیا ہیں یہ ؟؟؟ کبھی کیسے نرم ہو جاتے ہیں تو کبھی۔۔۔ازا دل میں سوچ رہی تھی۔۔۔

کوئی بات نہیں۔۔۔

ازا دیکھو ابھی نکاح ہوا نہیں ہے ایک بار سوچ لو۔۔۔ابھی بھی وقت ہے منع کر دو دادی جان کو۔۔۔کوئی کچھ نہیں کہے گا۔۔۔

لیکن کیوں؟؟ازا طلال کی آنکھوں میں جھانکنا چاہتی تھی دیکھنا چاہتی تھی کے دل میں کیا ہے اس شخص کے لیکن ناکام رہی اُسکی نگاہیں ہنوز نیچے تھیں۔۔۔ہمت ہی نہیں تھی جھانکنے کی۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ازا دیکھو میں تم سے کوئی لمبی بات کرنے نہیں آیا بس میرے ساتھ کبھی خوش نہیں رہ سکو گی۔۔۔۔ منع کر دو۔۔۔۔ طلال نے التجا کرنے والے انداز سے کہا۔۔۔

کیوں منع کر دوں میں ؟؟؟ آپ بھی تو کر سکتے ہیں نا؟؟ نہیں کرنی نہ کریں شادی سیدھا جا کے کر دیں انکار سب ہی کر دیتے ہیں آپ بھی شوق پورا کر لیں۔۔۔۔ ازا کی اب برداشت سے باہر ہو رہا تھا سمجھ نہیں آرہا تھا کیا جواب دے اس شخص کو جس کے ساتھ کچھ ہی دیر میں زندگی بھر ساتھ لکھا جانا تھا۔۔۔

ازا۔۔ کیا ہو گیا؟؟؟ تمہیں کیا لگتا ہے میں تمہیں پسند نہیں کرتا تم مجھے اچھی نہیں لگتی۔۔ یا تم نے مجھے بھی سب کی طرح سمجھ رکھا ہے۔۔۔؟؟؟ طلال اب کی بار غصے سے بولا تھا۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مجھے نہیں پتا۔۔۔ بس آپکو منع کرنا ہے تو کر دیں۔۔۔ ازا نے اپنا حتمی فیصلہ سنایا۔۔۔ جس شخص کو وہ پہلے ہی اپنا سب کچھ سمجھ بیٹھی تھی کیسے منع کرتی اب۔۔؟؟

طلال سے مزید اب ازا کے آنسو برداشت نہیں ہو رہے تھے کمرے سے چلا گیا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

فائز۔۔۔فائز۔۔۔طلال غصے سے چیختا ہوا فائز کے پاس پہنچا۔۔۔

جج۔۔۔جی۔۔۔بھ۔۔۔بھائی۔۔۔فائز نے گھبراتے ہوئے کہا۔۔۔

فائز تمہاری ایک حرکت کی وجہ سے اُسکی زندگی خراب ہوسکتی تھی۔۔۔ تمہیں اندازہ بھی ہے؟؟؟ مجھے پہلے ہی بتادیتے تو میں کچھ کر لیتا۔۔۔طلال بے بسی سے بول رہا تھا۔۔۔

اچھا اگر بتادیتا تو کیا کرتے آپ۔۔؟؟ منع کر دیتے دادی کو ہینا؟؟؟ فائز نے سنجیدگی سے کہا۔۔۔

ہاں۔۔کر دیتا۔۔۔

واؤ۔۔بھائی مطلب آپ کو اندازہ بھی ہی آپ اپنے ساتھ ساتھ ازا کے ساتھ بھی غلط کرتے۔۔۔آپ کیوں سمجھتے ہیں کہ اُسے خوش نہیں رکھ سکیں گے؟؟ آپ کو کیا لگتا ہے اس دنیا آپ کے علاوہ کوئی اور ہے جو ازا کو

Posted on Kitab Nagri

سمجھے گا؟؟؟دیکھا تھا پہلے بھی یا نہیں جو تماشا اُن آنٹی نے لگایا تھا۔۔؟؟فائز نون اسٹاپ بولے جا رہا تھا یہ پہلی بار تھا جو فائز طلال کے سامنے اس طرح بول رہا تھا ورنہ آج تک اُسکی ہمت نہیں ہوئی تھی۔۔۔

طلال کی آنکھوں سے آج آنسو نکلا تھا جس نے کبھی کسی کے سامنے ایک آنسو نہ نکالا ہو۔۔۔

فائز نے جھٹکے سے گلے لگالیا تھا اپنے بھائی کو آج پہلی مرتبہ۔۔۔

بھائی اللہ کی ذات پر بھروسہ رکھو۔۔۔اس دنیا میں اُسکی مرضی کے بغیر کچھ نہیں ہوتا۔۔۔جب تک اللہ نہ چاہے کچھ نہیں ہوتا۔۔۔

اور جوڑے تو آسمانوں پر بنتے ہیں۔۔۔اللہ فیصلوں کو اپنالو بھائی اس میں مصلحت ہی ہوتی ہے۔۔۔

طلال کا دل بھر آیا تھا آج۔۔۔آج اُسے شدّت سے یقین ہو گیا تھا اللہ اپنے بندوں کو کبھی اکیلا نہیں چھوڑتا۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

اچھا چلیں بھائی اب آپ فریش ہو کر آجائیں نکاح شروع ہونے والا ہے ورنہ سب سمجھیں گے کہ رخصتی آپکی ہے

ہاہاہا

۔۔۔۔فائزنے طلال کو خود سے الگ کر کے کہا اور فوراً باہر کی طرف دوڑ لگادی۔۔۔چونکہ طلال کا ہاتھ اُسکے جوتوں کی طرف بڑھنے لگا تھا۔۔۔

یہ کبھی نہیں سدھر سکتا۔۔۔طلال نفی میں سر ہلاتے ہوئے چلا گیا۔۔۔

ماشاءاللہ ازا۔۔بہت پیاری لگ رہی ہو۔۔۔لیکن یہ آنکھیں ایسی کیوں ہو رہی ہیں جیسے تم روئی ہو۔۔۔؟؟ شہناز بیگم نے پیار سے ازا کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

ہاں یہ ابھی تو رو ہی رہی تھی کہ طلال بھائی سے شادی جو ہو رہی ہے۔۔زوہا نے ہنستے ہوئے کہا۔۔۔

زوہا۔۔۔میرا بیٹا ہے وہ۔۔۔نعیمہ بیگم نے اُسے انگلی دکھائی۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ہاہاہا۔۔۔جی تائی جان مذاق کر رہی تھی۔۔۔دراصل ازا کی شادی ہے نہ اسلئے رو رہی ہے۔۔سب ہی روتے ہیں نا۔۔۔

ہاں تو ازا نے کونسا سات سمندر پار جانا ہے۔۔؟؟اسی گھر میں آنا ہے۔۔۔دادی جان بھی کمرے میں آچکی تھیں۔۔

جی دادی۔۔۔یہ زوہا بس ایسے ہی فضول کچھ بھی بولتی ہے۔۔۔ازا نے زوہا کو گھورتے ہوئے کہا۔۔۔

اچھا چلو مولوی صاحب آ گئے ہیں ازا کو بھی لے آؤ۔۔۔دادی جان نے کہا۔۔

کچھ دیر بعد سب نکاح کے لیے جمع تھے۔۔۔طلال ہاں کر چکا تھا اُس نے اپنی سوچوں کو اللہ فیصلوں کے آگے رد کر دیا تھا۔۔لیکن پل پل اُسے ڈر تھا کہ کہیں ازا منع نہ کر دے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ازا بیٹا بولو؟؟سائرہ بیگم نے ازا کی پشت تھپتھپائی۔۔ازا اپنی سوچوں میں گم تھی انکے اچانک ہوش دلانے پر جیسے حیران ہوئی۔۔۔

جی۔۔قبول ہے۔۔۔ازا نے آہستہ سے کہا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

مبارک ہو سب کو۔۔۔۔سب نے ازا اور طلال کو مبارک دیں پھر دعا کے لیے ہاتھ اٹھائے۔۔۔

یا اللہ میری بہن کو ہمت دینا حوصلا دینا کھڑوس بھائی کو برداشت کرنے کا۔۔۔زوہا نے منہا کے کان میں آہستہ سے کہا۔۔۔جس پر منہا کی بھی ہنسی چھوٹ گئی۔۔۔

تم دونوں کیوں ہنس رہی ہو۔۔؟؟۔عبیرہ نے دونوں کو تفتیشی نگاہوں دیکھا۔۔۔

کچھ نہیں یار بس ازا کے لیے دعائیں مانگ رہے تھے شادی طلال بھائی سے جو ہوئی ہے۔۔۔زوہا نے ہنستے ہوئے کہا۔۔۔

فائز اور منان نکاح کے چھوارے سب لوگوں میں تقسیم کر رہے تھے۔۔۔

ویسے میں سوچ رہا ہوں زیادہ سے زیادہ نکاح کے چھوارے کھالوں ہو سکتا ہے اگلا نمبر میر الگ جائے۔۔۔۔فائز نے ہنستے ہوئے کہا۔۔۔

ہاں ہاں میں تو کہتی ہوں سارے تم ہی کھالو۔۔۔نعیمہ بیگم فائز کے کان کھینچے۔۔۔

آآآآ درد ہو رہا ہے۔۔بس بھی کریں۔۔۔فائز نے معصومیت سے کہا۔۔

Posted on Kitab Nagri

۔نکاح سے فارغ

ہو کے سب آرام کرنے کے لئے اپنے کمروں میں جا چکے تھے۔۔اب صرف ایک ہفتہ تھا مہندی بارات اور ولیمے میں۔۔۔

یار کہیں سے لگ ہی نہیں رہا شادی ہے گھر میں۔۔۔کوئی مذاق مستی نہیں شور نہیں۔۔۔زوہا نے اُداس لہجے میں کہا۔۔۔

محترمہ۔۔۔جسکی شادی ہے نہ اس کے ساتھ پہلے ہی بہت بڑا مذاق

کر چکا ہُوں اب اور نہیں کر سکتا ورنہ جان سے جاؤنگا اور انکے ساتھ مذاق کون کرے۔۔۔۔ابھی تو شادی بھی نہیں ہوئی میری۔مرنا نہیں ہے۔۔فائز آخری جملہ پورے ڈرامائی انداز میں کہا۔۔

ہاں بات تو ٹھیک ہے طلال بھائی سے پنگا نہیں لے سکتی لیکن۔۔۔۔

لیکن؟؟؟فائز نے پوچھا۔۔۔

لیکن پھر کبھی بتاؤنگی۔۔۔خیر چھوڑو ویڈیو کا کیا کرنا ہے؟؟زوہا کو کیسے کچھ یاد آیا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

وہ سب سیٹ ہے بس جیسا سوچا ہے ویسے ہی کرنا ہے سب کو۔۔۔فائز نے سب کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

سب نے اثبات میں سر ہلایا۔۔۔

دوسری طرف نکاح کے بعد طلال ازا کے پاس جانے کے لیے کمرے میں سے کچھ نکالنے گیا۔۔۔

ہاں یہی ٹھیک ہے ویسے بھی اتنا ڈانٹ چکا ہے۔۔ابھی تک بات بھی نہیں کی میں نے۔۔۔طلال نے کچھ سوچتے ہوئے الماری سے ایک شاپنگ بیگ اٹھایا۔۔۔

ابھی جانے ہی لگا تھا کے فائز کے نمبر سے میسج آیا۔۔۔آج پہلی بار طلال نے فائز میسج جلدی پڑھا تھا۔۔۔

ہیں اسے کیا ہوا؟اس ٹائم کونسا ضروری کام ہے چھت پر۔۔

طلال سوچتا ہوا چھت کی جانب بڑھا۔۔۔

دوسری طرف زوہا بھی ازا کو میسج کر چکی تھی۔۔۔ازا اپنے ناول میں مصروف تھی۔۔۔

افف۔۔۔زوہا کونسا کام ہے۔۔اتنا اچھا ناول چل رہا تھا میرا۔۔۔ازا ناول سائڈ پر رکھتی ہوئی اوپر گئی۔۔۔

منان منہا اور عبیرہ اپنا کام کر چکے تھے اب بس انتظار تھا دونوں کے آنے کا۔۔۔

چھت پر پوری طرح سے اندھیرا تھا تمام لائٹس بند تھیں۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

طلال نے اپنے موبائل کی ٹورچ سے روشنی کی پھر سوئچ کو دیکھنے کے لیے آگے بڑھا لیکن اپنے سامنے ازا کو کھڑے دیکھ کر حیران ہو گیا۔۔۔

دونوں نے ایک دوسرے کو دیکھا اور حیران کھڑے تھے طلال کی ہمت ہی نہیں تھی اب کچھ کہنے کی جو کچھ وہ اب تک کر چکا تھا۔۔۔۔

طلال بھا۔۔۔ازا نے ابھی اتنا بولا تھا کے طلال نے فوراً چپ کروایا۔۔۔

شش۔۔۔چپ پاگل ہو گئی ہو ابھی تھوڑی دیر پہلے ہی نکاح ہوا ہے۔۔۔طلال کو ازا کی حرکت پر جس قدر غصّہ آرہا تھا یہ وہ ہی جانتا تھا۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اوہ اچھا چلیں شکر ہے آپکو یاد ہے ورنہ مجھے لگا تھا۔۔۔ازا نے طلال کو طنز سے نوازا۔۔۔۔

یا اللہ یہ طنز بھی کر لیتی ہے آج پتا چلا۔۔۔۔طلال نے حیرت سے ازا کو دیکھا۔۔۔لیکن اُسکی ناراضگی بھی جائز تھی۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ہمم ازا۔۔وہ۔۔دیکھو میں اب بھی یہی کہونگا کہ میں تمہیں شاید وہ خوشیاں نہ دے سکوں جو تم ڈیسرو کرتی ہے۔۔۔میں نے پہلے ہی کہا تھا۔۔۔تم سے۔۔۔پلیز آگے کبھی بھی میری وجہ سے کوئی بات پریشان کرے تو ٹینشن مت لینا۔۔۔بس یہ یاد رکھنا طلال یوسف ہمیشہ تمہارے ساتھ ہی ہے۔۔بس کبھی مجھ سے ناراض مت ہونا۔۔۔طلال نے سنجیدگی سے کہا۔۔۔

لیکن میری ناراضگی سے آپکو کیا؟؟

سمجھ جاؤ گی۔۔۔بعد میں۔۔۔طلال نے نرمی سے کہا۔۔۔

آپ ایسا کیوں سوچتے ہیں کہ میں آپ ساتھ خوش نہیں رہوں گی؟؟آپ مجھے ابھی ٹھیک سے نہیں جانتے۔۔میں کبھی بھی آپ سے کوئی فضول شکوہ نہیں کرونگی۔۔۔کوئی چاند تارے توڑ کر لانے کے لیے نہیں کہہ رہی جو آپ ایسا کہتے ہیں ہمیشہ۔۔۔۔۔۔

طلال حیرت سے ازا کو دیکھ رہا تھا وہ اُسے بیوقوف سمجھتا تھا لیکن وہ سمجھداری کی باتیں کر رہی تھی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

ویسے مجھے کہنا تو نہیں چاہیے لیکن۔۔۔یہ آپکے ہاتھ میں کیا ہے؟؟؟کوئی گفٹ ہے؟؟ازا نے طلال کے ہاتھ میں شاپنگ بیگ دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

ہاں تمہیں کیسے پتا؟؟

وہ۔۔مجھے لگا ہمارا نکاح ہوا ہے ابھی شاید آپ۔۔۔۔ازا بولتے بولتے رکی۔۔۔

ہاں دراصل مجھے آج ہی پتا چلا تو میں کچھ خرید نہیں پایا یہ چوڑیاں ہیں جو میں اُس دِن لایا تھا جب تمھارے ناول کی ہیروئن کی چوڑیاں ٹوٹ گئیں تھیں۔۔۔۔۔۔طلال نے چوڑیاں نکالتے ہوئے کہا۔۔۔

ارے واہ اتنی اچھی چوڑیاں۔۔۔۔۔لیکن آپ تو حنا کے لیے لائے تھے نہ؟؟؟ازا نے معصومیت سے کہا۔۔۔

یااللہ۔۔۔۔۔اتنی معصوم بیوی؟؟؟؟طلال نے دل میں کہا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اچانک تمام لائٹس آن ہوئیں اور چھت پر سامنے طرف پروجیکٹر لگا یا گیا۔۔جس میں ایک ویڈیو چل رہی تھی۔۔۔ازا اور طلال نے ویڈیو کی طرف دیکھا۔۔۔

طلال۔۔۔۔طلال۔۔۔۔طلال۔۔۔۔طلال بھائی۔۔۔۔افف نہیں ازا۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

دوبارہ کرو۔۔۔۔

طلال طلال بھائی۔۔۔۔نہیں۔۔۔طلال۔۔۔طلال۔۔۔

طلال طلال۔۔۔۔افف۔۔یا اللہ۔۔۔۔کتنا مشکل ہے۔۔۔

پوری ویڈیو میں ازا آئینے کے سامنے کھڑی ہو کے طلال کا نام لینے کی کوشش کر رہی تھی۔۔۔۔جس کو دیکھ کر سب فلک شگاف قہقہ بلند ہوا۔۔۔

تم سب۔۔؟؟ یہ تم لوگوں کی حرکت تھی۔۔۔۔ازا تو پہلے ہی ویڈیو دیکھ کر غصے سے لال ہو گئی۔۔۔۔اور طلال نے جب سب کو چھت پر دیکھا تو خود کو کوس رہا تھا کاش مسیج نہ پڑھتا۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

طلال جس کے چہرے پر ہلکی سی مسکان آئی تھی ویڈیو دیکھ کر سب کو اچانک وہاں پا کر غائب ہو گئی تھی وہ ساری باتیں جو سے کی تھیں سب سن لی تھیں طلال یہی سوچتا ہوا ایک نظر سب پر ڈالتا ہوا نیچے چلا گیا۔۔۔۔

زوہا کی بچی چھوڑوں گی نہیں تمہیں اللہ بچائے تم جیسی بہنوں سے۔۔۔۔ازا نے زوہا کو گھورتے ہوئے کہا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ایک سیکنڈ مجھے یہ سب کرنے کے لیے فائز نے کہا تھا۔۔زوہانے سارا معاملہ فائز پر ڈال دیا تھا۔۔ازا فائز کی طرف متوجہ ہوئی۔۔۔

نہیں میرا آئیڈیا نہیں ہے مجھے۔۔۔مجھے۔۔۔منہانے کہا تھا فائز نے آگے پیچھے دیکھا تو برابر میں منہا کھڑی تھی۔۔۔۔

ازا نے منہا کو گھور کے دیکھا۔۔۔

ایک سیکنڈ ازا۔۔۔میں ایسا کر سکتی ہوں میں ؟؟؟؟مجھے منان نے کہا تھا ازا نے پھر منان کو گھورا۔۔۔۔منہا نے بھی پوری صفائی سے جھوٹ بولا۔۔۔

منان بیچارہ بیچینی سے آگے پیچھے دیکھ رہا تھا صرف عبیرہ بچی تھی۔۔۔اُسکے برابر میں۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مجھے عبیرہ نے دی تھی ویڈیو۔۔۔منان نے ڈرتے ڈرتے کہا۔۔۔جبکہ عبیرہ تو وہیں سب چہرے دیکھ رہی۔۔۔آگے پیچھے اب کوئی نہیں بچا تھا جس پر عبیرہ الزام ڈالتی۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ہاں۔۔۔عبیرہ تمہیں تو میں نے ہی کہا ہو گا۔۔۔ازا نے دانت پیسے۔۔۔۔

پھر سب نے ہنسنا شروع کر دیا۔۔۔

کتنے حسین لمحے ہوتے ہیں چھوٹے چھوٹے اتنے خوبصورت جنہیں اکثر لوگ گنوا دیتے ہیں اپنی چھوٹی سی غلط فہمی سے۔۔۔تو کبھی احساس نہیں کر پاتے کہ اللہ نے کتنے اچھے حسین رشتوں سے ہمیں نوازا ہے جنہیں ہم چھوٹی چھوٹی باتوں میں اپنی انا کے خاطر گنوا دیتے ہیں۔۔۔

منہا عبیرہ یار بہت بور ہو رہی ہُوں کچھ کرنا ہے کافی دن ہو گئے فائز سے پنگا لیے۔۔زوہا نے منہ بناتے ہوئے کہا۔۔۔

سو جاؤ لڑکی۔۔۔رات ہو رہی ہے۔۔۔سونے دو مجھے۔۔۔منہا نے بیزاری سے کہا۔۔۔

یار کتنے بورنگ ہو تم لوگ۔۔۔زوہا ڈریسنگ ٹیبل کے پاس گئی اور آنکھوں میں عجیب سی چمک بڑھ گئی جیسے اُسکے شیطانی دماغ میں کچھ آئیڈیا آیا ہو۔۔۔

زوہا نے ڈریسنگ ٹیبل سے اپنے کام کی چیز اٹھائی اور جانے لگی۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

یہ کہاں چلی۔۔؟؟عبیرہ نے کہا۔۔۔

فائز کا سکون برباد کرنے۔۔۔۔ازا نے کہا جو کب سے سونے کا ناٹک کر رہی تھی۔۔۔۔

یااللہ۔۔۔اللہ خیر کرنا۔۔۔بیچارہ۔۔۔۔ عبیرہ اور منہا نے ایک دوسرے کو دیکھا۔۔۔

زوہا آہستہ قدموں سے فائز کے کمرے میں گئی۔۔۔اور اپنا کام کیا۔۔۔پھر ایک عجیب مسکراہٹ چہرے پر آئی۔۔۔۔

فائز نے آج اپنا سیکریٹ باکس اپنے پاس ہی رکھا ہوا تھا جسے دیکھ کر ایک بار پھر زوہا کا دل چاہا اٹھا لے۔۔۔

یار آخر ہے کیا اس باکس میں۔۔۔۔زوہا آہستہ سے کہا۔۔فائز جو نیند میں تھا نیند میں بولنا شروع کیا۔۔

میری زندگی ہے۔۔فائز کروٹ لی اور نیند میں بولا۔۔۔۔

زوہا بھاگ۔۔اس پہلے یہ جاگ جائے۔۔۔۔زوہا تیزی سے اپنے کمرے کی طرف بھاگی۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

طلال ہمیشہ طرح تہجّد کے لیے اٹھا تھا۔۔۔ہمیشہ اللہ سے باتیں کرتا لیکن آج وہ اللہ کا شکر ادا کرنے لیے اللہ کی بارگاہ میں حاضر ہوا تھا۔۔۔

یا اللہ تیرا بہت بڑا احسان ہے میرے مالک تو نے مجھے سیدھی راہ دکھائی۔۔۔مجھے کبھی تنہا نہیں چھوڑا۔۔۔۔

وہ اللہ کا شکر ادا کر رہا تھا۔۔۔بہت سے لوگ ہیں جو یہ تو جانتے ہیں سب اللہ ہی کی عنایت ہے لیکن شکر ادا کرنے کے طریقے سب کے مختلف ہ ہوتے ہیں۔۔۔

کوئی زبان سے کرتا ہی تو کوئی عبادت سے۔۔۔ لیکن شکر ہر کوئی کرتا ہے۔۔اور جو نہیں کرتا وہ اس کے ذمے۔۔۔

صبح کا سورج سارے جہاں میں اپنی روشنی کرنیں پھیلا رہا تھا۔۔۔ہر

طرف چرند پرند کی آوازیں تھیں۔۔۔ہر چیز اللہ کی نعمتین بیان کر رہی تھی کس طرح وہ پوری اندھیری رات کے بعد سارے جہاں میں روشنی پہلا دیتا ہیں۔۔۔

اسی طرح طلال کی زندگی تمام پریشانیوں کے بعد ایسی ہی نئی روشنی کا آغاز ہوا تھا۔۔۔واقعی اگر رب سے سچی محبت کی جائے تو ایک مقام ایسا آتا ہے کہ جو انسان صرف سوچتا ہے رب نواز دیتا ہے۔۔تو کبھی انسان فیصلہ نہیں کر پاتا تو اللہ آسان کر دیتا ہے۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

فائز نے جیسے ہی صبح آئینے میں دیکھا تو اپنے آپ کو دیکھ کر چیخ نکال بیٹھا۔۔۔۔اُسکے سارے بال گولڈن تھے چمک رہے تھے۔۔فائز کسی عجوبے سے کم نہیں لگ رہا تھا۔۔۔۔

استغفر اللہ۔۔۔۔یہ کیا ہے میرے ساتھ کس نے کیا۔۔۔افف زوہا۔۔۔۔۔یہ تمہارے علاوہ اور کر بھی کون سکتا ہے۔۔۔

فائز فریش ہو کے نیچے گیا۔۔۔

السلام علیکم۔۔۔کیسے ہیں سب۔۔۔فائز نے سب سے سلام لیا۔۔۔

وعلیکم السلام۔۔۔۔سب نے جواب دیا۔۔

یہ سورج آج کہاں سے نکلا ہے۔۔؟؟؟یوسف صاحب فائز پر سیدھا طنز کیا۔۔۔۔

مطلب۔۔۔؟؟فائز نے انجان بننے کی کوشش کی۔۔۔۔

فائز بیٹا اس ٹائم کون سے نماز پڑھنے جا رہے ہو؟؟؟فائز کے سر پر ٹوپی دیکھ کے شہناز بیگم نے کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

ماشاءاللہ۔۔۔فائز تو آج بہت ہی اسلامی بھائی لگ رہا ہے۔۔ایسے ہی رہا کرو۔۔۔دادی جان فائز کو پیار کیا۔۔۔جبکہ فائز کی حالت دیکھ کر زوہا اپنی ہنسی ضبط کر رہی تھی۔۔۔

چلو جو بھی ہے۔۔فائز تمہیں آج لاہور کے لیے جانا تھا۔۔؟؟ہمدان صاحب نے یاد کروایا۔۔۔

اوہ۔۔ہاں میں تو بھول ہی گیا۔۔۔۔

واہ۔ویسے۔۔تمھاری فلائٹ شام پانچ بجے کی ہے ریڈی رہنا اور ہاں بیسٹ آف لک بیٹا۔۔۔حیدر صاحب نے کہا۔۔۔

شکریہ چچا جان۔۔۔۔

چلو بہو بیگم تم لوگ ذرا جاکے زیور دیکھ لو کونسا ازالیے رکھنا ہے۔۔۔۔دادی جان نے سائرہ اور نعیمہ کی طرف دیکھا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ٹھیک۔۔۔۔

زوہا کی بچی۔۔۔یہ کیا حرکت ہے۔۔۔؟؟فائز زوہا کی طرف بڑھا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

کیا مطلب کل تم نے خود ہی تو کہا تھا کہ طلال بھائی سے پنگا نہیں لیکتی سکتی۔۔۔تو میں سوچ تم سے تو لے سکتی ہوں نہ؟؟؟زوہا نے مسکراتے ہوئے کہا۔۔۔

---

فائز اور زوہا کو دادی جان نے اپنے کمرے میں بلایا تھا۔۔

زوہا اور فائز کافی دیر تک ایک دوسرے کو دیکھ رہے تھے اور اشاروں میں پوچھ رہے تھے بات ہے۔۔۔ لیکن دونوں ہی انجان تھے دادی کیا کرنے والی ہیں۔۔۔

کیا ہو گیا ایسے کیوں گھور رہے ہو دونوں۔۔؟؟

کچھ نہیں۔۔۔ آپ نے کیوں بلایا سب خیریت ہے؟؟فائز نے دادی جان جی طرف دیکھا زوہا بھی بات سے اتفاق کرتے ہوئے اثبات میں سر ہلایا۔۔۔

ہاں دراصل بہت ضروری بات کرنی تھی۔۔۔پہلے یہ بتاؤ اگر ہم اپنے بچوں کے لیے کوئی فیصلہ کرینگے تو غلط کرینگے؟؟؟دادی نے بات کو گھما کر پوچھا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

نہیں بلکل نہیں۔۔۔دونوں نے نفی میں سر ہلاتے ہوئے کہا۔۔

دیکھو بیٹا۔۔ازا اور طلال سمجھدار ہیں اسلیے انکا نکاح جلدی کرنے کا فیصلہ کیا۔۔اب میں تم دونوں سے پہلی اور آخری بار پوچھ رہی ہوں کوئی پسند ہے تو بتاؤ ورنہ بھئ جہاں ہم نے کرنی ہے تمھاری شادی وہیں ہو گی۔۔۔دادی نے جیسے دونوں پر کوئی بم پھوڑ دیا تھا۔۔

نہیں دادی میں تو کسی کو نہیں کرتی پسند لیکن ہاں فائز شاید کرتا ہے کسی کو پسند آپ فائز کی کروا دیں اس سے ۔۔۔زوہا نے فائز کی باکس والی بات یاد کرتے ہوئے کہا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اچھا فائز کون ہے وہ کہاں رہتی ہے کچھ بتاؤ گے۔۔۔؟؟دادی جان نے فائز کی طرف متوجہ ہو کے کہا جبکہ فائز زوہا کو گھور رہا تھا۔۔۔اور زوہا اُسے دانت دکھا رہی تھی۔۔۔

نہیں دادی۔۔۔یہ ایسی بکواس کرتی ہے۔۔۔فائز زوہا کی بات کی نفی کرتے ہوئے کہا۔۔

Posted on Kitab Nagri

ٹھیک ہے پھر طلال اور ازا کی شادی کے ساتھ ساتھ تم دونوں اپنی منگنی کی تیاری شروع کرو۔۔۔دادی جان نے پورے اطمینان سے کہا۔۔۔

کیاا۔۔؟؟؟؟؟؟کیا کہا دادی؟؟؟زوہا کا منہ حیرت سے کھل گیا اُس کے اوپر تو جیسے کسی نے توپوں کی بارش کر دی ہو۔۔۔۔فائز زوہا کی حیرت سے پھٹی آنکھیں دیکھ رہا تھا۔۔۔

میں نے کوئی اتنی بڑی بات نہیں بولی زوہا۔۔۔دادی نے زوہا سے کہا۔۔

بڑی بات؟؟؟دادی میں زہر کھالوں گی لیکن اس چوہے سے شادی کبھی نہیں کرونگی۔۔۔بچپن سے اب تک ہماری نہیں بنی آگے کیا بنے گی۔۔؟؟نہیں کبھی نہیں ساری زندگی اسے بلکل برداشت نہیں کرونگی۔۔۔زوہا نے غصے بھری نگاہ فائز پر ڈالتے ہوئے کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

ایک سیکنڈ۔۔ محترمہ۔۔۔چوہا کس کو بولا؟؟؟اور اتنا ہی شوق ہے نہ میری بلا سے پوری بوتل کھالو زہر کی میں کون سا تم سے شادی کے لیے مرا جا رہا ہوں۔۔۔؟؟؟جنگلی بلی نہ ہو تو۔ہونہہ۔۔فائز نے منہ بسورتے ہوئے کہا۔۔۔

جنگلی بلی کس کو بولا۔۔؟؟اور زہر میں تمہیں ہی نہ کھلا دوں۔؟؟زوہا نے اپنی شہادت کی انگلی سے وارن کرنے والے انداز میں کہا۔۔۔

دادی جان میں زوہا بیگ مسٹر فائز بیگ کو کھلے دل سے ریجیکٹ کرتی ہُوں ریجیکٹ کرتی ہوں ریجیکٹ کرتی ہوں۔۔۔زوہا نے دادی جان کی طرف دیکھتے ہوئے ایک سرسری نگاہ فائز پر دوڑاتے ہوئے کہا۔۔۔ جبکہ فائز کو آج غصّہ آیا تھا پہلی مرتبہ شدید غصّہ۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دادی جان آپ کو جس سے کرنی ہے شادی کر دیں لیکن میں اس جنگلی بلی سے کبھی شادی نہیں کرونگا۔۔۔فائز نے اپنا حتمی فیصلہ سنایا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

یااللہ۔۔۔دادی جان جو کب سے دونوں کو لڑتا دیکھ رہی تھیں اپنا سر پکڑ کے بیٹھ گئیں۔۔۔خود بھی پریشان تھیں آخر یہ دونوں ایک دوسرے سے شادی کرینگے نہیں اور کوئی دوسرا انکو برداشت کر نہیں سکتا۔۔۔

ٹھیک ہے مت کرو۔۔۔لیکن پھر میری بھی بات کان کھول کے سنو یہ میں نے تم دونوں سے پہلی اور آخری بار پوچھا تھا اب وہی ہو گا جو ہم چاہیں گے۔۔۔جس سے ہم کروائینگے شادی بنا کسی اختلاف کے کرنی ہوگئی۔۔۔۔دادی نے اپنا فیصلہ سنایا۔۔۔

ٹھیک ہے دادی جس سے بولیں گی آپ کرلونگی شادی لیکن اس سے نہیں کرونگی۔۔۔۔

فائز کو اتنا تو پتا تھا کہ زوہا کبھی شادی نہیں کریگی اس سے لیکن پھر بھی زوہا کی باتیں کسی حد تک بری لگ رہی تھی اُسے۔۔۔۔

جی دادی آپ کو جس سے کروانی ہو کروادیں مجھے بھی کوئی اعتراض نہیں ہے بس ابھی کچھ سال تک چھوڑدیں۔۔۔مجھے کیریئر بنانے دیں۔۔۔فائز نے سنجیدگی سے کہا۔۔اور جانے لگا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

ایک سیکنڈ فائز۔۔۔تم دونوں کو ایک ہفتے کا ٹائم دے رہی ہوں سوچ سمجھ لو۔۔۔دادی نے اپنا حتمی فیصلہ سنایا۔۔

وعلیکم السلام بیٹا۔۔پہنچ گئے بیٹا خیریت سے۔۔۔؟نعیمہ بیگم نے فائز کو کال کی تاکہ اُسکی خیریت دریافت کر سکیں۔۔۔

جی امی جان۔۔۔آپ کیوں اتنی ٹینشن لیتی ہیں۔۔۔اللہ کا شکر ہے بلکل خیریت سے پہنچ گیا ہُوں۔۔۔فائز نے تسلی دلائی۔۔۔

اب ماں ہُوں تمھاری میں ٹینشن نہیں لونگی تو کیا پڑوسی لیں گے؟؟؟

ہاہا۔۔۔یہ بھی ہے۔۔

Posted on Kitab Nagri

اچھا چلو آرام کرو محنت سے کام کرو میں رکھتی ہُوں فون گھر میں شادی ہے بہت کام ہیں۔۔۔

جی امی جی۔۔۔اللہ حافظ۔۔

خدا حافظ خیال رکھنا۔۔۔نعیمہ بیگم بول کہ فون رکھا۔۔۔

گھر میں شادی کی تیاریاں عروج پر تھیں اور اب تو مہمانوں کی آمد ورفت بھی بڑھ گئی تھیں لیکن پھر بھی تمام گھر والوں نے سب کچھ بنا کسی لڑائی جھگڑے کے سنبھالا ہوا تھا۔۔۔

وقت تیزی سے گزر رہا تھا۔۔اور تیاریاں مزید بڑھ گئی تھیں طلال صاحب سے تو گھر میں اتنا شور برداشت ہوتا نہیں سارا سارا دن آفس میں گزارتا۔۔۔

السلام علیکم۔۔۔کیسے ہیں سب۔۔؟؟ یہ ہیں رضیہ خالہ سائرہ بیگم کی اکلوتی بہن جو ملیشیا میں رہا کرتی ہیں۔۔۔ جنکے شوہر محترم کافی سال پہلے ہی رضائے الٰہی سے وفات پا گئے تھے۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

وعلیکم السلام۔۔۔۔اف۔۔۔۔آ گئیں تم نکاح تو پرسوں ہو گیا تھا اب آ رہی ہو؟؟؟سائرہ بیگم نے شکوہ کیا۔۔۔

ایک سیکنڈ۔۔سائرہ میری پہلی بھانجی کی شادی ہے میں بھلا کیوں نہ آتی تمہیں پتا نہیں کون سے جلدی تھی اچانک فون کر دیا جمعہ کو نکاح ہے۔۔۔اب بندہ اپنی مصروفیات دیکھتا ہے۔۔فلائٹ بک کروانا ملیشیا سے پاکستان آنا کوئی آسان کام ہے جو ایک فون کرو گی میں پہنچ جاؤں۔۔؟؟؟رضیہ بیگم نے کافی طویل وضاحت کی کہ سائرہ بیگم کو بھی اپنی غلطی کا اعتراف کرنا پڑا۔۔

ہاں ہاں۔۔۔تم صحیح میں غلط۔۔۔بس۔۔۔سائرہ بیگم نے مسکرا کر کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہاں اب ٹھیک ہے۔۔۔

السلام علیکم خالہ۔۔گوری رنگت،براؤن آنکھیں،بلیو جینز اور وائٹ شرٹ میں ملبوس نوجوان نے سر جھکائے سلام کیا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

وعلیکم السلام۔۔۔زاویار۔۔بیٹا کیسے ہو؟؟سائرہ بیگم میں مسکرا کر کہا۔۔۔

بس آپ سب کی دعائیں ہے۔۔۔اللہ کا کرم ہے۔۔۔زاویار نے بھی مسکرا کر کہا۔۔۔

باقی سب کہاں ہیں؟؟

اندر آؤیہیں ہیں گھر میں بس شادی کی تیاریاں ہیں اسی میں مصروف ہونگے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اچھا۔۔۔چلو میں پہلے تمھاری سانسوماں سے مل لوں ورنہ ناراض ہو جائینگی۔۔۔رضیہ بیگم نے کہا۔۔۔

کوئی نہیں۔۔۔جاؤمل لو سب سے پھر میں زوہا کو بھیجتی ہُوں کمرہ دکھادے گی وہ آرام کرلینا۔۔تھک گئی ہو گی۔۔۔سائرہ بیگم نے کہا۔۔

ہاں ٹھیک۔۔۔زاویار بیگز اٹھانے لگا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

منان۔۔۔منان۔۔اِدھر آؤ۔۔۔نائلہ بیگم بھی آگئیں تھیں۔۔۔

جی امی جی۔۔؟؟

یہ بھائی کے ساتھ سامان کمرے تک پہنچاؤ ذرا۔۔۔

جی۔۔۔منان نے بیگز اٹھائے۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں اٹھالیتا ہوں۔۔۔۔زاویار نے کہا۔۔

نہیں۔۔میں لے جاتا ہُوں۔۔ آپ مل لیں سب سے پھر آرام کر لیجیے گا۔۔۔ منان نے بیگ لیے اور آگے کی جانب چلنے لگا۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

اور کیسی ہیں آپ۔۔؟؟نائلہ بیگم نے ہاتھ ملاتے ہوئے پوچھا۔۔

اللہ تعالٰی کا شکر ہے ٹھیک۔۔۔اُسکے بعد سب دادی جان کے کمرے کی طرف گئے۔۔

یہ اتنے سارے بیگز کس کے ہیں۔۔؟؟زوہا نے منان سے پوچھا۔۔۔

کپڑے کے ہیں۔۔۔منان نے جواب دیا۔۔

وہ مجھے بھی دکھ رہا۔۔۔زوہا نے منان کو گھورتے ہوئے کہا۔۔

آپکی خالہ اور انکے بیٹا کا۔۔۔دادی جان کہ روم میں ہیں۔۔سب

۔

Posted on Kitab Nagri

اوہ اچھا۔۔رضیہ خالہ آ گئیں۔۔۔میں ابھی دیکھتی ہُوں۔۔۔زوہا خوشی سے چہکتے ہوئے گئی۔۔۔

ایک سیکنڈ کہیں نہیں جا رہی ہو تم پہلے فائز بھائی کا کمرہ سیٹ کرو ذیار بھائی کے لیے نعیمہ تائی نے کہا تھا آپکو بولوں۔۔۔منان نے زوہا کو پیچھے سے روکتے ہوئے کہا۔۔۔

افف۔۔۔یہ کونسی مصیبت ہے۔۔۔زوہا منہ بنا کر رہ گئی۔۔

زوہا پیر پٹختے ہوئے فائز کا روم دیکھنے گئی۔۔۔

سیٹ تو ہے۔۔۔اب اور کیا کروں۔۔۔ہونہہ۔۔زوہا بڑبڑاتی ہوئی واپس جانے لگی۔۔۔لیکن اچانک اپنے سامنے ایک لمبے سے انسان کو دیکھ کر رک گئی

۔اب۔۔ام۔۔سوری مجھے لگا ازا نے اس کمرے کا کہا تھا۔۔

Posted on Kitab Nagri

نہیں۔۔۔سوری کس بات کا؟؟ازانے اسی کمرے کا کہا ہو گا میں تو بس دیکھنے آئی تھی کمرہ ٹھیک ہے یا نہیں۔۔دراصل یہ چوہے کا کمرہ ہے ہمیشہ پھیلا کر رکھتا ہے وہ۔۔۔۔

چوہا؟؟واٹ۔۔؟؟ذاویار نے حیرت سے زوہا کو دیکھا۔۔

اوہ۔۔۔میرا مطلب فائز کا۔۔۔زوہانے اپنے سر پر ضرب لگائی۔۔

طلال کا بھائی۔۔۔رائٹ؟؟

جی۔۔۔نعیمہ تائی جان اور یوسف تایا کے بڑے بیٹے کے چھوٹے بھائی جو اس وقت لاہور میں کام سے گیا ہوا ہے فائز نام ہے۔۔۔جو خود کسی کام کا نہیں ہے۔۔آخری جملہ زوہانے دل میں ہی کہا۔۔۔۔۔۔۔۔زوہانے مسکراتے ہوئے بتایا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

جی میں سمجھ گیا تھا۔۔۔زاویار نے بیزاری سے کہا۔۔۔

اوہ۔۔اچھا۔۔خیر میں چلتی ہُوں۔۔۔

ایک سیکنڈ آپکا تعارف۔۔؟؟

میں کسی کو اپنا تعارف بتانے کی پابند نہیں ہُوں۔۔۔۔۔اللہ حافظ۔۔۔

زوہا کہتے ہوئی باہر گئی۔۔۔۔

عجیب۔۔۔۔پہلی بار کوئی لڑکی دیکھی جو زاویار احمد کو ایسے جواب دے ہے۔۔۔وہ دل میں سوچتا ہوا بستر پر لیٹ گیا۔۔

سائرہ پھر کیا سوچ تم نے میں نے کچھ پوچھا تھا۔۔۔۔رضیہ بیگم نے سائرہ بیگم سے کہا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

دراصل۔۔دیکھو رضیہ میں تم سے کوئی بات چھپانا نہیں چاہتی بلکل صاف بات کرتی ہوں۔۔۔

زوہا کو بہت پہلے ہی بھابھی فائز کے لیے کہا تھا۔۔۔کیونکہ دونوں بچپن سے ہی ایک دوسرے کے ساتھ رہے ہیں۔۔۔سب یہی چاہتے ہیں کہ زوہا کی شادی فائز سے ہو۔۔

لیکن۔۔سائرہ۔۔

آپ پریشان نہ ہوں۔۔۔امی جی نے بچوں سے بات کی ہے۔۔۔دونوں نے منع کیا ہے۔۔۔ایک دوسرے سے کرنے کا۔۔لیکن امی جان میں سوچنے کے لیے وقت دیا ہے دونوں کو۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ٹھیک ہے پھر اگر اس ہفتے میں دونوں منع ہی کرتے ہیں تو میں تمھاری ایک نہیں سنوں گی۔ازا کے ولیمہ میں ہی نکاح کروا کے جاؤں گی زوہا اور زاویار کا۔۔۔۔رضیہ بیگم نے اُمید سے کہا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

جی جی۔۔۔ بلکل۔۔۔ لیکن زاویار سے پوچھا ہے آپنے؟؟

اس سے کیا پوچھنا۔۔؟؟؟ آج تک میری ہر بات مانی ہے یہ بھی مانے گا۔۔۔رضیہ بیگم نے فخریہ انداز سے کہا۔۔۔

لیکن پھر بھی۔۔۔۔سائرہ بیگم نے کہا۔۔۔

---

پاپا مجھے ازا کی بارات کے لیے سوٹ لینا ہے بھائی کو بولیں مجھے لے جائیں۔۔۔ پلیز۔۔۔۔ عبیرہ نے عباس صاحب سے کہا۔۔۔

افف۔۔ابھی چند دن ہی ہوئے ہیں آئی ہوئے واپس اور تمھاری شادیاں ہی ختم نہیں ہو رہی یہ ہر وقت کہاں جاتی رہتی ہو؟؟؟؟زین نے چڑتے ہوئے کہا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

کہاں کیا مطلب۔۔ صرف زوہا لوگوں کے گھر ہی جاتی ہوں آپ تو یہاں ابھی آئے ہو ورنہ پتا ہو تا یہاں پر کتنی بور ہو جاتی ہوں میں۔۔۔

تو اُن لوگوں کے گھر جو کرہیں جو وہاں بور نہیں ہو تیں ؟؟ زین نے ہنستے ہوئے کہا۔۔ عباس صاحب دونوں کو مسکراتے ہوئے دیکھ رہے تھے۔۔۔

جی نہیں۔۔۔ عبیرہ نے منہ بسورتے ہوئے کہا۔۔۔

اچھا تو پھر وہاں انٹرٹینمنٹ شو چلتا ہے۔۔؟؟ زین نے مزید اُسے زچ کرتے ہوئے کہا۔۔۔

افف۔۔۔ آپکو پتا ہے وہاں پر اتنے سارے لوگ ہیں دادی جان۔۔ تائی جان۔۔ چچی جان۔۔ چھوٹی چچی جان۔۔۔زوہا فائز جیسے ٹوم اینڈ جیری سے کزن۔۔ از اطلال بھائی جیسا پیارا سا کپل۔۔۔ اور منہا جیسی سویٹ اور

Posted on Kitab Nagri

کیوٹ کزن۔۔۔سب بہت اچھے۔۔۔عبیرہ نے بہت دل سے کہا تھا جس پر زین بھی سنجیدگی سے اسے دیکھ رہا تھا۔۔۔

اچھا۔۔اتنے سارے لوگ۔۔؟؟؟حیرت ایک ساتھ ایک گھر میں؟؟؟زین نے حیرت سے آئیبرو اُچکائیں۔۔۔

ہاں واقعی۔۔؟؟سلمان صاحب نے بھی حیرت سے دیکھا۔

ہاں۔۔۔میں جھوٹ کیوں بولوں گی۔۔۔ویسے پاپا اُنہوں نے آپکو بھی انوائیٹ کیا تھا نکاح میں لیکن آپ بزی تھے برات میں سب کو بلایا ہے۔۔۔۔عبیرہ نے کہا۔۔۔

اچھا۔۔چلو بھئی ہم بھی مل لینگے آخر کونسے لوگ ہے جن کے لیے تمھاری زبان سے اتنی تعریف نکل رہی ہے۔۔۔عباس صاحب نے چائے کا کپ اٹھاتے ہوئے کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

تمہیں تو اتنے رشتے دار ایسی فیملیز بری لگتی تھی نہ۔۔؟؟اچانک اتنے نیک خیال سب خیریت؟؟؟زین نے تفتیشی نگاہ عبیرہ پر ڈالی۔۔۔۔

توبہ ہے۔۔۔ آپ بھی چلنا اور خود دیکھ لینا کتنے اچھی لوگ ہیں۔۔۔۔

آپکے خیالات بھی درست ہو جائینگے بڑی فیملیز کے بارے میں۔۔۔ عبیرہ نے مسکرا کر کہا۔۔۔۔

اچھا جاؤ ریڈی ہو جاؤ۔۔۔ چلتا ہوں تمہارے ساتھ۔۔۔زین نے پیار سے کہا۔۔۔

سچی۔۔۔میں ابھی جاتی ہُوں پھر آپ مجھے وہاں چھوڑ دیں گے نہ؟؟؟عبیرہ نے ایک اور فرمائش کی۔۔اور چلی گئی۔۔۔

افف۔۔پاپا عبیرہ کافی خوش نظر آرہی ہے۔۔۔ یہاں پر شفٹ ہوتے وقت کتنی اُداس تھی۔۔۔زین نے عباس صاحب سے مخاطب ہوا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ہاں۔۔۔پڑوس میں کوئی فیملی ہے کافی گُل مل گئی ہے ان سے۔۔۔۔عباس صاحب نے کہا۔۔۔

---

ساری لڑکیاں خوب گانے بجانے میں لگی ہوئی تھیں۔۔ لیکن زوہا ایسے منہ لٹکائے بیٹھی تھی جیسے مزہ نہ آرہا ہو۔۔۔۔

زوہا۔۔۔تم بھی کچھ گالو؟؟عبیرہ نے زوہا کو کہا۔۔۔

نہیں یار موڈ نہیں ہے۔۔۔زوہانے جواب دیا۔۔

یار مجھے لگا تھا شادی میں بہت مزہ آئیگا لیکن زوہا یار بہت بور جارہی ہے۔۔۔۔منہانے منہ بناتے ہوئے کہا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ہاں یار بوریت تو مجھے بھی ہو رہی ہے دو دن بعد مہندی کا فنکشن ہے اس میں دیکھنا کتنا مزا کرینگے۔۔۔

ہاں پتا ہے مجھے سارے مزے تم اب شادی کے فنکشن میں ہی کرو گی۔۔۔تمہارا کرائم پارٹنر جو نہیں ہے۔۔۔ازا نے زوہا کو طنز سے نوازا۔۔۔

ہاں۔۔۔یار مجھے تو اب بلکل بھی مزہ نہیں آرہا ایسا لگ رہا ہے لائف میں کچھ گڑبڑ ہے۔۔۔۔سکون نہیں ہے۔۔۔زوہا نے اُداس لہجے میں کہا۔۔۔

ہاں اب کہاں ملے گا آپ کو سکون۔۔۔فائز کا سکون برباد جو نہیں کیا تم نے اتنے دن۔۔۔۔منہا نے ہنستے ہوئے کہا۔۔جبکہ زوہا نے منہا کو گھوری سے نوازا۔۔۔

طلال تھکا ہارا آفس سے آیا تھا۔۔۔اور چائے کی طلب تھی۔۔۔اسی لیے کچن میں چلا گیا۔۔۔

طلال بھائی آپ یہاں خیریت۔۔؟؟منہا نے طلال کو دیکھ کر حیرت سے کہا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ہاں دراصل چائے چاہیے تھی سوچا بنا لوں۔۔۔دادی جان نے ازا سے کہنے کو تو منع کیا۔۔۔

ہاں تو انتظار کریں اب تو پوری زندگی اسی کے ہاتھ کی پینی ہے۔۔۔ منہا نے مسکراتے ہوئے کہا۔۔ لیکن طلال نے کوئی جواب نہیں دیا اپنی عادت کے مطابق اپنے کام میں مگن تھا۔۔۔

بیٹا جی۔۔۔اُنھوں نے پہلے ہی اب تک کی زندگی میں صرف ازا کے ہاتھوں کی بنی ہی پی ہے۔۔۔۔زوہا نے ایک نظر طلال پر ڈالتے ہوئے کہا۔۔۔

طلال زوہا کو دیکھتا ہوا چائے کا کپ اٹھا کر جانے لگا تبھی ازا بھی آ گئی۔۔۔۔

ارے آپ کچن میں کیا کر رہے ہیں؟؟ازا نے طلال کو دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

تم سے ملنے آئے تھے پر تم لیٹ ہو گئیں۔۔۔زوہا نے ازا کو چھیڑتے ہوئے کہا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ازانے آنکھیں چرائیں۔۔۔۔۔

میں ہی چلا جاتا ہوں غلطی ہو گئ چائے بنانے کی۔۔۔طلال زوہا کو گھورتا ہوا چلا گیا۔۔۔

ہاہاہا۔۔۔زوہا اور منہانے ہلکا سا قہقہ لگایا۔۔۔

تم دونوں نا۔۔۔ازانے غصے سے پیر پٹختے ہوئے چلی گئ۔۔۔

افف۔۔۔ہماری شرمیلی لڑکی۔۔۔زوہانے اپنا سر نفی میں ہلاتے ہوئے کہا۔۔۔

زوہا پورے گھر میں سب کے ہوتے ہوئے بھی بور ہو رہی تھی فائز کو گئے اتنے دن ہو گئے تو کوئی پنگا لینے والا نہیں تھا۔۔۔زوہا کبھی اس کمرے میں کبھی دوسرے کمرے کبھی لان۔۔۔تو کبھی کچن۔پورے گھر وزٹ کر رہی تھی۔۔باقی گھر والے تو شادی کی ہزار مصروفیات میں لگے تھے۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

زوہا۔۔سائرہ بیگم زوہا کے پاس آئیں۔۔۔

جی امی۔۔۔

بیٹا دادی جان کو منع کیا ہے تم نے۔۔؟؟فائز سے منگنی کا؟؟

جی۔۔امی آپ لوگ سوچ بھی کیسے سکتے ہیں میں اور فائز ایک منٹ سکون سے نہیں دیکھ سکتے ایک دوسرے شادی؟؟؟نہیں بلکل نہیں۔۔۔زوہا نے نفی میں سر ہلایا۔۔

ٹھیک ہے۔۔پھر تم سے ایک بات پوچھنا ہمارا فرض تھا اور تمہارا حق جسے تم استعمال کیا۔۔۔اور بقول تمہارے فائز کے علاوہ ہم جس سے کہینگے تم شادی کر لو گی؟؟؟کیوں۔۔۔؟سائرہ بیگم نے کہا۔۔

میں نے منع بھی کب کیا ہے۔۔؟؟آپ کو جس سے کروانی ہے کروادیں۔۔۔زوہا نے تحمّل سے کہا۔۔

Posted on Kitab Nagri

زاویار کیسا لگا تمہیں۔۔۔؟؟

ٹھیک ہے۔۔۔زوہا نے سرسری سا جواب دیا۔۔۔

تمھاری خالہ نے کہا ہے ولیمے پر تمہارا اور اُسکا نکاح ہو جائے رخصتی عید کے بعد دیکھیں گے۔۔۔ تمہیں کوئی اعتراض۔۔؟؟سائرہ بیگم نے پوچھا۔۔۔

نہیں آپکی مرضی۔۔مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے۔۔

میری پیاری بیٹی۔۔۔ویسے جیسی تمھاری حرکتیں تھیں نہ مجھے لگا تھا مجھے سال لگ جائیگا تمہیں سمجھانے میں۔۔۔۔سائرہ بیگم ہلکا سا مسکرائیں۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

اب ایسا بھی نہیں ہے میں شرارتی ہوں لیکن اپنے بڑوں سے بہت پیار ہے مجھے سب کی خوشیاں اتنی ہی عزیز ہیں جتنی ازا کو ہیں۔۔۔زوہا نے منہ بسورتے ہوئے کہا۔۔۔

اچھا۔۔ویسے آج کل گھر میں اتنا سکون ہے؟؟کوئی کارنامہ انجام نہیں دیا تم نے۔۔۔سب حیرت میں ہیں۔۔۔

پتا نہیں امی میرا دل نہیں کر رہا آج کل پنگے لینے کا۔۔

ہاں فائز ہو گا تو لو گی نہ اس سے پنگے۔۔۔سائرہ بیگم نے ہنستے ہوئے کہا۔۔

ہاں۔۔زوہا نے مختصر کہا۔۔۔

امی جی۔۔۔مجھے کچھ بات کرنی ہے آپ دونوں سے۔۔۔سائرہ بیگم نے نعیمہ بیگم اور بلقیس بیگم سے کہا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

ہاں۔۔ہاں بولو۔۔۔

زوہا اور فائز تو راضی نہیں ہے۔۔رضیہ بار بار زاویار کے لیے کہہ رہی مجھے زیادہ منع کرنا اچھا نہیں لگ رہا اچھا لڑکا ہے زاویار۔۔۔۔سائرہ بیگم نے اپنی بات کہی۔۔۔۔

ہاں میں بھی یہی سوچ رہی تھی تم نے زوہا سے بات کی۔۔؟؟دادی جان نے کہا۔۔۔

ہاں۔۔اُسے کوئی اعتراض نہیں ہے۔۔۔۔

کوئی بات نہیں سائرہ پھر ولیمہ والے دن زوہا کی منگنی بھی ساتھ کر دیتے ہیں۔۔۔۔نعیمہ بیگم نے کہا۔۔۔

ہاں۔۔رضیہ آپا نکاح کا کہہ رہی ہیں۔۔۔رخصتی عید پر۔۔۔

ہاں یہ تو اور اچھا ہو جائے گا۔۔۔دادی جان نے کہا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

چلو پھر مبارک ہو۔۔۔

آپکو بھی بھابھی۔۔۔

---

فائز کام پر دھیان دو۔۔۔۔فائز اپنے کام میں مصروف تھا۔۔۔ایسا پہلی بار ہوا تھا وہ گھر باہر اکیلے رہ رہا تھا۔۔۔

اوہ بھائی۔۔۔فائز کیا حال ہیں؟؟؟؟تبریز جو فائز کے ساتھ ایک پروجیکٹ پر کام کر رہا تھا اور فائز کا بچپن کا دوست بھی تھا فائز کے پاس آیا۔۔۔ لیکن اپنے ابو کے انتقال کے بعد لاہور شفٹ ہو گیا تھا۔۔۔

ٹھیک۔۔۔یار بہت بور ہو رہا ہُوں۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

کہیں باہر چلیں؟؟تبریز نے آئیڈیا دیا۔۔

نہیں یار۔۔۔بس اتنے دن سے کسی کا سکون برباد نہیں کیا میں نے۔۔۔اسلئے۔۔۔فائز نے اُداسی سے کہا۔۔

کیا مطلب۔۔؟؟تمھاری کزن۔۔۔وہ کیا کہتے ہو تم چڑیل۔۔۔؟؟؟

تمیز سے۔۔چڑیل صرف میں کہتا ہوں۔۔۔۔فائز نے بیچ میں ٹوکا۔۔۔

اوہ۔۔ہاں۔۔بھول گیا تھا۔۔۔ویسے کیا ارادہ ہے تم دونوں کا۔؟؟

کیا مطلب۔۔؟؟فائز نے لاپرواہی سے کندھے اچکائے۔۔۔

تُجھے اچھے سے پتا ہے میں کس بارے میں بات کر رہا ہُوں۔۔۔۔ تبریز نے سنجیدگی سے کہا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

افف۔۔چھوڑو کوئی اور بات کرتے ہیں ویسے بھی کل واپس جا رہا ہوں اسلام آباد۔۔۔فائز نے لیپ ٹاپ بند کرتے ہوئے کہا۔۔۔

نہیں میں اسی بارے میں بات کرونگا ویسے میں بھی تیرے ساتھ ہی جاؤنگا چچا سے کام ہے اپنے۔۔۔تبریز نے ڈھٹائی سے کہا۔۔۔

اوکے کر لو۔۔۔میں سونے جا رہا ہُوں۔۔فائز نے مسکراتے ہوئے کہا۔۔۔

فائز۔۔۔تبریز نے دانت پیسے۔۔۔۔

سو جاؤ تم بھی۔۔۔فائز نے لائٹ آف کی۔۔۔

نہیں اٹھو۔۔ابھی۔۔۔تبریز نے واپس لائٹ ان کی اور فائز کو اٹھایا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

یااللہ۔۔۔کیا مصیبت ہے۔۔۔۔

ابھی تھوڑی دیر پہلے تم یاد کر رہے تھے نہ کہ کیسے زوہا نے تمہارا سکون برباد کیا ہوا تھا۔۔۔ چلو اب میں برباد کرتا ہوں۔۔۔۔ تبریز نے کہتے ہوئی بلنکیت کھینچا۔۔۔۔۔

ٹھیک۔۔۔۔ہے۔۔۔بولو کیا ہے۔۔۔فائز نے بیزاری سے کہا۔۔۔

گڈ۔۔۔اب بتاؤ اُسے کیوں نہیں بتا رہے۔۔؟؟

کیوں کہ مجھے نہیں بتانا۔۔۔۔فائز نے دانت دکھائے۔۔۔۔

فائز۔۔۔سیریس ہوں میں۔۔۔ تبریز نے غصے سے کہا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

یار وہ مجھ سے ہر گز شادی نہیں کریگی۔۔۔تو کیا فائدہ اپنے جذبات کو اُسکے سامنے رکھنے کا۔۔؟؟؟

کیا مطلب کیا فائدہ۔۔؟؟

دیکھو تبریز میری محبّت کی تعریف میں یہی آتا ہے کہ اگر بندہ کسی کو شدّت سے چاہے تو سامنے والے پر لازم نہیں ہے وہ بھی اس سے محبّت کرے۔۔۔اور میرے اندر اتنی ہمت نہیں ہے کہ اُسکا انکار برداشت کرسکوں۔۔ایک ہنسنے کی وجہ تھی وہ بھی ختم ہو جائے گی۔۔۔

فائز۔۔۔ایک بار بول کر تو دیکھو۔۔؟؟کیا پتا وہ بھی تم سے محبّت ہو۔۔؟؟تبریز نے اُمید سے کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مجھے نہیں لگتا۔۔۔۔۔۔میں نے بچپن سے اب تک اس سے خاموش محبت کی ہے اور ہمیشہ کرونگا۔۔۔جو آپکا ہے آپکو مل کر ہی رہتا ہی لیکن جو آپکے لئے نہیں ہے تو نہیں ہے۔۔۔ہم انسان بس اللہ سے دعا ہی کر سکتے ہیں۔۔۔اگر نصیب میں ہو گا تو مل جائیگا۔۔۔ویسے بھی میں نے اسے سے سچی اور پاک محبت کی ہے۔۔اگر میری محبّت کی شدّت اللہ کو پسند آگئی تو کچھ بھی ہو جائے مجھے زوہا مل ہی جائیگی۔۔۔۔۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

آج کہیں سے نہیں لگ رہا تھا کہ یہ وہی فائز ہے جو ہر وقت ہر کسی کو تنگ کرنے میں مشغول رہتا۔۔

تو اگر اُسکی شادی کہیں اور ہو گئی تو؟؟اور تیری کہیں اور۔۔؟؟

اُسکی جہاں ہو بس خوش رہے۔۔۔اور میں کسی سے شادی کرنے کا ارادہ نہیں رکھتا۔۔میں میں صرف ایک انسان سے محبّت کی ہے اور محبّت میں کوئی دوسرا آپشن نہیں ہو تا۔۔

---

زوہا خاموش بیٹھی لان میں سوچ رہی تھی کل فائز واپس آئے تو کیا کرے اُسے تنگ کرنے کے لیے۔۔لیکن آج اُسکے شیطانی دماغ میں کوئی آئیڈیا نہیں تھا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

افف۔۔۔پورا ہفتہ کتنا بور گزرا ہے۔۔۔منہا نے ٹھیک ہی کہا تھا۔فائز کے بنا سب بور لگ رہا ہے۔۔۔کس کو تنگ کروں۔۔۔ویسے جو بھی ہے چلتا پھرتا جوکر ہے۔۔۔ہر وقت ہنساتا رہتا تھا۔۔۔زوہا خود سے سوچتی ہوئی مسکرائی۔۔

اوہ۔۔ہو۔۔۔۔کس کے خیالوں میں گم ہو۔۔؟؟جو اتنا مسکرایا جا رہا ہے۔۔؟؟ازا نے لان میں زوہا کو بیٹھا دیکھا تو چلی آئی۔۔۔

نہیں۔۔۔بس سوچ رہی تھیں۔۔ایک ہفتے سے کوئی پنگا نہیں لیا کسی سے ہضم نہیں ہو رہی یہ بات مجھے۔۔۔۔زوہا کی آنکھوں میں آج شرارت کی چمک نہیں تھی بلکہ افسردگی تھی۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

زوہا ادھر دیکھو۔۔۔ازا نے زوہا کا منہ اپنی طرف کیا۔۔۔

ہاں۔۔؟؟؟ایسے کیا دیکھ رہی ہو۔۔؟؟

Posted on Kitab Nagri

یہی کہ تم نے دادی کو منع کیوں کیا ہے فائز نے منگنی کے لیے۔۔۔ازا نے کہا۔۔

تمہیں کیسے پتا۔۔؟؟؟زوہا نے حیرت سے دیکھا۔۔۔

بہن ہُوں تمھاری وہ بھی سگی۔۔۔

اچھا۔۔۔سچ۔۔۔بہت شکریہ میرے علم میں اضافہ کرنے کے لئے۔۔۔زوہا نے دانت پیسے۔۔۔

زوہا۔۔؟؟تم محبّت نہیں کرتی فائز سے بچپن سے سارا سارا دن ایک دوسرے سے لڑنے جھگڑنے میں نکالا ہے تک ایک دوسرے کی صبح برباد نہ کر و سکون نہیں آتا تم دونوں کو پھر منع کرنے کا کیا فائدہ؟؟؟ازا نے سمجھانا چاہا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

افف۔۔۔ازا پہلی بات تو یہ کہ مجھے کبھی اس سے محبّت نہیں ہوئی۔۔۔۔اور فائز بھی مجھ سے شادی نہیں کرنا چاہتا۔۔۔میں جانتی ہوں کسی کو پسند کرتا ہے وہ اُسکی آنکھوں میں محبّت دیکھی ہے میں نے جب بھی وہ باکس کو دیکھتا ہے۔۔۔۔۔۔زوہانے کہا۔۔۔

زوہا۔۔۔۔۔زوہا۔۔۔محبت سے زیادہ عادت بری ہوتی ہے۔۔۔تم مان کیوں نہیں لیتیں تمہیں عادت ہو چکی ہے اُسکی۔۔۔۔ازانے عادت لفظ پر زور دیتے ہوئے کہا۔۔۔

ہو سکتا ہے۔۔۔لیکن اس سے کیا فرق پڑتا ہے۔۔؟؟ویسے تمہیں مجھے مبارک باد دینی چاہیے۔۔۔زوہا میں موضوع بدلا۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ارے بھئی میرا نکاح ہے زاویار سے تمہارے ولیمہ پر۔۔۔زوہانے مسکراتے ہوئے کہا۔۔۔۔

اور تم خوش ہو۔۔۔؟؟؟ازانے کہا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ہاں۔۔ بھئی نکاح ہے میرا۔۔۔ میں بہت بہت خوش ہوں۔۔۔۔زوہانے ہنستے ہوئے کہا۔۔۔

زوہا مجھے کیوں نہیں لگ رہا پھر۔۔۔؟؟؟

افف۔۔۔میری بہن۔۔۔میں بہت خوش ہوں۔۔۔ تمہیں پتاہے میری شادی ہوگئی پھر میں ملیشیا چلی جاؤنگی۔۔۔زوہازور زور سے ہنسنے لگی تھی۔۔۔

زوہا بس کرو کتنا ہنس رہی ہو۔۔؟؟

زوہا تو بس زور زور سے ہنسے جارہی تھی اپنی خوشی کا یقین دلانے کے لیے۔۔۔ کبھی کبھی انسان کے دل میں کیا ہوتا

ہے اُسے چھپانے کے لیے ہنسی کا سہارا تو لیناہی پڑتا ہے۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ہائے۔۔۔آپ اتنی صبح یہاں کیا کر رہی ہیں؟؟زاویار صبح لان میں گیا تو زوہا وہاں بینچ پر اپنے موبائل میں مصروف تھی۔۔۔

میں کچھ نہیں۔۔۔دراصل آج جلدی اٹھ گئی تھی۔۔۔زوہا نے کہا۔۔

اچھا۔۔۔میں بیٹھ سکتا ہوں یہاں؟؟؟

جی۔۔۔میری اپنی ذاتی بینچ نہیں ہے جو میں منع کرونگی۔۔۔زوہا نے کہا۔۔۔

ہاں یہ بھی ہے۔۔۔ویسے موبائل میں کیا دیکھ کر ہنس رہی تھیں آپ۔۔؟؟زاویار نے بینچ پر بیٹھتے ہوئے کہا۔۔۔

جو بھی تھا میں آپکو بتانے کی پابند نہیں ہُوں۔۔۔زوہا نے اکھڑے لہجے میں کہا۔۔

Posted on Kitab Nagri

مرضی آپکی۔۔۔زاویار نے کندھے اچکائے۔۔۔

آج ازا اور طلال کی مہندی تھی ہر طرف خوشیاں ہی

خوشیاں تھیں۔۔لیکن ازا نے مہندی لگوانے سے منع کر دیا تھا جس پر سبھی حیران تھے وہ لڑکی جو ہمیشہ ہاتھوں پر مہندی لگائے رکھتی تھی آج صاف انکار کر دیا تھا۔۔۔

طبیعت تو ٹھیک ہے نہ تمھاری؟؟؟زوہا نے ازا کو دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

ہاں ٹھیک ہے لیکن مجھے نہیں لگانی مہندی۔۔۔ازا نے کہا۔۔۔

کیوں نہیں لگوانی؟؟؟طلال کمرے میں داخل ہوا۔۔۔جسے دیکھ کر ازا کو چپ لگ گئی۔۔۔

بولو۔۔۔؟؟طلال نے کہا۔۔

Posted on Kitab Nagri

میرا دل نہیں ہے۔۔۔ازا نے آہستہ سے کہا۔۔۔

کیوں مجھے پسند نہیں ہے اسلئے۔۔؟؟طلال نے پوچھا۔۔۔

ہاں۔۔۔ازا نے اثبات میں سر ہلاتے ہوئے کہا۔۔۔

ازا۔۔تمہیں میرے لیے اپنے آپ کو بدلنے کی ہر گز ضرورت نہیں ہے۔۔۔اب چپ چاپ لگواؤ۔۔۔طلال بولتا ہوا چلا گیا۔۔۔ازا اُسے جاتا دیکھ رہی تھی۔۔۔

اوہ۔۔ہو۔۔۔اب تو لگوالو۔۔۔۔عبیرہ نے چھیڑتے ہوئے کہا۔۔۔

ازا مسکرا کر رہ گئی۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

زاویار بیٹا تمہارے لیے لڑکی پسند کی ہے میں نے۔۔۔رضیہ بیگم نے کہا۔۔۔

کیا۔۔؟؟لیکن کیوں امی؟؟؟زاویار کو جھٹکا لگا۔۔۔

کیوں کا کیا مطلب۔۔؟؟مجھے اتنا بھی حق نہیں ہے کے اپنی پسند سے بہو لاؤں؟؟ازا کے ولیمے پر تمہارا اور زوہا کا نکاح ہے۔۔کوئی اکسکیوز نہیں چاہیے۔۔۔

لیکن۔۔۔موم۔۔۔

لیکن کچھ نہیں میں نے کہہ دیا نا۔۔۔رضیہ بیگم کہتی ہوئی کمرے سے باہر گئیں۔۔۔

اوہ۔۔۔نو۔۔۔میں کیسے کر سکتا ہُوں زوہا سے شادی۔۔۔؟؟زاویار سر جھٹک کے بیٹھ گیا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

آج فائز واپس اسلاماباد کے لیے نکل چکا تھا۔۔۔اس نے اپنی پوری محنت سے کام جلدی ختم کیا تھا تاکہ مہندی والے دن گھر پہنچ سکے۔۔۔

فائز گھر میں داخل ہوا تو ہر طرف گہما گہمی تھی شور تھا گانے تھے۔۔مہندی کی خوشبو پورے گھر میں مہک رہی تھی۔۔۔

السلام علیکم۔۔۔کیسے ہیں سب۔۔؟؟فائز نے سب سے سلام لیا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وعلیکم السلام۔۔۔بیٹا ہم ٹھیک تم بتاؤ کیسا رہا پروجیکٹ۔؟؟

جی چچا ٹھیک تھا۔۔۔بعد مس کیا سبکو۔۔۔فائز نے حیدر صاحب سے کہا۔۔۔

اچھا چلو۔۔جا کے ریسٹ کر لو شام میں فنکشن ہے۔۔۔پھر وقت نہیں ملے گا۔۔۔نعیمہ بیگم نے کہا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

جی امی۔۔بہت تھک گیا ایک کپ کافی بھجوا دیجیئے گا۔۔۔فائز نے تھکے ہوئے لہجے میں کہا۔۔۔

اچھا چلو ٹھیک ہے۔۔۔تم جاؤ۔۔۔

فائز جیسے ہی اپنے کمرے کی طرف بڑھا کچھ سوچتا ہوا کمرے کا جائزہ لینے لگا۔۔۔اچانک زاویار سامنے آیا۔۔۔

اوہ۔۔۔السلام علیکم۔۔۔آپ کون؟؟وہ بھی میرے کمرے میں۔۔؟

وعلیکم السلام۔۔۔میں زوہا کی خالہ کا بیٹا۔زاویار۔۔۔دونوں نے ہاتھ ملایا۔۔۔

اور میں۔۔۔فائز نے اپنا تعارف کروانا چاہا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

آپ فائز۔۔۔رائٹ؟؟

ہاں۔۔۔فائز نے مسکراتے ہوئے کہا۔۔۔

اتنی دیر سے کیوں کمرے کو گھور رہے ہو۔۔؟؟زاویار نے فائز کو دیکھتے ہوئے کہا جو کمرے کو کافی دیر سے ترچھی نظر سے دیکھ رہا تھا۔۔۔

میں سوچ رہا تھا ایک ہفتے بعد آیا ہوں چڑیل نے کچھ تو گڑبڑ کی ہو گی۔۔۔

کیا مطلب زوہا نے کیا کیا؟؟؟زاویار نے نا سمجھی سے دیکھا؟؟؟

پتا نہیں یہی سوچ رہا ہوں کمرے میں کچھ نہیں اب ضرور کہیں اور ہی کچھ کیا ہو گا۔۔۔فائز نے زاویار کی بات پر زیادہ غور نہیں کیا۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

کچھ نہیں ہو گا۔۔۔ کمرے میں میرے علاوہ کوئی نہیں آیا۔۔۔

نہیں۔۔۔ بھئی۔۔۔ مجھے زیرو پوائنٹ زیرو زیرو زیرو زیرو ون پرسنٹ .(0.00001) بھی یقین نہیں ہو سکتا اس بات پر۔۔۔۔ فائز نے پُراعتماد لہجے میں کہا۔۔۔ زاویار اُسے حیرت سے دیکھتا ہوا واشروم کی جانب بڑھا۔۔۔۔

کہاں جا رہے ہو۔۔؟؟ فائز نے پوچھا۔۔۔

واشروم۔۔۔ منہ دھونے ابھی سو کے اٹھا ہوں۔۔۔ جب تک تم ڈھونڈ لو شاید کچھ مل جائے۔۔۔ زاویار ہنستا ہوا جانے لگا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آہ۔۔۔ اوچ۔۔۔ کیا مذاق ہے یہ۔۔۔ زاویار غصے سے چیختا ہوا باہر آیا تو پورا بھیگا ہوا تھا۔۔۔

ہاہاہا۔۔۔ یہ کیا ہوا۔۔؟؟ فائز نے ہنستے ہوئے کہا جبکہ زاویار ابھی بلکل ہنسنے کے موڈ میں نہیں تھا لیکن فائز کو تو سیریس باتوں پر بھی ہنسنے سے کوئی نہیں روک سکتا تھا یہ تو پھر اتنا فنی تھا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

پتا نہیں یار کسی نے واشروم میں ٹھنڈے پانی سے بھری بالٹی اوپر لٹکائی تھی میرے دروازہ کھولتے ہیں گر گئی۔۔۔پلیز کوئی ڈریس نکالنا میں یہاں رکا تو کمرہ گیلا ہو جائیگا۔۔۔

افف۔۔۔میرے خدایا۔۔۔۔زوہا۔۔۔میں نے پہلے ہی کہا تھا کچھ تو ہو گا۔۔۔لیکن شکر میں بچ گیا۔۔۔فائز نے شکر کرتے ہوئے کہا۔۔۔۔

کچھ دیر بعد زوہا کافی لے کے فائز کے کمرے میں گئی آج پہلی بار زوہا خود کافی دینے گئی تھی کیونکہ اُسے فائز کا حال دیکھنا تھا جو اُسکی وجہ سے خراب ہوتا۔۔۔

ٹھک ٹھک۔۔۔۔زوہا نے دستک دی۔۔۔

آجاؤ۔۔۔فائز نے کہا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ایسے کیا دیکھ رہی ہو۔۔؟؟پتا ہے مجھے بہت ہینڈ سم ہُوں میں۔۔۔فائز نے مسکراتے ہوئے زوہا کو بولا جو فائز کو گھور کے دیکھ رہی تھی اُسے لگا تھا اب تک فائز پورا گیلا ہو چکا ہو گا۔۔۔

ہاہا۔۔اتنے دن یہاں نہیں تھے لگتا ہے یاداشت ٹھیک نہیں ہے آئینہ دیکھو جا کے۔۔۔ہینڈ سم۔۔۔ہونہہ۔۔۔زوہا نے تمسخرانہ انداز سے کہا۔۔پھر پیر پٹختے ہوئی چلی گئی۔۔۔

---

ازامایوں کے جوڑے میں بہت ہی پیاری لگ رہی تھی۔۔پیلا اور گہرا ہرا رنگ کا سوٹ پہنے۔۔لمبے بال پشت پر کیے۔۔ہلکا سے میک اپ چہرے پر کیے۔۔بہت ہی خوبصورت لگ رہی۔۔۔ہاتھوں پر بھری بھری مہندی جو اُسکا شوق تھا۔۔

طلال بھی پیلے رنگ کا کرتا پہنے کسی شہزادے سے کم نہیں لگ رہا تھا نعیمہ بیگم دونوں کی نظریں اُتار رہی تھیں۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

مہندی ہے رچنے والی۔۔۔ہاتھوں میں گہرائی لالی۔

منہا گانے گنگناتے ہوئے بے دھیان چل رہی تھی تبھی سامنے کھڑے شخص کو دیکھ کر چونک گئی۔۔۔

آپ۔۔۔!؟؟؟

آپ یہاں۔۔۔؟؟؟دونوں نے ایک دوسرے کو دیکھ کر کہا۔۔۔

وہ دیکھیں سوری اس دن جو کچھ بھی ہوا۔۔۔میں نے آپ کو غلط راستہ بلکل نہیں بتایا تھا۔۔میں نے منع بھی کیا تھا زوہا کو۔۔۔سوری۔۔۔منہانون اسٹاپ بول رہی تھی جبکہ سامنے کھڑا شخص ہنوز منہا کو دیکھے جا رہا تھا۔۔۔پیلے جوڑے میں آج وہ بے حد پیاری لگ رہی تھی چہرے پر وہی معصومیت۔۔

ہو گیا آپکا۔۔۔؟؟؟

Posted on Kitab Nagri

جی۔۔کیا۔۔؟؟منہانے حیرت سے پوچھا۔۔۔

میرا مطلب اور کچھ کہنا ہے آپ کو۔۔۔؟؟

نہیں بس میں چلتی ہوں۔۔۔منہا گھبراتے ہوئے جانے لگی۔۔۔

ایک منٹ بات تو سنیں۔۔۔۔۔وہ مسکراتے ہوا کہہ رہا تھا لیکن منہا جا چکی تھی۔۔۔

ارے ارے منہا۔۔۔کہاں سے آرہی ہو۔۔؟؟اتنی گھبرائی ہوئی کیوں ہو۔۔؟؟زوہانے منہا کی گھبراہٹ دیکھ کر کہا۔۔۔

تمہیں پتا ہے وہ جس کو تم نے خوب سنائی تھی۔۔اور راستہ بھی غلط بتایا تھا۔۔۔وہ یہاں پر آیا ہوا۔۔۔منہا نے بتایا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

اچھا۔۔تو اس میں گھبرانے والی کونسی بات ہے یار۔۔۔ آنے دو۔۔۔

تمہیں نہ پھوپو کب سے ڈھونڈ رہی ہیں جاؤ۔۔۔

اچھا دیکھتی ہُوں۔۔۔ منہا کہتی ہوئی چلی گئی۔۔

پاپا یہ دادی جان ہیں۔۔۔دادی جان یہ میرے پاپا ہے۔۔۔ عبیرہ نے عباس صاحب کو سب سے ملوایا۔۔۔

السلام علیکم۔۔۔ کیسی ہیں آپ۔۔۔؟؟عباس صاحب نے حال احوال پوچھا۔۔۔

میں ٹھیک اللہ کا کرم ہے۔۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

عبیرہ بہت تعریف کرتی ہے آپ سب کی۔۔عباس صاحب نے مسکرا کر کہا۔۔۔

ارے یہ تو بچی کی محبّت ہے۔۔۔دادی جان نے عبیرہ کو دیکھ کر کہا۔۔۔

---

رات میں سب مہمانوں سے فارغ ہو کے سونے کے لیے اپنے کمروں میں جا چکے تھے۔۔۔جبکہ زوہا ازا اور منہا خوب گپے لگانے میں مصروف تھے۔۔۔۔

زوہا تم نے کیا سوچا ہے کیا پہنو گی نکاح پر اپنے۔۔؟؟ازا نے زوہا سے کہا۔۔۔

پتا نہیں خالہ جان خود ہی دیں گی نکاح کا جوڑا۔۔۔میرا ابھی کوئی موڈ نہیں ہے کچھ لینے کا۔۔۔

زوہا تم خوش ہو۔۔؟؟منہا نے پوچھا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ہاں بھئی۔۔۔اب کیا ناچوں۔۔خوشی میں۔۔؟؟زوہا نے ہنستے ہوئے کہا۔۔۔

میں بہت خش ہُوں۔۔۔بہت بہت۔۔۔لیکن ملیشیا جانے کے بعد سب کو بہت مس کرونگی۔۔۔

فائز جو آج زوہا سے اپنی محبّت کا اقرار کرنے آیا تھا الٹے پاؤں واپس چلا گیا تھا۔۔زوہا اگر اسے انکار کر دیتی تو شاید اُسکے ہنسنے کی وجہ بھی ختم ہو جاتی۔۔۔

---

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ماشاءاللہ بھائی۔۔۔آپ بہت بہت پیارے لگ رہے ہیں بس اگر تھوڑی سی مسکراہٹ لے آئیں چہرے پر۔۔۔فائز نے طلال کو آئینے کے سامنے کھڑا دیکھ کر کہا۔۔جو بلیک شیروانی میں بہت ہی ہینڈسم لگ رہا تھا۔۔۔

میں سوچ رہا تھا آج تو ازا بس آپکو ہی دیکھے گی۔۔۔فائز نے شرارت سے کہا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ہو گئی بکواس۔۔۔؟؟؟ تمھاری ہو جائے شادی پھر پوچھوں گا۔۔۔

وہ دن اب شاید کبھی نہیں آئیگا۔۔۔فائز نے آہستہ سے کہا۔۔

چلیں بارات لے کے۔۔فائز نے ہنستے ہوئے کہا۔۔۔

سب ہال میں پہنچ چکے تھے ازا اور طلال کو اسٹیج پر بٹھایا گیا۔۔آج پہلی بار طلال نے ازا کو مسکرا کے دیکھا تھا جو لال جوڑے میں بہت ہی حسین لگ رہی تھی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اہم۔۔ہم۔۔اگر آپ دونوں نے ایک دوسرے کو دیکھ لیا ہو تو پکچر لے لیں۔۔؟؟فائز نے شرارت سے کہا۔۔

فائز۔۔یوسف صاحب نے فائز کو گھوری سے نوازا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

فائزاور زوہانے ابھی تک ایک دوسرے سے کوئی بات نہیں کی تھی۔۔۔

مناں۔۔یہ لو کیمرا پکچر لو ہم سب کی۔۔۔زوہانے مناں کو کیمرا دیتے ہوئے کہا۔۔۔

لیکن پھر میں کیسے آؤنگا؟؟؟

اچھا۔۔۔اب۔۔زوہا سوچنے لگی۔۔۔

لاؤمیں لے دیتی ہُوں پکچر تم جاؤ منہانے دونوں کو اسٹیج پر بھیجا۔۔

ایک کام کریں آپ بھی نہیں اپنے کزنز کے ساتھ میں لے لیتا ہوں آپ سب کی پکچر۔۔۔۔۔۔کسی نے منہا کے پیچھے سے کہا۔۔۔

آپ۔۔۔؟؟؟پھر یہاں۔۔؟؟منہانے حیرت سے دیکھا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

مجھے بعد میں پہچان لیجی ئے گا۔۔۔پہلے وہاں جائیں سب بلا رہے ہیں آپکو۔۔۔

منہا بھی سب کے ساتھ جا کے کھڑی ہو گئی۔۔۔اور پھر سب نے ہنستے ہوئے تصویریں بنوائیں۔۔۔

شکریہ۔۔۔منہا نے کیمرا واپس لیا۔۔۔

ارے بھائی آپ ابھی تک نہیں گئے ابو کب سے آپ کو بلا رہے ہیں۔۔۔۔عبیرہ نے کہا۔۔۔

بھائی؟؟؟منہا نے حیرت سے زین کو دیکھا۔۔۔

جی عبیرہ کا۔۔۔زین نے فوراً کہا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ہمم۔۔ منہا وہاں چلی گئی۔۔۔۔

کچھ دیر بعد زین منہا کو ڈھونڈتے ہوئے پھر اُسکے پاس پہنچ گیا۔۔۔

میں یہاں بیٹھ سکتا ہوں؟؟؟زین نے منہا سے پوچھا جو تھک کر چیئر پر بیٹھی ہوئی تھی۔۔۔

آپکی مرضی منع کونسا خریدی ہوئی ہے چیئر۔۔۔ منہا نے بنا دیکھے کہا سامنے۔۔۔

واہ۔۔۔زین مسکراتا ہوا بیٹھ گیا۔۔۔ منہا نے نظر اٹھا کر دیکھا تو اپنے آپ پر ملامت کر رہی تھی کیوں بولا بیٹھنے کا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

دیکھیں میں آپکا زیادہ ٹائم نہیں لوں گا۔۔۔مجھے آپ بہت اچھی لگنے لگی ہیں آپ سے شادی کرنا چاہتا ہوں اگر آپ کو کوئی اعتراض نہ ہو تو۔۔؟؟زین نے منہا کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔جبکہ منہا تو حیرت سے دیکھ رہی تھی۔۔۔

کیا۔۔۔؟؟؟اعتراض۔۔۔؟؟آپ کا دماغ تو ٹھیک ہے۔۔؟؟نہ میں آپکو جانتی نہ آپ مجھے؟؟؟دو دن میں کونسی محبّت ہو گئی؟؟؟منہا نے غصے سے کہا۔۔۔

دیکھیں پلیز غصّہ نہ کریں۔۔۔۔دیکھیں محبت تو کسی کو بھی ہو جاتی ہے نام پتا پوچھ کر تھوڑی ہوتی ہے۔۔۔۔ویسے میرا نام زین عباس ہے آپکا منہا رائٹ؟؟؟

جی۔۔لیکن میں آپ سے کوئی بات نہیں کر سکتی۔۔۔اس فیصلے کا حق میرے پرنٹس کے پاس ہے۔۔۔۔تو خدا حافظ۔۔۔پھر کبھی نہیں ملینگے۔۔۔۔منہا بولتی ہوئی وہاں سے بھاگی۔۔۔۔

زین عباس پیچھے کھڑا مسکراتا رہ گیا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

یار یہ طلال بھائی کے جوتے چاہیے۔۔۔کیا کریں۔۔۔زوہا دانت میں ناخن چباتے ہوئے سوچ رہی تھی۔۔۔

پتا نہیں تم سوچو خرافاتی دماغ چلاؤ اپنا۔۔۔منہا نے کہا۔۔۔

طلال بھائی چھپکلی آپ کے جوتے پر۔۔۔زوہا زور سے چلائی۔۔۔ازا فوراً ڈر کر پیچھے ہوئی۔۔۔

طلال پلیز اتاریں یہ جوتے۔۔۔۔ازا نے کہا۔۔۔

طلال نے جلدی سے جوتے اُتارے۔۔

کہاں گئی چھپکلی۔۔۔؟؟؟طلال نے زوہا کو دیکھا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

کہیں نہیں۔۔۔زوہا نے ہنستے ہوئے جوتے اٹھائے اور نکلی چھپکلی اٹھائی۔۔۔۔

چلیں اب پیسے دیں تبھی واپس ملینگے جوتے ورنہ آپ بنا جوتوں کے ہی گھر تک جاؤ گے۔۔۔منہا نے ہنستے ہوئے۔۔۔

یااللہ۔۔۔زوہا واپس کرو مجھے نہیں پسند یہ فضول رسمیں۔۔۔۔طلال نے سنجیدگی سے کہا۔۔۔

طلال غلط بات رسم ہے یہ۔۔۔شہناز بیگم نے کہا۔۔۔

پھپھو؟؟طلال نے اتنا ہی کہا پھر پیسے نکالنے لگا۔۔

بھائی کوئی بات نہیں آپ یہ والے جوتے پہن لیں۔۔۔منان اور فائز جوتے لے کے آگئے۔۔۔۔

فائز۔۔۔زوہا نے دانت پیسے۔۔۔پھر جلدی سے طلال کے ہاتھ سے پیسے چھین کر بھاگی۔۔

Posted on Kitab Nagri

یہ کبھی نہیں سدھر سکتی۔۔۔۔

---

السلام علیکم۔۔۔

وعلیکم السلام۔۔۔۔ازا نے طلال کے سلام کا جواب دیا۔۔

یہ تمہارے لیے لایا تھا طلال نے ایک بہت ہی خوبصورت رنگ ازا کو پہنائی۔۔۔

بہت اچھی ہے۔۔

Posted on Kitab Nagri

۔ہمم۔۔

طلال کی آنکھ کھلی تو فجر کی اذانیں ہو رہی تھیں۔۔۔طلال نے وضو کیا اور نماز پڑھنے کے لیے جائے نماز بچھائی۔۔۔

نماز سے فارغ ہوا تو اپنے پیچھے ازا کو سجدہ ریز ہوتے ہوئے دیکھا۔۔طلال کے چہرے کو ہلکی سے مسکان نے چھوا۔۔

ازا تیار ہو کر آئینے سامنے کھڑی سوچ رہی تھی چشمہ پہنے نہ پہنے۔۔۔

پہن لو اچھا لگتا ہے چشمہ تم پر۔۔۔طلال نے اپنے بال سیٹ کرتے ہوئے کہا۔۔۔

آپکو کیسے پتا چلا؟؟

Posted on Kitab Nagri

بس چل گیا۔۔۔خیر میں جارہاہُوں تم آجانا نیچے۔۔

جی۔۔۔ازانے چشمہ لگایا۔۔۔

آج ازااور طلال کی نئی زندگی کا آغاز ہوا تھا پورے گھر میں خوشیوں کا سماں تھا ہر دل خوشی سے جھوم رہا تھا۔۔۔

خوشی کے ساتھ دنیامیں ہزاروں غم بھی ہوتے ہیں

جہاں بجتی ہے شہنائی وہاں ماتم بھی ہوتے ہیں۔ ۔۔۔

سب ناشتہ کی ٹیبل پر جمع تھے۔۔اور ولیمہ کے بارے میں بات کررہے تھی۔۔

ویسے ولیمہ کچھ زیادہ ہی جلدی رکھ لیاہے آپ لوگوں نے۔۔۔فائزنے جوس کا گلاس رکھتے ہوئے کہا۔۔

Posted on Kitab Nagri

ہاں دراصل زوہا اور زاویار کا نکاح بھی ہے نہ اسلئے۔۔۔رضیہ بیگم نے کہا۔۔۔

ہمم۔۔۔ویسے مبارک ہو تم دونوں کو۔۔۔فائز نے زوہا کو دیکھتے ہوئے کہا۔۔

شکریہ۔۔۔زوہا نے کہا۔۔۔

ناشتہ کے بعد زاویار رضیہ بیگم کے پاس گیا۔۔۔

موم پلیز مجھے نہیں کرنی یہ شادی آپ سمجھ کیوں نہیں رہی ہیں۔۔۔۔

زاویار بس۔۔۔میں نے ایک بار بول دیا تو بول دیا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

لیکن۔۔۔موم میں کسی اور پسند کرتا ہوں۔۔۔پلیز۔۔۔آپ منع کر دیں خالہ کو۔۔۔زاویار نے التجا کرنے والے انداز میں کہا۔۔

کیا مطلب۔۔؟؟میں نے کہہ دیا نہ تمھاری شادی زوہا سے ہی ہو گی بھول جاؤ۔۔

آج زوہا کا نکاح تھا اور ازا کا ولیمہ سب خوش تھے سوائے ایک شخص کے۔۔وہ بھی خوش تھا لیکن صرف زوہا کے لیے۔۔۔

زوہا نکاح کے جوڑے میں بے حد پیاری لگ رہی تھی۔۔۔لیکن جتنی خوش وہ اپنے آپ کو ظاہر کر رہی تھی اتنی تھی نہیں۔۔۔

اسے ابھی اُمید تھی کہ کاش ایک بار فائز اُسے بول دے کہ مت کرو شادی وہ خوشی خوشی انکار کر دیتی۔۔۔لیکن قسمت کے ہاتھوں قسمت کے فیصلے منظور کر لئے تھے اسنے۔۔۔اس ایک ہفتے میں وہ جان چکی

Posted on Kitab Nagri

تھی اُسے کس قدر عادت ہو گئی تھی فائز کی لیکن بقول اُسکے فائز تو اس باکس والی لڑکی سے محبّت کرتا ہے۔۔۔ کیسے کہتی اُسے۔۔؟؟

سب بلکل تیار کھڑے ہال میں پہنچے تھے۔۔۔ آج سائرہ بیگم اور حیدر صاحب کی آنکھیں نم تھیں انکی دونوں لاڈلی بیٹیاں دلہن کے روپ میں بیٹھی تھیں۔۔۔ دونوں نے دل سے اللہ کا شکر ادا کیا۔۔۔

زوہا اور زاویار کا نکاح کچھ ہی دیر میں تھا مولوی صاحب کا انتظار تھا۔۔۔ زوہا بار بار پریشانی سے اپنے ہاتھ مسل رہی تھی۔۔۔ فائز کو جتنی ازیت آج محسوس ہو رہی تھی صرف وہی جانتا تھا یا اسکا خدا۔۔۔

آج فائز جو ہمیشہ چہرہ پر شرارتیں مسکراہٹ رکھتا ہے۔۔ آج اُسکے چہرہ پر صرف مصنوعی مسکراہٹ تھی۔۔ اُسکا دل رو رہا تھا۔۔۔ جسے بچپن سے چاہا تھا آج وہ ہمیشہ کے لیے اس۔۔۔سے دور جا رہی تھی۔۔...فائز تیزی سے بھاگتا ہوا باہر گیا۔۔۔

آنکھوں میں موٹے موٹے آنسو لیے کار ڈرائیو کرتے ہوئے کہیں جا رہا تھا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

فائز تم۔۔۔اس وقت۔۔۔؟؟ تبریز نے فائز کو دیکھا تو حیرانی سے پوچھا۔۔۔ جلدی سے فائز کو اندر بلایا۔۔۔

تبریز۔۔۔وہ آج ہمیشہ کے لیے دور ہو گئی مجھ سے۔۔۔ میں نہیں جی سکتا اب ایک بھی پل۔۔۔ ایک لمحہ بھی سانس لینا مشکل ہے میرے لیے۔۔۔ فائز ہچکیوں سے روتا ہوا بول رہا تھا۔۔ تبریز نے آج اُسے روکا نہیں تھا وہ چاہتا تھا کہ فائز کے دل بوجھ ہلکا ہو جائے۔۔۔

تمہیں پتا۔۔۔ہے۔۔ کتنی کتنی۔۔۔ تکلیف ہوتی ہے یہاں جب میں سوچتا ہوں وہ زوہا جو پورا دن صرف میرے بارے میں سازش کرتی ہے مجھے تنگ کرتی ہے۔۔۔ فائز نے اپنے دل پر انگلی رکھتے ہوئی کہا۔۔۔

۔۔۔اب کبھی نہیں کریگی۔۔۔ اب وہ کسی اور کی ہو گئی۔۔۔ تبریز میرا دل پھٹ جائیگا آج۔۔۔ وہ آج زاویار کے ساتھ نکاح کر رہی ہے۔۔۔ میں کیسے جیونگا اب۔۔۔؟؟ فائز کی آنکھوں سے مسلسل آنسو بہہ رہے تھے۔۔ اُسکا سانس بند ہوتا ہوا محسوس ہو رہا تھا۔۔۔ وہ فائز بیگ جو آج تک سب کو ہنساتا آیا تھا آج بچوں کی طرح گڑگڑا کے رو رہا تھا۔۔۔ جس نے کبھی رونا نہیں سیکھا تھا۔۔۔ ہر چیز میں مذاق خوشی کے بہانے ڈھونڈنے والا آج بے بس تھا۔۔

Posted on Kitab Nagri

تمہیں پتا ہے میں نے آج تک اللہ سے کچھ نہیں مانگا۔۔ صرف زوہا کو مانگا تھا۔۔ لیکن میں بہت بے بس ہو گیا ہُوں۔۔ میں جتنی دیر اُسے کسی اور کے دیے ہوئے نکاح کے جوڑے میں دیکھ رہا تھا مجھے ایسا لگ رہا تھا جیسے میری زندگی کی آخری سانس ہو۔۔۔۔۔ فائز بے اختیار سر جھکائے رو رہا تھا۔۔۔ اُسکا پورا چہرہ آنسو سے بھیگا ہوا تھا۔۔۔ آج اُسکا دل چاہ رہا تھا کہیں ایسی جگہ چلے جائے جہاں کوئی نہ ہو۔۔ بس وہ ہو اور زوہا کی یادیں۔۔۔۔۔

تبریز پانی لینے کچن میں گیا تھا واپس آیا تو دیکھا فائز غائب تھا۔۔۔

افف۔۔۔ یہ کہاں گیا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

طلال۔۔۔ طلال تم نے فائز کو دیکھا ہے۔۔؟؟ نعیمہ بیگم طلال کے پاس آئیں۔۔۔

نہیں امی کافی دیر سے غائب ہے پتا نہیں۔۔ کہاں ہے۔۔ میں جاتا ہوں باہر اُسے دیکھنے۔۔۔ طلال نے کہا۔۔۔ طلال کا موبائل رنگ ہوا۔۔

Posted on Kitab Nagri

تبریز؟؟ یہ کیوں کال کر رہا ہے۔۔؟؟ طلال نے فون اٹھایا۔۔۔

ہیلو طلال بھائی۔۔فائز۔۔۔وہ فائز ٹھیک نہیں ہے آپ ابھی گھر سے نکلیں میں فائز کے پیچھے جا رہا ہوں۔۔ آپ بھی آجائیں۔۔۔ تبریز نے گھبرائی ہوئی آواز سے کہا۔۔۔

لیکن وہ تمہاری طرف کیسے۔۔؟؟اور کیا ہوا اُسے۔۔؟؟

کچھ نہیں ہوا وہ بہت تیز ڈرائیونگ کر رہا ہے میں اسی کے پیچھے ہُوں آجائیں آپ یہاں۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ٹھیک ہے میں ابھی آیا۔۔۔طلال فون رکھتا ہوا بھاگا۔۔۔

فائز بے دھیان سڑک پر گاڑی چلا رہا تھا بار بار اُسکا فون رنگ کر رہا تھا لیکن آج اُسے کسی چیز ہوش نہیں تھا۔۔اُسکے ذہن میں زوہا کی یادیں اُسکی باتیں چل رہی تھیں۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

میں زوہا بیگ مسٹر فائز بیگ کو کھلے دل سے ریجیکٹ کرتی ہُوں ریجیکٹ کرتی ہوں ریجیکٹ کرتی ہوں۔۔۔۔

یہ بات سوچتے ہوئے اسنے کار کی سپیڈ مزید بڑھائی۔۔۔آنکھوں سے مسلسل آنسو موتی کی طرح ٹپک رہے تھی۔۔پورا چہرہ آنسوؤں سے تر تھا۔اُسکا ایک ایک لمحہ ازیت میں تھا سانس لینا جیسے بھول گیا ہو یا جینے کی خواہش ہی نہ ہو۔۔زبان پر ایک شکوہ تھا۔یا اللہ کیوں۔۔میرے ساتھ ہی یہ سب کیوں۔۔۔؟؟

وہ رش ڈرائیونگ کرتا ہوا مسلسل سوچوں میں گم تھا سڑک پوری طرح سے سنسان تھی ہر طرف اندھیرا تھا۔۔۔اچانک گاڑی کسی لمبے درخت سے ٹکرائی۔۔۔۔اُسکا سرا سٹیئرنگ وہیل پر لگا۔۔۔آنکھیں بند کرنے سے پہلے اُسے بس ایک ہی انسان کا چہرہ نظر آیا۔۔۔پھر۔آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا گیا۔۔اُسے کچھ خبر ہی نہیں تھی کہاں ہے وہ کیا ہوا ہے اُسکے ساتھ۔۔۔

سڑک پر سب اُسے دیکھتے ہوئے آگے بڑھے جو خون میں لت

پت پڑا تھا۔۔۔۔اُسکے جسم سے جان نکل رہی تھی۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ایک لمبی مسافت باقی ہے ابھی ناز۔۔💔

یہ سفر محض اتنا سا تو نہ تھا۔۔💔

اٹھاؤ اسے۔۔۔فوراً ہسپتال لے کے جانا پڑے گا۔۔۔۔ایک

آدمی نے اسے سہارا دیا۔۔۔

ہیلو۔۔۔۔۔

جی۔۔؟؟ازا نے فون اٹھایا۔۔۔

کسی نے فون پر ساری بات بتائی۔۔جسے سنتے ہی ازا کو جھٹکا لگا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

کیا۔۔۔؟؟ازا کے ہاتھوں سے فوراً فون نیچے گرا۔۔۔

کیاہوا ازا۔۔۔۔سب ازا کی طرف متوجہ تھے۔۔۔

امی وہ۔۔۔و۔طلا۔۔ازا کی زبان سے لفظ ادا نہیں ہو رہے تھے آنسو بے اختیار نکل رہے تھے۔۔ازا کے اندر کھڑے رہنے کی سکت نہیں تھی وہ نیچے گر پڑی۔۔۔۔

&__&__________&&&&&&______________

ہٹو یہاں سے پیچھے ہٹو۔۔۔۔طلال نے سب کو پیچھے ہٹایا جلدی سے فائز کو کار میں بٹھایا اور تیز سپیڈ سے گاڑی چلائی۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

فائز پلیز آنکھیں کھولو۔۔۔کچھ نہیں ہو گا تمہیں۔۔۔فائز میں ہوں نہ۔۔تمہارا بھائی۔۔۔۔طلال پریشانی کے عالم میں بار بار فائز سے بولتا ہوا گاڑی چلا رہا تھا جبکہ تبریز فائز کو سنبھالے بیٹھا تھا۔۔

طلال میں نے گھر پر انفارم کر دیا ہے۔۔تبریز نے کہا۔۔

۔ہمم۔۔۔طلال بس سپیڈ سے گاڑی چلا رہا تھا اپنے بھائی کی حالات اس سے دیکھی نہیں جا رہی تھی۔

یہ اتنا شور کیوں ہو رہا ہے۔۔؟؟زوہا نے زاویار سے کہا دونوں زوہا کے کمرے میں تھے۔۔۔

چلو دیکھتے ہیں۔۔۔۔دونوں ایک ساتھ کمرے سے باہر نکلے۔۔۔

ازا کو کچھ منٹ میں ہی ہوش آیا سب گھر والوں کو

اپنے قریب دیکھا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ازا کیا ہوا تھا؟؟کس کا فون تھا؟؟

وہ۔۔۔طلال۔۔۔۔۔۔وہ۔۔فائز کے پاس ہیں۔۔۔

فائز کا۔۔۔بہت۔۔۔۔برا ایکسڈنٹ۔۔۔ہوا ہے۔ ازا نے ہچکیاں لیتے ہوئے کہا۔۔۔۔وہ ہسپتال جا رہے ہیں۔وہاں موجود ہر شخص کو حیرت کا جھٹکا لگا تھا۔۔۔ابھی جس گھر میں خوشیاں منائی جا رہی تھیں اچانک سب بدل گیا تھا ہر کوئی آنسو بہا رہا تھا۔۔۔

نانی ریلیکس سنبھالیں اپنے آپ کو۔۔۔منہا نے بلقیس بیگم کو سنبھالا۔۔۔۔

ہمدان جلدی سے گاڑی نکالو۔۔۔۔یوسف صاحب انتہائی گھبرائی ہوئی حالت میں تھے۔۔۔جلدی سے گاڑی نکالی پھر ہسپتال کیلئے نکلے۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

نائلہ گھر میں سب کا دھیان رکھنا میں بھابھی کے ساتھ جاتی ہُوں اُنہیں ضرورت ہے میری۔۔۔سائرہ بیگم بولتی ہوئیں جلدی سے بھاگیں۔۔۔۔

زوہا سارے مہمانوں کے بیچ میں سے گزرتی ہوئی گاڑی میں بیٹھ گئی۔۔۔اُسکا بس نہیں چل رہا تھا اُڑ کے پہنچ جائے۔۔۔

تبریز مجھے بتاؤ کیا ہوا تھا فائز کو اتنی تیز ڈرائیونگ کیوں تمہارے پاس آیا تھا وہ کیا ہوا تھا اُسے۔۔۔بتاؤ۔۔۔مجھے۔۔۔۔طلال مسلسل روتے ہوئے تبریز سے پوچھ رہا تھا۔۔۔تبریز کی ہمت نہیں پڑ رہی تھی کیسے بتائے۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تبریز بولو۔۔۔طلال نے زور دے کر کہا۔۔۔

وہ۔۔۔۔تبریز نے طلال کو سب سچ بتا دیا۔۔۔جسے سنتے ہی طلال اپنے آپکو ملامت کر رہا تھا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

میں نے آج تک اُسکے دل میں جھانک کر نہیں دیکھا۔۔وہ کیسے ہمیشہ میرے دل کی باتیں جان لیتا تھا۔۔۔میں نے کبھی اُس سے بڑا بھائی بن کے بات نہیں کی کبھی معلوم نہیں کیا اُسکے دل کا حال۔۔۔میں بہت برا ہُوں۔۔۔بہت برا۔۔۔کاش۔۔۔یہ سب نہ ہوتا وہ میرے پاس آیا ہوتا۔۔۔۔طلال روتے روتے زمین پر بیٹھ گیا تھا سر ہاتھوں میں لیے۔۔۔زور زور سے اپنے آپ کو ملامت کر رہا تھا۔۔۔فائز نے ہمیشہ بھائی ہونے کا حق ادا کیا۔۔۔میں نہیں کر پایا۔۔۔۔۔

سب ہسپتال میں کھڑے انتظار کر رہے تھے کب ڈاکٹر باہر آئے۔۔۔

سب کے ہاتھ اللہ کی بارگاہ میں اٹھے تھے فائز کے لیے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ڈاکٹر۔۔۔۔ڈاکٹر۔ کیسا ہے فائز؟؟؟۔۔ جیسے ہی ڈاکٹر باہر آئے سب انکے ارد گرد جمع ہو گئے تھے۔۔۔

دیکھیے خون کافی بہہ چکا ہے۔۔ مریض کی حالت بہت نازک ہے اور دماغ پر زخم کافی گہرا ہے جسکی کی وجہ سے انہیں ہوش نہیں آرہا۔۔۔ابھی کچھ بھی کہنا مشکل ہے۔۔ مریض کوما میں بھی جا سکتا ہے اگلے چوبیس گھنٹے بہت اہم ہیں ورنہ۔۔۔۔بس دعا کریں اللہ سے۔۔۔ڈاکٹر نے نہایت افسردگی سے کہا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

زوہانے اتناسنا تھا کہ اُسکی ہمت جواب دے گئی تھی۔۔۔آنسو بے اختیار آنکھ سے نکلے تھے۔۔فائز کی خون میں لت پت حالت اس سے دیکھی نہیں جارہی۔۔۔ڈاکٹر کے الفاظ اسکے کانوں میں گونج رہے تھے۔۔

بس دعا کریں اللہ سے۔۔۔۔۔۔اُسے اپنی کہی باتیں یاد آرہی تھیں۔۔۔۔

تمھاری تو آخری خواہش ہی یہی ہو گی کہ میں مر جاؤں۔۔۔۔

نہیں آخری خواہش تو سب کرتے ہیں میری پہلی خواہش ہی یہی ہے۔۔۔زوہاسب باتیں یاد کررہی تھی۔۔۔اپنے آپ پر اپنی کہی باتوں پر شدید غصّہ آرہاتھا۔۔۔خوف تھا آنکھوں میں فائز کا ہمیشہ کیلئے دور جانے کا۔۔۔وہ وہیں کھڑی کھڑی بیہوش ہو گئی تھی۔۔

زوہا۔۔۔سائرہ بیگم نے کو دیکھا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

نعیمہ بیگم کی رورو کے حالت بری ہو رہی تھی۔۔۔

بھابھی سنبھالیں خود کو۔۔۔سب ٹھیک ہو جائے گا۔۔اللہ پر بھروسہ رکھیں۔۔۔شہناز بیگم نے تسلی دی۔۔۔

طلال زاویار سب کو گھر لے کر جاؤ۔۔ہم ہیں یہاں۔۔۔یوسف صاحب نے گھر کی سب عورتوں کی حالت دیکھ کر کہا۔۔۔دل انکا بھی پھٹا جا رہا تھا لیکن اُنہیں ہمت کرنی تھی۔۔۔

---

۔۔سب گھر پہنچ چکے تھے۔۔ازا نے زوہا کو دیکھا جو سن کھڑی تھی۔۔۔سب کے دل رو رہے تھے آج۔۔۔

تم اندر چلو بتاتی ہوں۔۔۔سائرہ بیگم نے کہا۔۔۔نعیمہ کی حالت رو رو کے بہت خراب ہو چکی تھی۔۔۔نائلہ بیگم اور سائرہ بیگم اُنہیں لے کر کمرے میں گئے۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

میرے بیٹے نے کیا برا کیا تھا کسی کے ساتھ وہ تو ہمیشہ ہنستا مسکراتا سب کو خوش رکھتا تھا۔۔نعیمہ بیگم روتے روتے کہہ رہی تھیں۔۔۔۔۔

تائی جان پانی۔۔۔ازا نے پانی دیا۔۔۔

بھابھی۔۔۔اللہ پر بھروسہ رکھیں۔۔۔وہ اپنے بندوں کو آزماتا ہے آپ صبر سے کام لیں ان شاء اللہ ہمارا فائز جلد ہی ٹھیک ہو جائے گا۔۔۔سائرہ بیگم نے نعیمہ بیگم کے کندھوں پر ہاتھ رکھ کر انہیں تسلی دی۔۔۔

سائرہ فائز کیسا ہے۔۔؟؟رضیہ بیگم نے پوچھا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بس آپا۔۔آپ بھی دعائیں کریں اللہ سب بہتر کرے اُسکی حالت بہت خراب ہے۔۔۔سائرہ بیگم نے افسردگی سے کہا۔۔۔

مجھے بھی لے کے چلو کوئی میرے پوتے کے پاس۔۔۔دادی جان روتے ہوئے کہا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

دادی جان صبر رکھیں۔۔۔اللہ سب بہتر کرے گا۔۔۔

اگر اللہ تمہیں کسی تکلیف میں پکڑ لے تو اس کے سوا کوئی نہیں جو اس کو دور کر سکے اور اگر تمہارے لیے کوئی بھلائی چاہے تو اس کے فضل کو روکنے والا کوئی نہیں ہے۔وہ اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتا ہے نواز تا ہے اور وہ بخشنے والا، بڑا رحم فرمانے والا ہے۔۔۔

یونس۔۔۱۰۷

---

منان۔۔۔تم۔۔۔منہا نے منان کو دیکھا جو ایک کونے میں بیٹھا سب سے چھپ کر رو رہا تھا۔۔۔

فائز۔۔بھائی ٹھیک ہو جائینگے نہ؟؟؟منان نے اپنا سر اوپر کیا چہرہ آنسو سے بھیگا ہوا تھا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

منان روتے نہیں ہیں۔۔فائز بلکل ٹھیک ہو جائے گا تم اللہ سے دعا کرو رو کر وقت برباد نہ کرو۔۔۔جاؤ شاباش وضو بناؤ دعا کرو بھائی کے لیے۔۔۔۔منہا نے پیار سے سمجھایا۔۔۔

طلال اپنے کمرے میں گیا کچھ ضروری سامان لینے پھر واپس ہسپتال جانا تھا۔۔

طلال۔۔۔ازا نے طلال کو پکارا۔۔

ہاں۔۔۔طلال کی آنکھیں رو رو کے سرخ ہو گئیں تھی۔۔۔لیکن سب کے سامنے وہ مضبوط رہا تھا۔۔

فائز۔۔۔یہ۔۔سب کیسے ہوا۔۔؟؟

یہ سب۔۔۔یہ۔۔سب۔۔زوہا کی وجہ سے ہوا ہے۔۔وہ محبّت کرتا تھا اس سے لیکن۔۔۔۔۔۔۔۔وہ اسے زاویار کے ساتھ برداشت نہیں کر پایا۔۔۔ازا۔۔۔سب زوہا کی وجہ سے ہوا اسی کی وجہ سے یہ حالت ہوئی ہے

Posted on Kitab Nagri

میرے بھائی کی۔۔۔۔طلال غصے سے بولا تھا۔۔۔ازا حیرت سے دیکھ رہی تھی کہ طلال کیسے ہر بات کے لیے زوہا کو بلیم کر رہا تھا۔۔۔۔۔

طلال یہ صرف ایک حادثہ تھا۔۔۔۔ آپ اللہ پر یقین کریں۔۔۔بیشک ہر مشکل کے بعد آسانی ہے۔۔۔ازا نے طلال کے کندھے پر ہاتھ رکھا۔۔۔

طلال۔۔۔کہاں جا رہے ہیں۔۔۔طلال اپنے آنسو پوچھتا ہوا زوہا کے کمرے کی طرف بھاگا۔۔۔اس سے پوچھنے اس پر اپنا غصّہ نکالنے۔۔۔۔۔

یا اللہ۔۔میں نے آج تک تُجھ سے کچھ نہیں مانگا۔۔۔ آج مانگنا چاہتی ہوں۔۔اپنی زندگی مانگنا چاہتی ہوں۔۔۔یا اللہ میں مر جاؤں گی۔۔۔ مجھ میں اور ہمت نہیں ہے اُسے ایسے دیکھنے کی۔۔۔ اللہ جی میں آپ سے بھیک مانگتی ہُوں فائز کو ٹھیک کر دیں اللہ جی۔۔۔اُسے ٹھیک کر دیں۔میری ساری زندگی اسے دے دیں۔۔۔ایک ایک لمحہ کتنی اذیت ہو رہی ہے مجھے یا اللہ تو میرے دل کے حال سے واقف ہے۔۔۔۔زوہا کی آنکھوں سے مسلسل زور و قطار آنسو بہہ رہے تھے وہ جائے نماز پر بیٹھی اللہ سے فائز کی زندگی کی بھیک مانگ رہی تھی۔۔

Posted on Kitab Nagri

میں کسی کو تنگ نہیں کرونگی اب اللہ جی۔۔۔میں ہمیشہ فائز کی بھی ہر بات مانو گی۔۔۔اللہ جی ایک بار اسے ٹھیک کر دیں۔۔۔۔

۔۔ہمیشہ ہنسنے کھیلنے والی آج بچوں کی طرح رو رہی تھی اللہ کے سامنے گڑگڑا رہی تھی۔۔۔

طلال دروازے پر ہی کھڑا رہ گیا تھا اندر جانے کے لئے ہمت باقی نہیں تھی۔اس پہلی بار زوہا کو یوں روتے ہوئے دیکھا تھا۔۔۔اب زوہا کی حالت دیکھ کر اُسے یقین ہو گیا تھا جو محبّت اُن دونوں نے ایک دوسرے سے کی تھی ۔۔وہ شاید طلال نے بھی نہیں کی تھی۔۔۔طلال واپس چلا گیا تھا۔۔۔

---

چوبیس گھنٹے گزر چکے تھے پر فائز کی حالت میں کوئی بہتری نہیں تھی ڈاکٹرز نے بھی اُمید چھوڑ دی تھی۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

زوہافائز کے کمرے میں بار بار جاتی۔۔۔پورا گھر جس میں خوشیاں منائی جارہی تھی اچانک ایک خاموشی چھاگئی تھی۔۔۔

بہت ہمت کے بعد زوہانے وہ باکس کھولا تھا۔۔جسے کھولتے ہی آنسو بے اختیار ٹپکے تھے۔۔۔زوہانے آہستہ سے اس میں سے چیزیں نکالنا شروع کیا۔۔۔جس میں زوہا کے دو سکیچ پڑے تھے۔۔۔جس میں زوہافائز کو دانت دکھا رہی تھی۔۔۔فائز کو سب نے کتنا کہا تھا کہ میرے فیس کی سکیچنگ کرو۔۔لیکن اس نے کبھی کسی کے چہرے کو نہیں بنایا تھا۔۔۔سوائے زوہا کے۔۔۔۔زوہا کو تو یہ بھی سمجھ نہیں آرہا تھا یہ سب دیکھ کہ مسکرائے یا روئے۔۔

پھر زوہانے ڈائری اٹھائی۔۔جس پر بڑا بڑا لکھا تھا ڈانٹ ٹچ۔۔۔زوہانے پہلا پیج کھولا تو اس پر فائز نے بڑا بڑا اپنا نام لکھا تھا زوہا کو یہ بات ہمیشہ سے پتا تھی فائز کو اُسکا نام اتنا پسند تھا فارغ بیٹھا اپنا نام لکھتا تھا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

لیکن جیسے جیسے زوہا مزید صفحے پلٹتی گئی۔آنکھیں حیرانی سے پھٹی رہ گئیں۔۔فائز نے ڈائری لکھنا جب شروع کیا تھا جب وہ صرف نو سال کا تھا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ڈیر مائی سیلف۔۔۔۔۔۔آج میری زوہا سے پھر لڑائی ہوئی۔۔۔میرے سارے کلر خراب کر دیے۔۔۔اور کتنا ہنس رہی تھی۔۔۔طلال بھائی سے بھی ڈانٹ پڑوائی۔۔۔لیکن ہنستی ہوئی کتنی پیاری لگتی ہے۔۔۔۔۔

زوہا نے مزید پیج پلٹا۔۔۔

دن۔۔۔پیر۔۔۔ٹائم۔۔۔بارہ۔۔۔

افف۔۔۔ڈائری تم سوچ رہی ہو گی میں جان کر کے زوہا سے پنگا لیتا ہوں پھر وہ مجھے تنگ کرتی ہے۔۔۔دراصل میں نہ سب جان کر کے کرتا ہوں۔۔۔میں چاہتا ہوں بس وہ ہمیشہ میرے بارے میں سوچے۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

زوہا ڈائری پڑھ رہی تھی آنسو بے اختیار نکل رہے تھے اُسے کبھی احساس بھی نہیں ہوا تھا فائز جب سے اسے پسند کرتا ہے اُسے اس لفظ کے معنی بھی نہیں پتا تھے۔۔۔

جولائی۔۔۔دن منگل۔۔۔ٹائم۔۔۔دس بج کر تین منٹ۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ہاہاہا۔۔کتنا مزا آیا آج چڑیل کی شکل دیکھنے والی تھی غصے میں کتنی پیاری لگ رہی تھی۔۔۔جب میں نے پاگل لکھ دیا تھا اُسکے چہرے پر میری ڈانٹ پڑوائی تھی طلال بھائی سے ہونہہ۔۔۔ آگے ہنسنے والی شکلیں بنائی تھیں فائز نے۔۔

جولائی۔۔۔دن بدھ۔۔۔ٹائم۔۔۔بارہ بج کے دس منٹ۔۔۔

مجھے بہت دکھ ہے آج غلطی سے پھوپو کا ڈریس جلا دیا چڑیل کا سمجھ کر کتنی ڈانٹ پڑی ہوگی میری وجہ سے۔۔۔خیر اچھا ہے اب پورا دن سوچتی رہے گی میرے ساتھ کیا کرنا ہے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جولائی۔۔۔دن جمعہ۔۔۔ٹائم سوا نو۔۔۔۔

افف۔۔۔زوہا تم نے بلکل اچھا نہیں کیا میری ویڈیو وائرل کر کے۔۔۔اب دیکھو کیا کرونگا میں۔۔۔انتظار کرو۔۔میرے برتھڈے پر اپنی پسند چیزیں۔۔۔ہونہہ۔۔۔چڑیل۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

پتا ہے میں نے کیاوش کی تھی ڈائری۔۔۔میں نے اللہ سے سکون طلب کیا تھا۔۔۔۔جو ہمیشہ چڑیل کو دیکھ کر ملتا تھا۔۔۔

زوہا جیسے جیسے صفحہ پلٹتی اس میں زیادہ تر زوہا کی باتیں ہوتیں۔۔۔۔فائز پوری ڈائری میں شاید یہی سب لکھتا تھا ۔۔۔۔

انکی ساری شرارتیں نوک جھونک۔۔۔جسے پڑھ کے کسی بھی انسان کو بے حد ہنسی آتی۔انکے سارے قہقے جیسے پڑھنے والوں کو سنائی دیتے۔۔۔۔۔لیکن زوہا جیسے جیسے پڑھ رہی تھی آنکھوں سے صرف آنسو نکل رہے تھے۔۔۔زوہا کی آنکھ سے آنسو ٹپک کر ڈائری پر گرا تھا۔۔۔

لیکن جب قہقے لگانے والے ہر پل پل ہنسنے مسکرانے والے خاموش ہو جائیں تو اُن قہقوں کا نچوڑ صرف آنسو ہوتے ہیں۔۔💔۔

Posted on Kitab Nagri

زوہانے ہمت کر مزید صفحہ پلٹا۔۔۔۔

اللہ جی۔۔۔دادی نے آج پوچھا تھامیں زوہا سے شادی کے لیے ہاں کرنا چاہتا تھامیں نے ہمیشہ اس سے پاک محبّت تھی کسی سے نہیں کہا کبھی۔۔۔کیوں کہ میں اپنی وجہ سے زوہا کا مقام خراب نہیں کر سکتا تھا۔۔۔اس سے نکاح کرنا چاہتا تھا۔۔۔لیکن آج اس نے صاف صاف انکار کر دیا۔۔۔پتا نہیں کیوں پر غصّہ آگیا تھا اسلئے بول دیا میں نے سب۔۔۔بس اللہ جی لاہور سے واپس آکر اس سے بات کرونگا۔۔۔

ہوئی تاخیر،تو کچھ باعثِ تاخیر بھی تھا۔ ۔۔

آپ آتے تھے مگر کوئی عناں گیر بھی تھا۔ ۔

زوہانے جیسے ہی یہ پڑھا۔۔۔اُسکی ہمت جواب دے گئی تھی۔۔۔۔لیکن آگے پیج پر نظر پڑی۔۔۔۔

آج نکاح ہے اُسکا اللہ جی۔۔۔خوش رکھنا اُسے۔۔۔بہت خوش ہو گی وہ۔۔۔ابھی دیکھ کر آ رہا ہُوں اُسے۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

یہ سب میری وجہ سے ہوا ہے۔۔۔۔۔۔فائز بیگ کی اس حالت کی ذمے دار صرف زوہا بیگ ہے۔۔۔صرف زوہا۔۔۔زوہا نے اپنے آنسو صاف کیے اور سب کچھ واپس بند کر کے رکھ دیا۔۔۔

آج زوہا بیگ کو صحیح معنوں میں احساس ہوا تھا۔۔۔فائز بیگ کی چاہت کا۔۔۔

سب کچھ سمیٹ کر ایک بار پھر زوہا اللہ کی بارگاہ میں ہاتھ اٹھائے بیٹھی تھی۔۔۔۔بیشک اللہ انسان کو آزمائشوں سے نوازتا ہے تو انسان اللہ کے اور قریب ہو جاتا ہے کیوں وہ جانتا ہے پھر اللہ ہی کی طرف لوٹنے والے ہیں۔۔۔پوری دنیا میں اسی کا راج ہے۔۔وہ صرف کن کہتا ہے اور کام ہو جاتا ہے۔

---

طلال بھائی مجھے بھی جانا ہے۔۔۔زوہا بھاگتی ہوئی سر پر چادر لے کے باہر آئی۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

زوہا تمھاری طبیعت ٹھیک نہیں ہے کل سے کچھ نہیں کھایا تم نے۔۔۔ازا نے کہا۔۔۔۔

نہیں میں نے کہہ دیانا۔۔۔۔

طلال نے ازا کو اشارہ کیا کیسے ہاں کہہ رہا ہو۔۔۔۔

کچھ دیر بعد سب ہسپتال میں تھے۔۔۔فائز کو ابھی تک ہوش نہیں آیا تھا۔۔۔زوہا آہستہ قدم بڑھاتی ہوئی دروازے کے پاس ہے ایک جھلک دیکھنے فائز کی۔۔۔ایسا لگ رہا تھا فائز کی آنکھوں میں انتظار تھا۔۔

یوسف صاحب بے حال دو دن سے فائز لیے دعائیں ہی کر رہے تھے۔۔۔فرید ہمدان اور حیدر صاحب مسلسل اُنہیں تسلیاں دے رہے تھے اس کے علاوہ تو وہ بھی کچھ نہیں کر سکتے تھے۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

آئی ایم سوری۔۔۔۔بہت کوشش کی پیشنٹ کو بچانے کے لیکن کسی قسم کا رسپانس نہیں ملا تھا۔۔جو اللہ چاہے اُسکی امانت تھی۔۔وہی لینا والا ہے۔باقی۔۔ڈاکٹر صاحب فائز کو آپریٹ کر باہر نکلے۔۔۔کتنا مشکل ہوتا ہے ڈاکٹر کے منہ سے کسی اپنے کے لئے یہ الفاظ سننا۔۔۔۔

جیسے ہی سب نے اتنا سنا تھا سب وہیں کھڑے منجمد ہو گئے تھے۔۔۔جیسے پیروں تلے زمین کھینچ لی ہو۔۔۔

آئی ایم سوری۔۔۔۔زوہا کے ذہن میں انکے الفاظ گردش کر رہے تھے۔۔۔۔

نہیں کچھ نہیں ہو سکتا فائز کو۔۔۔میں نے اللہ سے کہا تھا اُسے کچھ نہیں کر سکتے وہ۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

زوہا۔۔ازا نے روتے ہوئے زوہا کے کندھوں پر ہاتھ رکھا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

آج دو ہفتے گزر چکے تھے فائز کے ساتھ ہوئے حادثے کو۔۔سب اپنی روٹین پر واپس آ رہے تھے لیکن ایک کمی تھی جیسے شاید کوئی پورا نہیں کر سکتا تھا۔۔

زوہا کیوں اتنی چپ ہو؟؟ کچھ تو بولو؟؟؟ ازا اور منہا زوہا پاس بیٹھی تھیں جو اب بلکل خاموش ہو گئی تھی۔۔ آج بھی وہ فائز کے ساتھ ہوئے حادثے کی وجہ خود کو مانتی تھی۔۔

جب اتنا ہنسنے مسکرانے والے اچانک خاموش ہو جائیں تو بہت ڈر لگتا ہے۔۔انکے اندر ایک خاموشی طوفان ہوتا ہے۔۔

زوہا ہر روز آہستہ قدموں کے ساتھ فائز کے کمرے میں جاتی۔۔کمرے کی خاموشی میں بہت سے قہقہے قید تھے جو کبھی وہ دونوں لگایا کرتے تھے۔۔۔ آج وہ کمرہ خاموشی کا منظر پیش کر رہا تھا۔۔۔

تمھاری یاد کے جب زخم بھرنے لگتے ہیں۔ ۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted on Kitab Nagri

کسی بہانے تمہیں یاد کرنے لگتے ہیں۔۔۔💔۔۔۔

سائرہ زوہا کے بارے میں کیا سوچا ہے۔۔۔؟؟ایسا کب تک چلیگا۔۔؟؟دادی جان سائرہ بیگم سے مخاطب تھیں۔۔۔

امی کیا کروں۔۔؟؟مانتی کہاں ہے وہ ورنہ میں تو یہی کہہ رہی تھی کے سادگی سے کر دیتے ہیں۔۔سائرہ بیگم نے افسوس سے کہا۔۔۔۔

کوئی نہیں بچی کو وقت دو سب اچھا ہو گا۔۔۔۔رضیہ بیگم نے کہا۔۔

آج دو ہفتے گزر چکے تھے فائز کے ساتھ ہوئے حادثے کو۔۔سب اپنی روٹین پر واپس آرہے تھے لیکن ایک کمی تھی جیسے شاید کوئی پورا نہیں کر سکتا تھا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

زوہا کیوں اتنی چپ ہو؟؟ کچھ تو بولو؟؟؟ ازا اور منہا زوہا پاس بیٹھی تھیں جواب بلکل خاموش ہو گئی تھی۔۔۔ آج بھی وہ فائز کے ساتھ ہوئے حادثے کی وجہ خود کو مانتی تھی۔۔۔

جب اتنا ہنسنے مسکرانے والے اچانک خاموش ہو جائیں تو بہت ڈر لگتا ہے۔۔۔ انکے اندر ایک خاموشی طوفان ہوتا ہے۔۔۔

زوہا ہر روز آہستہ قدموں کے ساتھ فائز کے کمرے میں جاتی۔۔۔ کمرے کی خاموشی میں بہت سے قہقے قید تھے جو کبھی وہ دونوں لگایا کرتے تھے۔۔۔ آج وہ کمرہ خاموشی کا منظر پیش کر رہا تھا۔۔۔

تمھاری یاد کے جب زخم بھرنے لگتے ہیں۔۔

کسی بہانے تمہیں یاد کرنے لگتے ہیں۔۔۔💔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

سائرہ زوہا کے بارے میں کیا سوچا ہے۔۔۔؟؟ایسا کب تک چلیگا۔۔؟؟دادی جان سائرہ بیگم سے مخاطب تھیں۔۔۔

امی کیا کروں۔۔؟؟مانتی کہاں ہے وہ ورنہ میں تو یہی کہہ رہی تھی کے سادگی سے کر دیتے ہیں۔۔سائرہ بیگم نے افسوس سے کہا۔۔۔۔

کوئی نہیں بچی کو وقت دو سب اچھا ہو گا۔۔۔۔رضیہ بیگم نے کہا۔۔۔

ان شاءاللہ۔۔۔۔۔

زوہا خاموشی سے فائز کے کمرے کا جائزہ لے رہی تھی۔۔اِدھر اُدھر نظریں دوڑا رہی تھی۔۔۔لیکن فائز کہیں نہیں تھا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

تم؟؟؟تم یہاں کررہی ہو؟؟؟فائز لڑکھڑاتے قدموں سے ہاتھ سر پر رکھے باہر نکلا تھا۔۔۔اور زوہا پر چیخا تھا۔۔۔

کک۔۔کچھ۔۔۔نہیں۔۔۔دیکھنے آئی تھی تمہیں۔۔۔۔۔زوہا نے گھبراتے ہوئے کہا۔۔فائز کو ہسپتال سے گھر آئے ہوئے صرف دو ہی دن ہوئے تھے اور ابھی اُسے پوری طرح سے ریسٹ کرنے کا کہا گیا۔ تھا کسی قسم کا اسٹریس نہ دینے کا۔۔۔فائز نے زوہا سے کوئی بات نہیں کی تھی۔۔۔ جس کی وجہ سے زوہا بہت اُداس تھی۔۔۔

دیکھ لیا؟؟؟اب جاؤ۔۔۔فائز نے دروازے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے سنجیدگی سے کہا۔۔۔

کیا ہوا تمہیں؟؟مجھ سے ٹھیک سے بات کیوں نہیں کرتے؟؟زوہا نے آنکھوں میں نمی لیے پوچھا۔۔

میں تمہارے فضول سوالات کے جواب دینے کا پابند نہیں ہُوں برائے مہربانی مجھے آرام کرنے دو۔۔۔فائز نے غصے سے بولتے ہوئے زوہا کو باہر نکال کر دروازہ بند کیا۔۔۔

دو ہفتوں پہلے۔۔۔۔۔✿ ۔۔۔ ❁

Posted on Kitab Nagri

آئی ایم سوری۔۔۔۔بہت کوشش کی پیشنٹ کو بچانے کے لیکن کسی قسم کا رسپانس نہیں ملا تھا۔۔جو اللہ چاہے اُسکی امانت تھی۔۔وہی لینا والا ہے۔باقی۔۔ڈاکٹر صاحب فائز کو آپریٹ کر باہر نکلے۔۔۔کتنا مشکل ہوتا ہے ڈاکٹر کے منہ سے کسی اپنے کے لئے یہ الفاظ سننا۔۔۔۔

جیسے ہی سب نے اتنا سنا تھا سب وہیں کھڑے منجمد ہو گئے تھے۔۔۔جیسے پیروں تلے زمین کھینچ لی ہو۔۔۔

آئی ایم سوری۔۔۔۔زوہا کے ذہن میں انکے الفاظ گردش کر رہے تھے۔۔۔۔

نہیں کچھ نہیں ہو سکتا فائز کو۔۔۔میں نے اللہ سے کہا تھا اُسے کچھ نہیں کر سکتے وہ۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

زوہا۔۔۔ازا نے روتے ہوئے زوہا کے کندھوں پر ہاتھ رکھا۔

زوہا بھاگتی ہوئی فائز کے پاس گئی۔۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

نرس۔۔۔دیکھیں انہیں۔۔۔ڈاکٹر صاحب نے نرس کو زوہا پیچھے بھیجا۔۔۔۔

دیکھیں باقی یہ کہ اللہ ہی زندگی دینے والا اور لینے والا ہم اُنہیں ابھی وینٹی لیٹر پر شفٹ کر دیا ہے آپ لوگ دعا کریں۔۔۔ڈاکٹر صاحب نے اتنا ہی کہا تو زوہا اور نرس بھاگتی ہوئیں باہر آئیں۔۔۔۔۔

ڈاکٹر مریض نے رسپانس کیا ہے ہاتھ ہلانے کی کوشش کی ہے۔۔۔نرس نے کہا۔۔ سب نے اللہ کا شکر ادا کیا اور اب اُمید کی کرن نظر آئی تھی وہاں سب کو۔۔۔

دیکھا میں نے کہا تھا ازا۔۔۔کچھ نہیں ہو گا اُسے۔۔۔اللہ تعالیٰ اسے بچا لینگے۔۔۔۔زوہا نے اپنے آنسو پوچھتے ہوئے کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

زاویار بیٹا ان دونوں کو گھر لے جاؤ اور سب کو بتا دو۔۔۔حیدر صاحب نے زاویار سے کہا۔۔۔

جی۔۔۔میں جاتا ہوں۔۔۔۔چلو ازا زوہا۔۔۔

---

Posted on Kitab Nagri

زوہا۔۔؟؟ کیا ہوا ہے تمہیں؟؟ فائز بھی گھر آچکا ہے تو؟؟ کیوں ہوا اتنی خاموش پورا گھر اُداس لگتا ہے تم دونوں پہلے کی طرح کیوں نہیں ہو جاتے؟؟؟ ازا نے زوہا سے کہا جو آج پھر فائز کے کمرے سے اُداس ہو کر نکلی تھی۔۔۔

ہاہاہا۔۔پہلے جیسے؟؟؟؟؟ نہیں ازا نہیں اب کچھ پہلے جیسا نہیں ہو سکتا۔۔فائز میری طرف دیکھنا بھی گوارا نہیں کرتا۔۔زوہا نے کہا۔۔

طلال آپ۔۔آ گئے۔۔ازا نے طلال کو دیکھا جو پیچھے ہی کھڑا تھا۔۔

ہاں میں کمرے میں جا رہا ہوں چائے لا دو بہت درد ہے سر میں۔۔۔طلال نے سر پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہا۔۔

جی آپ جائیں میں آتی ہوں۔۔۔ازا نے کہا پھر کچن طرف بڑھ گئی۔۔۔

طلال۔۔۔آپکی چائے۔۔۔

شکریہ۔۔۔

زوہا کو کیا ہوا ہے؟؟ طلال نے پوچھا۔۔

کچھ نہیں بہت خاموش ہو گئی ہے نہ کچھ بولتی ہے ہنستی ہے۔۔فائز نے ابھی تک اس بات نہیں کی۔۔

Posted on Kitab Nagri

مجھے بھی سمجھ نہیں آرہی آخر فائز کو ہوا کیا ہے۔۔۔ابھی اس بات کرنا فضول ہے کچھ دن گزر جائیں پھر کرتا ہوں۔۔۔طلال نے چائے کا کپ اٹھاتے ہوئے کہا۔۔۔

کیا کر رہی ہو؟؟زوہا نے منہا سے کہا جو کچن میں کھڑی تھی۔۔۔

سوپ بنانے آئی تھی فائز کے لیے نعیمہ ممانی نے کہا ہے۔۔۔منہا نے بتایا۔۔

میں بنا دیتی ہُوں تم جاؤ۔۔۔زوہا نے کہا

لیکن۔۔۔منہا کہتے کہتے رکی۔۔۔۔۔ٹھیک ہے۔۔۔

زوہا سوپ بنا کر فائز کے کمرے میں گئی۔۔۔۔لیکن فائز نے صاف انکار کر دیا تھا پینے۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

فائز مسئلہ کیا ہے؟؟؟مجھ سے بات کیوں نہیں کر رہے سارے گھر والوں سے ہنس ہنس کر باتیں میری طرف دیکھنا بھی گوارہ نہیں ہے؟؟؟زوہا نے فائز کو دیکھتے ہوئے کہا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

مجھے اپنی عادت خراب نہیں کرنی ایک ہفتہ ہے عید میں پھر تم نے ملیشیا چلے جانا بہتر ہے میں اپنی عادت ٹھیک کرلوں۔۔۔۔۔جواب مل گیا نہ؟؟ جاؤ اب۔۔۔فائز نے سنجیدگی سے کہا۔۔۔۔

کیا۔۔۔؟؟؟زوہا کو جیسے جھٹکا لگا وہ زاویار کی وجہ سے اب تک غلط فہمی میں تھا۔۔۔۔

فائز۔۔۔تم پاگل ہو گئے ہو؟؟ میں کیوں جاؤں گی کہیں تمہارا پیچھا تو اب میں کبھی نہیں چھوڑوں گی۔۔۔۔زوہا نے مسکراتے ہوئے کہا جیسے جینے کی وجہ مل گئی ہو۔۔

نکاح والے دن زاویار آیا تھا میرے پاس۔۔۔۔زوہا نے بتانا شروع کیا۔۔۔

پندرہ دن پہلے۔۔۔۔۔✿✌۔۔۔

امی مجھے نکاح نہیں کرنا پلیز میری بات مانیں۔۔۔زاویار ابھی ابھی اپنی ماں سے ریکویسٹ کر رہا تھا زوہا بھی پیچھے کھڑی سن چکی تھی۔۔۔

زوہا تم۔۔۔رضیہ بیگم نے زوہا کو دیکھا۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

جی۔۔خالہ۔۔۔آپ ایسے کیوں زبردستی کر رہی ہیں؟؟

لیکن بیٹا۔۔۔

نہیں خالہ میں ایسے انسان سے شادی نہیں کر سکتی جو مجھ سے شادی ہی نہیں کرنا چاہتا۔۔۔زاویار کو حق ہے اپنی مرضی سے شادی کرنے کا۔۔۔زوہا بولتی ہوئی وہاں سے روانہ ہوئی۔۔۔اور سائرہ بیگم کے پاس گئی۔۔۔

امی مجھے نہیں کرنی یہ شادی۔۔۔زاویار کسی اور میں انٹرسٹیڈ ہیں۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

زوہا ہوش میں تو ہو کیا کہہ رہی ہو؟؟؟

جی امی۔۔۔آپ جا کے پوچھ سکتی ہیں۔۔۔زوہا بولتی ہوئی اپنے روم میں چلی گئی۔۔۔زوہا کی نظریں ہر طرف فائز کو ڈھونڈ رہی تھیں جو کہیں نظر نہیں آ رہا تھا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

سارے لوگ باتیں بنا رہے تھے۔۔ کہ کیسے عین نکاح کے وقت انکار کر دیا۔۔۔ لیکن زوہا کو کسی کی فکر نہیں تھی اُسے اچھے سے پتا تھا اُسکا اس کے گھر والے سب کی آواز بند کروا سکتے ہیں۔۔۔ اُسے صرف اپنے سے جڑے لوگوں کی تھی۔۔ باقی لوگ کیا کہیں گے کبھی نہیں سوچتی تھی۔۔۔

زوہا۔۔۔۔ زاویار نے دروازے پر دستک دی۔۔

ہاں؟؟؟

دیکھو زوہا میں تمہیں یہی بتانے آیا ہوں کے میں نے تم شادی کے لیے منع اسلیئے نہیں کیا کہ میں کسی اور کو پسند کرتا ہوں بلکہ اسلیئے کیا ہے کہ میں اتنے دن فائز کے کمرے میں تھا میری نظر ایک باکس پر پڑی تھی جانتا ہُوں کسی پرسنل چیز تھی۔۔۔ لیکن شاید وہ صحیح سے لوک کرنا بھول گیا تھا تو تمہارے سکیچ دیکھ لیے تھے میں تبھی سمجھ گیا تھا کے فائز کے دل میں تمہارے لیے کیا جذبات ہے۔۔۔ لیکن۔۔۔ پھر میں نے تمہیں لان میں بیٹھا فائز ویڈیو کو مسکراتے ہوئے دیکھ کر محسوس کیا کہ فائز ہی نہیں تم بھی پسند کرتی ہو۔۔۔ لیکن ایسی کیا بات ہے جس وجہ سے تم منع کر رہی ہو نہیں جانتا نہ ہی جاننا چاہتا ہوں۔۔۔۔۔۔ زاویار نے ساری بات زوہا کو بتائی اور باکس اُسے دیا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

کیا فائز؟؟؟ باکس۔۔۔۔زوہا کو ساری باتیں یاد آنے لگی تھیں۔۔۔۔

یہ اتنا شور کیوں ہو رہا ہے؟؟؟ زوہا نے زاویار سے کہا۔۔۔

چلو دیکھتے ھیں۔۔۔۔دونوں ایک ساتھ کمرے سے باہر نکلے۔۔۔۔

✿✿✿ حال۔۔۔۔۔۔

کیا مطلب تمہارا نکاح نہیں ہوا تھا؟؟؟ فائز نے حیرت سے پوچھا۔۔۔

نہیں ہو گیا تھا تبھی تو تمہیں ولیمہ کی دعوت دینے کے لیے کھڑی ہُوں یہاں۔۔۔۔زوہا نے ایک ایک لفظ چبا کر کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

زوہا۔۔۔تم کبھی نہیں بدل سکتیں۔۔۔ویسے اب کب ہے نکاح تمہارا۔۔فائز نے مسکراتے ہوئے کہا۔۔۔

فائز۔۔۔۔زوہا نے دانت پیسے۔۔۔۔

واہ بھئی آج پھر سے کمرے میں رونق لگی ہے۔۔۔منان آنکھ مارتا ہوا کمرے آیا۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ہاں تمھاری کمی تھی آجاؤ۔۔۔فائز نے کہا۔۔۔

پتا ہے آپ دونوں کی لڑائیاں نہیں سنی اتنے دن کتنا بور ہو گیا تھا۔۔۔منان نے اُداس چہرے سے کہا۔۔۔

کیا مطلب تم نے ہمیں لڑاکا کہا۔۔۔۔دونوں نے منان کے کان پکڑے۔۔۔۔۔

اُفف۔۔۔چوہا بلی واپس آگئے ہیں ہوش میں چھوڑو بیچارے کو۔۔۔۔ازامنہا اور طلال بھی فائز کے پاس آئے تھے اور سب دیکھ کر خوش ہو گئے تھے۔۔۔۔آخر اتنے دن کی خاموشی ٹوٹی تھی اب۔۔۔۔

چلو میں جاتا ہوں امی سے بات کرنے اب جلدی ان دونوں کا نکاح کروادیں۔۔۔۔طلال کہتا ہوا نعیمہ بیگم کے پاس گیا۔۔۔

امی جان۔۔۔طلال نے نعیمہ بیگم کے کمرے پر دروازے دستک دی۔۔۔

آجاؤ بیٹا۔۔۔۔

السلام علیکم۔۔۔۔طلال نے سر جھکائے کر سلام لیا۔۔۔

وعلیکم السلام۔۔۔۔نعیمہ بیگم نے طلال کے سر پر ہاتھ رکھا۔۔۔۔

امی میں سوچ رہا تھا فائز اور زوہا کی بھی شادی کر دیں جلدی۔۔۔۔طلال نے کہا۔۔

Posted on Kitab Nagri

نہیں فائز کی شادی میں ہر گز زوہا سے نہیں کرونگی اُسکی وجہ سے یہ سب ہوا اس سب ki زمہ دار صرف وہی ہے۔۔۔نعیمہ بیگم نے خفگی سے کہا۔۔۔

امی جان ؟؟؟یہ کیا کہہ رہی ہیں آپ ؟؟طلال نے حیرت سے اُنہیں دیکھا۔۔وہ ایسی سوچ مالک نہیں تھیں پھر؟؟؟

میں نے کہہ دیانا۔۔۔نعیمہ بیگم نے ایک ایک لفظ چبا کر کہا۔۔

---

اگلے صبح پورے گھر میں شادی کی تیاری زوروشور سے جاری تھیں۔۔۔سب خوش تھے سوائے زوہا اور فائز کے۔۔۔

امی پلیز سمجھیں میں زاویار سے شادی نہیں کرونگی۔۔۔زوہا نے سائرہ بیگم سے کہا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بس میں مزید کچھ نہیں سنوں گی۔۔۔میں کہہ دیانا وہی ہو گا۔۔۔

امی میری بات سمجھیں منہا سے کیسے شادی کر سکتا

ہوں ؟؟؟دوسری طرف فائز نعیمہ بیگم کو سمجھا رہا تھا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

زوہا سے شادی نہیں ہو سکتی۔۔اُسکی وجہ سے اتنا سب ہوا ہے۔۔۔۔۔بہتر ہے چپ کر کے تیاری کرو عید الضحیٰ کو ہو گی تمھاری شادی۔اگر نہیں کی تو میرا مرا منہ دیکھو گے۔۔۔منہا سے۔۔نعیمہ بیگم نے منہا پر زور دیتے ہوئے کہا۔۔۔

افف۔۔۔امی کسی باتیں کر رہی ہیں؟؟؟؟فائز پر پٹختے ہوئے وہاں سے چلا گیا۔۔۔

ازا۔۔۔تم سمجھاؤنا امی کو مجھے وہ ہو گیا ہے۔۔۔زوہا نے ازا کہا۔۔۔

کیا؟؟بخار؟؟؟ازا نے کہا۔۔۔

نہیں۔۔۔۔زوہا نے دانت پیسے۔۔۔

پھر؟؟ملیریا؟؟؟ازا نے اپنی ہنسی ضبط کرتے ہوئی کہا۔۔۔

ازا۔۔۔۔۔یار۔۔۔وہ مجھے نہ۔۔۔چھوڑو کچھ نہیں ہوا لیکن شادی نہیں کروں گی زاویار سے۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کیوں نہیں کرو گی؟؟؟قسم ہے تمہیں میری شادی جس سے میں کہوں گی اسی سے کرو گی۔۔۔سائرہ بیگم نے سنجیدگی سے کہا۔۔۔

لیکن۔۔۔زوہا بول رہی تھی کے سائرہ بیگم چلی گئیں۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

زوہا۔۔۔فائز نے زوہا کو بلایا۔۔۔

ہاں۔۔۔زوہا نے منہ لٹکائے جواب دیا۔۔۔

یہ ہماری ماؤں کو کیا ہوا ہے؟؟؟؟؟؟

پتا نہیں۔۔۔ مما نے اپنی قسم دی ہے مجھے۔۔زوہا نے بتایا۔۔

مجھے بھی۔۔۔فائز نے منہ لٹکائے کہا۔۔۔

یار مجھے لگتا ہے اس بار عید پر جانور کی جگہ گھر والوں ہماری قربانی دینی ہے۔۔۔زوہا نے کہا۔۔۔

تم دونوں کیا کر رہے ہو یہاں۔۔۔؟؟نعیمہ بیگم اور سائرہ بیگم نے دونوں کو ایک ساتھ دیکھ کر کہا۔۔۔

کچھ نہیں۔۔۔

اپنی بیٹی کو سنبھال کر رکھو سائرہ آئندہ مجھے نظر نہیں آئے فائز کے آس پاس۔۔۔۔ نعیمہ بیگم نے غصے سائرہ بیگم سے کہا

Posted on Kitab Nagri

آپ بھی ذرا اپنے بیٹے پر دھیان دیں۔۔۔۔۔سائرہ بیگم نے جواب دیا۔۔۔جبکہ فائز اور زوہا حیرت سے دیکھ رہے تھے جن لوگوں میں اتنا پیار تھا آج ایسے ایک دوسرے سے بات کر رہا ہے تھے اتنے تلخ لہجے میں۔۔۔۔۔

______________$$__________

آج منہا اور زوہا کی شادی تھی منہا بہت خوش تھی لیکن زوہا منہ لٹکائے سب سے التجائیں کر رہی تھی فائز بھی کچھ یہی حال تھا۔۔۔مولوی صاحب انتظار کر رہے تھے۔۔۔

ازا پلیز یار مجھے نہیں کرنی یہ شادی۔۔۔زوہا سب سے التجائیں کر رہی تھی لیکن کوئی نہیں سن رہا تھا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دیکھو زوہا۔سب آچکے ہیں مولوی صاحب انتظار کر رہے ہیں کچھ نہیں ہو سکتا ہے اب جلدی چلو۔۔۔ازا زوہا کو زبردستی اٹھا کے نیچے لے کے گئی۔۔۔

مولوی صاحب نے نکاح کا آغاز کیا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

زوہا بیگ ولد حیدر بیگ کیا آپکو فائز بیگ ولد یوسف سے نکاح حق مہر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مولوی صاحب ابھی بول ہی رہے تھے کہ زوہا نے حیرت سے اُنہیں دیکھا۔۔۔

کیا؟؟؟؟ پھر سے بولیں؟؟؟نام کیا بولا آپنے؟؟؟؟سب زوہا شکل دیکھ رہے اور ازا اپنا ماتھا پیٹ رہی تھی۔۔۔۔

زوہا بیٹھو۔۔۔۔۔فائز ہی کہا ہے۔۔۔

جی۔۔جی۔۔۔ قبول ہے۔۔زوہا نے جلدی سے کہا۔۔۔سب بمشکل اپنی ہنسی ضبط کی۔۔۔

دوسری طرف فائز کا بھی یہی حال تھا جو خوشی کے مارے سب سے خود گلے مل کر مبارک باد لے رہا تھا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

منہا اور زین نکاح بھی ساتھ ہی ہوا۔۔۔سب نے ایک دوسرے مبارک باد دی۔۔۔۔

امی تائی جان آپ لوگوں نے اچھا نہیں کیا اتنا برا مذاق۔۔۔۔زوہا نے مصنوئی خفگی سے کہا۔۔۔فائز نے بھی اُسکی بات پر ہاں میں سر ہلایا۔۔۔

کیا مطلب؟؟مذاق صرف تم دونوں کر سکتے ہو؟؟ہم نہیں۔۔۔۔سب نے قہقہ لگایا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

اس طرح شروع ہوا فائز اور زوہا نیا سفر۔۔۔۔۔

زوہا آئینے کے سامنے کھڑی اپنے آپ دیکھ رہی تھی جو دلہن کے جوڑے میں بے حد حسین لگ رہی تھی۔۔۔

کیا دیکھ رہی ہو؟؟؟ فائز نے پیچھے سے کہا۔۔

دیکھ رہی ہوں۔۔۔اتنی پیاری بیوی مل گی فری میں تمہیں۔۔۔زوہا مسکراتے ہوئے کہا۔۔۔۔

پہلی بات تو یہ ہے کہ فری میں نہیں ملی۔۔۔ایکسیڈینٹ ہوا تھا میرا۔۔۔ویسے کتنا روئی تھیں تم۔۔

ہائے۔۔۔۔اور دوسری بات تم کہاں سے خوبصورت ہو چڑیل نہ ہو تو۔۔۔۔فائز نے دل جلا دینے والی مسکراہٹ سے کہا۔۔۔۔

کوئی نہیں میں کب روئی؟؟؟؟ زوہا نے کہا۔۔۔

بس کرو۔۔ورنہ ثابت کرنے لیے پھر سے ایکسیڈینٹ کروانا۔۔۔۔۔۔

فائز۔۔۔۔شٹ اپ۔ آئندہ مت کہنا۔۔۔زوہا نے آنکھوں میں نمی لیے فائز کو روکا۔۔۔۔

افف۔۔اللہ زوہا۔۔۔نہیں کہہ رہا۔۔۔لیکن موڈ تو ٹھیک کرو۔۔۔تم ہنستی ہوئی مجھے تنگ کرتی ہوئی ہی اچھی لگتی ہو۔۔۔۔فائز نے نرمی سے کہا۔۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ٹھیک ہے یاد رکھنا اب تو ساری زندگی تنگ کرنے کا لائیسنس مل گیا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔زوہا نے شرارت سے کہا۔۔۔

یا اللہ۔۔۔کچھ نہیں ہو گا تمہارا۔۔۔۔۔فائز نے اپنا سر پیٹا۔۔۔

کچھ دیر بعد زوہا فریش ہو کے باہر آئی۔۔۔تو فائز نماز پڑھ رہا تھا۔۔۔۔

اس ٹائم کونسی نماز پڑھ رہے تھے؟؟؟فائز فارغ ہو تو زوہا نے پوچھا۔۔۔

دراصل کافی ٹائم پہلے تم نے ایک دعا کی تھی آج وہ قبول ہوئی تھی تو شکرانے کے نفل ادا کر رہا تھا۔۔۔۔۔۔فائز نے بیڈ پر بیٹھتے ہوئے کہا۔۔۔

دعا؟؟؟میں نے کونسی؟؟؟؟

ارے وہی اللہ مجھے خوفناک سے بیوی دے۔۔۔۔تو بس مل گی۔۔۔یار دعائیں کرتی رہا کرو میرے لیے قبول ہو گئی تمھاری۔۔۔۔فائز نے ہنستے ہوئے کہا۔۔۔۔

فائز۔۔۔دفعہ ہو جاؤ۔۔۔۔۔زوہا نے غصے سے کشن اٹھا کر زوہا کو مارا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

بد تمیز۔۔۔شوہر کو نکاح کے پہلے دن مار رہی ہو شرم تو بلکل نہیں آتی ہو گی۔۔۔۔فائز نے دانت پیسے۔۔۔۔

نہیں۔۔الحمدللہ زیرو پرسنٹ بھی نہیں۔۔نکلو یہاں سے۔۔۔زوہا نے فائز کو دھکا دے کر باہر نکالا۔۔۔۔

زوہا دروازہ کھولو۔۔۔فائز بیچارہ دروازہ بجاتا رہا۔۔۔

---

سات سال بعد۔۔۔✿ ۔۔۔

یااللہ۔۔ازا۔۔میری فائل کہاں ہیں؟؟؟افف ازا کہاں گئی۔۔۔

کیا ہوا طلال۔۔کتنا شور مچا کے رکھا ہوا ہے۔۔۔یہیں ہُوں۔۔۔اور یہ رہی آپکی فائل۔۔۔ازا نے طلال کو فائل دی۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

کیاہوا آنکھوں کو؟؟؟ سوجی سوجی لگ رہی ہیں؟؟؟ طلال نے ازا کی آنکھوں کو دیکھتے ہوئے کہا۔۔

کچھ نہیں۔۔وہ دراصل عمر جہانگیر مر گیانا۔۔ازانے اتنا ہی کہا کہ طلال نے روک دیا۔۔

افف۔۔ازابس بھی کر دو۔۔۔ پچھلے سات سالوں میں سات مرتبہ پڑھ چکی ہو اور پھر روتی ہو۔۔۔۔۔

آپ نہیں سمجھیں گے طلال۔۔۔۔ازانے نفی میں سر ہلاتے ہوئے کہا۔۔۔

ہاں مجھے سمجھنا بھی نہیں ہے۔۔۔پلیز مجھے سخت نفرت ہے اُن چیزوں سے جس کی وجہ سے تم روتی ہو۔۔۔۔طلال نے سنجیدگی سے کہا اتنے سالوں میں وہ بلکل نہیں بدلہ تھا بس اب زیادہ غصّہ کرنا چھوڑ چکا تھا۔۔

طلال نے کپبورڈ کی جانب قدم بڑھائے جیسے ہے اس نے کپبورڈ کھولا سارا سامان اس سر پر گرا۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یااللہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تابش۔۔۔۔۔طلال نے زور سے آواز لگائی۔۔۔۔

چھ سالہ تابش اپنے ننھے قدم بڑھاتے ہوئے آیا۔۔۔

جی۔۔پاپا۔۔۔۔

جی۔۔۔کا بچہ۔۔یہ کیا حرکت ہے؟؟؟؟ طلال نے الماری کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

افف۔۔۔سوری پاپا یہ میں نے نہیں کیا۔۔۔فضّہ نے کیا ہو گا۔۔۔ابھی دیکھتا ہوں اُسے۔۔۔تابش ناک پر غصّہ سجائے۔۔فضّہ کی خبر لینے بھاگا۔۔۔۔

تمہیں کتنی بار کہا ہے میرے کام کے بیچ میں کیوں آتی ہو؟؟؟؟تابش غصے سے بولا تھا۔۔پوری طرح سے طلال کی کاربن کاپی تھا۔۔جو زیادہ مذاق نہ کرتا ہے کسی کو کرنے دیتا جبکہ فضّہ۔۔۔زوہا سے بھی دو ہاتھ آگے تھی۔۔۔

کنی(کتنی)بار کہا ہے۔۔۔؟؟مدے گنی(گنتی)طاری(ساری)نہیں آتی۔۔۔۔چار سالہ فضّہ نے اپنی زبان میں جواب دیا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہاں تو اگر دھیان پڑھنے میں لگاؤ تو آجائے۔بدتمیز۔۔۔تابش غصے سے بولتا ہوا چلا گیا۔۔۔

میں ابھی دا(جاکے)تے بتاتی ہوں پاپا تو(کو)۔۔۔۔فضّہ بھاگتی ہوئی زوہا اور فائز کے پاس جانے لگی۔۔۔

ارے میری گڑیا کہاں جا رہی ہے؟؟؟نعیمہ بیگم نے کہا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

دادی جان۔۔امی تے(کے) پات(پاس)۔۔۔۔فضّہ نے کہا۔۔

اچھا۔۔پہلے ذرا میرا چشمہ لا دو۔۔۔۔

دی(جی)۔۔۔لاتی ہوں۔۔فضّہ بھاگتی ہوئی گئی۔۔۔۔

زوہا مجھے کالی والی دال کھانی تھی یہ کیوں بنائی؟؟؟ مجھے نہیں پتہ ابھی جاؤ اور بنا کر لاؤ ورنہ سائرہ چچی سے شکایت لگاؤنگا۔۔۔۔فائز زوہا سے مخاطب تھا جو ہنوز اپنے کام میں لگی تھی۔۔۔

اور میں نے بھی کہا تھ آج سنڈے ہے باہر چلتے ہیں سنا تھا تم نے؟؟؟؟ نہیں نا کھاؤ۔۔۔۔زوہا نے دانت دکھائے۔۔۔۔

ٹھیک ہے میں جاتا ہوں سائرہ چچی کے پاس۔۔۔۔فائز جانے لگا۔۔۔

اچھا۔۔۔نا۔۔۔جا رہی ہوں۔۔۔زوہا دال کی پلیٹ اٹھا کہ جانے لگی۔۔۔۔

زوہا کچھ دیر بعد واپس آئی فائز اپنے کام میں مصروف تھا۔۔۔

بن گئی؟؟ اتنی جلدی؟؟؟ فائز نے حیرت سے کہا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

ایک کام کرتی ہوں دوبارہ جاتی ہوں بناتی ہُوں اور کل دیتی ہُوں۔۔۔۔۔ٹھیک۔۔۔۔

افف زوہا۔۔ کبھی سیدھی بات مت کرنا۔۔فائز نے دال سے ایک نوالہ لیا۔۔اور زوہا کی طرف دیکھا۔۔۔

زوووہا۔۔۔۔۔یہ کیا حرکت ؟؟؟تم نے اسے ڈال کو جلا کے کالا کیا ہے نہ ؟؟؟؟؟؟؟فائز نے زوہا سے کہا جو اُسے دانت دکھا رہی تھی۔۔۔۔۔

تم کبھی نہیں سدھر سکتیں۔۔۔۔

مما۔۔۔پاپا۔۔۔فضّہ ننھے قدموں سے دونوں کے پاس آئی۔۔۔

کیا ہوا۔۔۔فائز نے فضہ کو گود میں اٹھایا۔۔۔

آپ تیوں (کیوں) ٹیت (چیخ) رہے تھے۔۔؟۔۔تریل (چڑیل) نے پھر توت (کچھ) تیا (کیا) ہے۔۔۔؟؟؟فضّہ نے معصومیت سے کہا۔۔۔

فضّہ۔۔۔ایسے بولتے ہیں ؟؟؟ مما کو ؟؟؟ زوہا نے فضّہ آنکھیں دکھائیں۔۔۔

ایک سیکنڈ۔۔۔ڈانٹو مت میری بیٹی کو۔۔۔

فائز یہ تمھاری ہی وجہ سے بگڑ رہی۔۔۔ہے۔۔۔زوہا نے فائز سے کہا۔۔۔

Posted on Kitab Nagri

بیٹا کوئی کسی کی وجہ سے نہیں بگڑا تم دونوں نے بھی اتنا تنگ کیا تھا ہمیں بچپن سے اب تک۔۔۔اب پتا چلے گا۔۔۔۔نعیمہ بیگم اور سائرہ بیگم سامنے کھڑی تھیں۔

ــــــــــــــــــــــــــــــــــختم شدہــــــــــــــــــــــ ✿

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

samiyach02@gmail.com

Posted on Kitab Nagri

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Page/Social Media Digest

Fb/Pg/Kitab Nagri

samiyach02@gmail.com